★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 28 رمضان المبارک 1446ھ، 29 مارچ 2025ء، 15 چیت 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 151

دہشتگردی کیخلاف وفاقی، عسکری و صوبائی قیادت کی بڑی بیٹھک میں اہم فیصلے

وزیرِ اعظم ہاؤس میں اجلاس، عسکری و سول قیادت، چاروں صوبوں بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے بھی نمائندے شریک ہوئے، نیشنل ایکشن پلان کے تحت قومی بیانیے کو مضبوط کرنے پر اتفاق کرلیا گیا

جعفر ایکسپریس کے حملہ آوروں کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے جبکہ روایتی اور ڈیجیٹل میڈیا پر ملک دشمن مہم کا منہ توڑ جواب دیا جائے، اجلاس میں فیصلہ کرلیا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) دہشتگردی کے خلاف حکومت کے واضح اور دوٹوک مقف پر وزیرِ اعظم کی زیرِ صدارت وفاقی اور صوبائی قیادت کی بڑی بیٹھک میں اہم فیصلے کرلیے گئے۔ وزیرِ اعظم ہاؤس میں اجلاس، عسکری وسول قیادت، چاروں صوبوں بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے بھی نمائندے شریک ہوئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جعفر ایکسپریس کے حملہ آوروں کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے جبکہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کررہی ہیں، معاون خصوصی سلمیٰ بٹ بھی ہمراہ ہیں

بلوچستان کی صورتحال پر نام نہاد یوٹیوبرز اور ماہرنگ لانگو خاموش ہیں: عظمیٰ بخاری

ہم صوبوں کی لڑائی نہیں چاہتے، پنجابی مزدور کارڈ دیکھ کر مارے جارہے ہیں، وزیر اطلاعات

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بلوچستان یا دوسرے صوبوں میں دراندازی کرنے والے دہشتگرد باہر سے آپریٹ ہورہے ہیں، یہ بلوچستان اور پنجاب کی جنگ نہیں بلکہ پاکستان کی سلامتی کی جنگ ہے۔ ہم صوبوں کی لڑائی نہیں چاہتے مگر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا چیئرمین پی اینڈ ڈی نبیل اعوان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے چیئرمین پی اینڈ ڈی نبیل اعوان کی والدہ محترمہ کے انتقال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

باہمی اتحاد ہی سے ملک کو مشکلات کی دلدل سے نکالا جاسکتا ہے، چوہدری شجاعت

ملک کو دہشتگردی سمیت دیگر چیلنجز کا سامنا ہے، اتحاد کی جتنی آج ضرورت ہے شاید پہلے کبھی نہ ہو، سابق وزیر اعظم سے چیئرمین رویت ہلال کمیٹی عبدالخبیر آزاد کی ملاقات

دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے سب کو مل کر آگے بڑھنا ہے، ملک کو دہشتگردی اور انتہا پسندی سے نجات دلانے کیلئے علماء اور مشائخ کو کلیدی کردار ادا کرنا ہے

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعظم و پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ ملک کو دہشتگردی سمیت دیگر چیلنجز کا سامنا ہے، باہمی اتحاد کی قوت سے ہی ملک کو مشکلات کی دلدل سے نکالا جاسکتا ہے، اتحاد کی جتنی آج ضرورت ہے شاید پہلے کبھی نہ ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد سے اپنی رہائشگاہ پر ملاقات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

وزیر اعلیٰ کا ایڈز کے رسک پر موجود پاپولیشن کے بچاؤ کیلئے مؤثر اور ٹھوس اقدامات کا حکم

مریم نواز شریف کی ایڈز کے پھیلاؤ کے اسباب اور ذمہ داروں کا تعین کرنے اور بچوں کے مکمل فری علاج کی ہدایت، سدباب کیلئے آپریشنل پلان طلب

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس، تحصیل تونسہ کے علاقے میں مبینہ طور پر ایڈز پھیلنے کے اسباب کا جائزہ، طبی مراکز میں ایڈز کے علاج کیلئے خصوصی مراکز قائم

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایڈز کے رسک پر موجود پاپولیشن کے بچاؤ کے لئے مؤثر اور ٹھوس اقدامات کا حکم دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں تحصیل تونسہ کے علاقے میں مبینہ طور پر ایڈز پھیلنے کے اسباب کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تحصیل تونسہ میں ایڈز کے سدباب کے لئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

قومی مفادات قربان کرنے کی سوچ پاکستان سے بیوفائی ہے، شہباز شریف

زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد کا فرض ہے کہ وہ آگے بڑھ کر پاکستان کے معاشی، معاشرتی اور دہشت گردی کے مسائل حل کرنے کے لیے کردار ادا کریں، رب ذوالجلال کا احسان پاکستان تقریب سے خطاب

ملک پاکستان کے لیے ہم نے قربانیاں دیں آج وہاں پر ترقی اور خوش حالی کے مناظر کے بجائے تفریق ہے اور اپنے اپنے خوابوں کی تعبیر کے لیے ملکی استحکام، عزت اور وقار کو داؤ پر لگایا جارہا ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے دہشت گردی، معاشی مسائل اور ملک کے اندر موجود تفریق کے خاتمے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ذاتی خواہشات کے لیے قومی مفاد قربان کرنے کی سوچ قربانیوں سے بے وفائی ہے۔ اسلام آباد میں رب ذوالجلال کا احسان پاکستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

YOUTH - FUTURE OI
پاکستان کا روشن مستقبل

اسلام آباد: وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف رب ذوالجلال کا احسان کے نام سے تقریب میں خطاب کررہے ہیں

آئی ایم ایف نے پاکستان کو 1.3 ارب ڈالر ملنے کی تصدیق کردی

پاکستان کو ایکسٹنڈڈ فنڈ فیسلیٹی پروگرام میں 7 ارب ڈالرز اقساط میں ملنے ہیں، جولی کوزیک

اسلام آباد (آن لائن) آئی ایم ایف نے پاکستان کے لیے 7 ارب ڈالر کے ای ایف ایف معاہدے کی منظوری دے دی ہے۔ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ نے 25 ستمبر 2024 کو پاکستان کے لیے 37 ماہ پر مشتمل ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلیٹی (ای ایف ایف) معاہدہ منظور کیا جس کی مالیت 7 ارب ڈالر ہے۔ اس معاہدے کے تحت پاکستان کو پہلے جائزے پر 25 مارچ 2025 کو عملدرآمد کی سطح پر ایک معاہدہ حاصل ہوا۔

جمہوریہ کانگو کے تنازعہ کا حل مذاکرات میں ہے، پاکستان

یہ واضح ہے کہ اس تنازعہ کا کوئی فوجی حل نہیں ہے، پاکستانی مندوب کا خطاب

اقوام متحدہ (این این آئی) پاکستان نے کہا ہے کہ جمہوریہ کانگو تنازعے کا حل فوج نہیں بلکہ مذاکرات میں ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندے عاصم افتخار احمد نے سلامتی کونسل کی گزشتہ ماہ کی قرارداد پر مکمل طور پر عمل درآمد کرنے کا مطالبہ کیا۔ جس جمہوریہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

لاہور ہائیکورٹ اور ضلعی عدلیہ کے ججز کیلئے ہیلتھ انشورنس سہولت کا آغاز

لاہور (یو این پی) لاہور ہائیکورٹ اور ضلعی عدلیہ کے ججز کیلئے ہیلتھ انشورنس سہولت کا آغاز ہوگیا۔ چیف جسٹس لاہور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

زیادتی کے واقعات شرمناک، قطعاً قابل قبول نہیں، مریم نواز شریف

مریم نواز کی ملزم علی شیر کے دو ساتھیوں کی جلد گرفتاری اور واقعہ کے ذمہ دار ملزم کے خلاف سخت سزا یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے حکم پر فیصل آباد میں ڈکیتی کے دوران اجتماعی زیادتی کے ملزم کو چند گھنٹے میں گرفتار کرلیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کامیاب کارروائی پر پولیس کی ٹیم کو شاباش دی اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف لمحہ لمحہ ملزم کی گرفتاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

لاہور: عیدالفطر کے موقع پر اپنے پیاروں سے ملنے کیلئے پردیسی اپنے علاقوں کو واپس جارہے ہیں

لاہور: سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین سے مولانا عبدالخبیر آزاد ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ، 17 روز بعد جعفر ایکسپریس 400 مسافروں کو لیکر روانہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ سے جعفر ایکسپریس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

مرکزی مسلم لیگ کراچی کی جانب سے شہدائے غزہ کی غائبانہ نماز جنازہ ادا

کراچی (این این آئی) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے شہدائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

وفاقی حکومت کا بجلی صارفین کو مزید ریلیف دینے کیلئے نیپرا سے رجوع

سبسڈی سے متعلق سماعت آئندہ جمعہ کو ہوگی، اپریل سے جون تک 3 ماہ کیلئے سبسڈی میں اضافہ کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے بجلی صارفین کو مزید ریلیف دینے کیلئے ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی بڑھانے کیلئے نیپرا سے رجوع کر لیا۔ نیپرا میں سبسڈی سے متعلق سماعت 4 اپریل کو ہوگی، اپریل سے جون تک 3 ماہ کیلئے سبسڈی میں اضافہ کیا جائے گا۔ ڈسکوز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے مینارٹی ایڈوائزری کونسل تشکیل دیدی گئی

رمیش سنگھ اروڑہ چیئرمین مقرر، عاقب عالم مینارٹی ایڈوائزری کونسل پنجاب کے کنوینر مقرر

لاہور (این این آئی) اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے پنجاب حکومت نے مینارٹی ایڈوائزری کونسل تشکیل دیدی۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

بجٹ 2025-26، ٹیکس محصولات کا ہدف 15 ہزار 270 ارب روپے مقرر

وزارت خزانہ نے ایف بی آر کی ٹیکس وصولیوں میں بڑے اضافے کا تخمینہ لگایا ہے

اسلام آباد (این این آئی) نئے مالی سال 2025-26 کیلئے بجٹ سازی کا عمل حتمی مرحلے میں داخل ہوگیا جس میں بجٹ اہداف کا تعین جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

لاہور: شاہ عالم چوک میں رش کا منظر

ٹیکساس: 23 مارچ کو یوم پاکستان کے طور پر تسلیم کرنے کی قرارداد منظور

پاکستانی نژاد امریکی کمیونٹی کی ریاست ٹیکساس میں سماجی، مذہبی، لسانی اور معاشی خدمات کا بھی اعتراف

ٹیکساس (این این آئی) امریکی ریاست ٹیکساس میں 23 مارچ کو یوم پاکستان کے طور پر تسلیم کرنے کی قرارداد منظور کرلی گئی جس میں پاکستانی نژاد امریکی کمیونٹی کی ریاست ٹیکساس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

وائٹ ہاؤس میں افطار ڈنر، ٹرمپ مسلم ووٹرز کے شکر گزار

ہم سب پوری دنیا میں امن چاہتے ہیں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا خطاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ، یمن تنازعات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

وزیر سوشل ویلفیئر بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ٹرمپ کا امریکی مسلمانوں کے بغیر افطار ڈنر متنازع بن گیا، وائٹ ہاؤس کے باہر مظاہرہ

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس میں ڈونلڈ ٹرمپ کے دوسری بار امریکی صدر منتخب ہونے کے بعد پہلا افطار ڈنر متنازع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

پیکٹا کا بورڈ آف گورنرز چوٹی کے ماہرین تعلیم پر مشتمل ہے، رانا سکندر حیات

نصاب، تربیت اور امتحانات کو ایک مربوط نظام میں ڈھال کر تعلیم میں نئی جہتوں کی بنیاد رکھ دی، وزیر تعلیم

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی زیر صدارت پنجاب ایجوکیشن، کریکلم، ٹریننگ اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی کے بورڈ آف گورنرز کا پہلا اجلاس منعقد ہوا جس میں پیکٹا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

پختونخوا، معمولی نوعیت کے مقدمات میں قید 214 ملزمان جیلوں سے رہا

سیشن ججز نے جیلوں کے دورے کے دوران کیسز سن کر موقع پر فیصلہ جاری کیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کی مختلف جیلوں میں معمولی نوعیت کے مقدمات میں قید 214 ملزمان کو رہا کردیا گیا۔ چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

پاکستان نے چین کا ایک ارب ڈالر کا کمرشل قرض واپس کردیا

زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر عارضی طور پر 54 کروڑ ڈالر کم ہوکر 6 ماہ کی کم ترین سطح 10.6 ارب ڈالر پر آگئے

سرکاری حکام کے مطابق اسٹاف لیول معاہدے کے باوجود مئی جون تک آئی ایم ایف کی قسط ملنے کی امید نہیں، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے چین کا ایک ارب ڈالر کا کمرشل قرض واپس کردیا جس سے زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر عارضی طور پر 54 کروڑ ڈالر کم ہوکر 6 ماہ کی کم ترین سطح 10.6 ارب ڈالر پر آگئے۔ سرکاری حکام کے مطابق پاکستان نے انڈسٹریل اینڈ کمرشل بینک آف چائنہ (آئی سی بی سی) کا یہ قرضہ اس ماہ کے پہلے اور تیسرے ہفتے 2 مساوی قسطوں میں ادا کیا ہے۔ آئی سی بی سی نے پاکستان کو یہ قرضہ تقریباً 7.5 فیصد کی فلوٹنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی بڑھانے کیلئے نیپرا میں درخواست

نیپرا میں سبسڈی سے متعلق درخواست پر سماعت 4 اپریل کو ہوگی

لاہور (این این آئی) حکومت نے بجلی صارفین کو مزید ریلیف دینے کے لیے ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی بڑھانے کے لیے نیپرا سے رجوع کرلیا۔ نیپرا میں سبسڈی سے متعلق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

لاہور: وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ دھماکا، 11 زیر علاج زخمی ہسپتال سے ڈسچارج

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے ڈبل روڈ پر گزشتہ روز کے بم دھماکے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پنجاب یونیورسٹی جامع مسجد میں نماز عید 7 بجے ادا کی جائے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی جامع مسجد قائداعظم (نیو) کیمپس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

281 سینئر رجسٹرارز، سینئر میڈیکل افسران کی تعیناتی کے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

وزیر اعلیٰ سندھ نے چولستان کینالز کی کھل کر مخالفت کردی

سندھ میں اپوزیشن ہو یا پھر پاکستان پیپلز پارٹی سب اس کے خلاف احتجاج کررہے ہیں، مراد علی شاہ کا نجی ٹی وی کو انٹرویو

چولستان کینال کا پہلی بار منصوبہ نہیں بن رہا ہے یا کوئی پروپوزل آرہا ہے بلکہ یہ آج سے ڈیڑھ سو سال پہلے 1919 میں منصوبہ بنا تھا

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے چولستان کینالز کی کھل کر مخالفت کردی۔ انھوں نے کہا کہ چولستان کینال کا پہلی بار منصوبہ نہیں بن رہا ہے یا کوئی پروپوزل آرہا ہے بلکہ یہ آج سے ڈیڑھ سو سال پہلے 1919 میں انگریزوں کے زمانے میں جب یہ مختلف برانچز بن رہے تھے اس وقت بھی یہ چولستان کے علاقے کو آباد کرنے کے لیے ایک منصوبہ بنا تھا، اس وقت کی برٹش گورنمنٹ نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور: المصطفیٰ ویلفیئر کے دسترخوان پر شہری افطاری کررہے ہیں

لاہور: وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین تاریخی بادشاہی مسجد میں نماز تراویح میں قرآن سنانے والے قراء میں انعامات تقسیم کررہے ہیں

بجلی نرخوں میں کمی کا اعلان جلد متوقع ہے، وزیر خزانہ

رئیل اسٹیٹ، زراعت کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے گا، حکومت ملکی برآمدات کو بڑھانے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، انٹرویو

اس سال کے دوران شرح سود میں مزید کمی متوقع ہے اور شرح سود میں کمی سے اقتصادی ترقی کے لیے حالات مزید بہتر ہوں گے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عنقریب بجلی کے نرخوں میں کمی کا اعلان کریں گے جس سے ملکی صنعت کو مزید فروغ ملے گا انہوں نے کہا کہ رئیل اسٹیٹ، زراعت اور ریٹیل سیکٹرز کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے گا تاکہ تنخواہ دار طبقے اور مینوفیکچرنگ کے شعبے کو ریلیف دیا جاسکے اس خیالات کا اظہار انہوں نے چین کے باؤ فورم کے دوران عالمی اشاعتی و نشریاتی جریدے بلوم برگ کو انٹرویو دیتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

مسلم تنظیموں کی طرف سے آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ کی افطار پارٹی کا بائیکاٹ

نئی دلی (این این آئی) بھارت میں مسلم تنظیموں نے متنازعہ وقف ترمیمی بل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

متنازعہ وقف ترمیمی بل پر بہار اسمبلی میں شدید ہنگامہ آرائی

پٹنہ (این این آئی) بھارتی ریاست بہار اسمبلی میں متنازعہ وقف ترمیمی بل پر حزب اختلاف کے ارکان احتجاج کے بعد ایوان میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

مقبوضہ کشمیر، اتحاد المسلمین کے خلاف مقدمہ درج

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی پولیس نے کالعدم قرار دی گئی آزادی پسند تنظیم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

غیر معیاری بیج فراہم کرنے والی 392 کمپنیوں کو بند کرنے کے احکامات

خوش آئند ہیں، علی ارشد رانا

لاہور (این این آئی) مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن علی ارشد رانا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کی ہدایات پر غیر معیاری بیج فراہم کرنے والی 392 کمپنیوں کو فوری بند کرنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

علی امین فضل الرحمان کے خلاف ہرزہ سرائی کررہے ہیں، جے یو آئی

علی امین تحریک انصاف کے گورباچوف ہیں، پی ٹی آئی کو بیرونی نہیں اندرونی سازشوں سے خطرہ ہے

پشاور (یو این پی) جے یو آئی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور عمران خان کی واضح ہدایات کے باوجود مولانا فضل الرحمان کے خلاف ہرزہ سرائی کررہے ہیں اس عمل سے حکومت اور غیر جمہوری قوتوں کو فائدہ ہوگا۔ اپنے بیان میں ترجمان جے یو آئی نے کہا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

لاہور: چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم سینئر جج جسٹس شجاعت کو ہیلتھ انشورنس کارڈ دے رہی ہیں

یوکرین میں جنگ روس نے شروع نہیں کی تھی، پیوٹن

روس یوکرین کے تنازع کے پرامن حل کی حمایت کرتا ہے، روسی صدر

مرمانسک (این این آئی) روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن نے کہا ہے کہ یوکرین میں جنگ روس نے شروع نہیں کی تھی۔ عرب ٹی وی کے مطابق روسی بحریہ کی یاسین-ایم کلاس) پروجیکٹ (885M کی ارخان گیلسک جوہری آبدوز پر تعینات فوجیوں کے ساتھ ملاقات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

لاہور: وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

جمعۃ الوداع پر مساجد، امام بارگاہوں سمیت صوبہ بھر کی سکیورٹی بڑھائی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر جمعۃ الوداع کے موقع پر پنجاب پولیس نے مساجد، امام بارگاہوں اور عبادت گذاروں کو ہائی الرٹ ہو کر سکیورٹی فراہم کی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ جمعۃ الوداع پر مساجد، امام بارگاہوں اور مذہبی مقامات سمیت صوبہ بھر کی سکیورٹی بڑھا دی جائے۔ مساجد، امام بارگاہوں، مذہبی مقامات کی سکیورٹی پر 75 ہزار سے زائد پولیس افسران، اہلکار، کمیونٹی رضا کار تعینات کیے گئے۔ لاہور سمیت صوبہ بھر کی تمام 36 ہزار سے زائد مساجد، 2267 امام بارگاہوں اور 600 کے قریب اقلیتی عبادت گاہوں کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی جا رہی ہے۔ شہریوں کے تعاون سے رمضان المبارک کا پرامن انعقاد یقینی بنایا گیا۔ حساس مساجد، امام بارگاہوں پر چیکنگ کے لئے 200 سے زائد واک تھرو گیٹ اور 14 ہزار سے زائد میٹل ڈیٹیکٹرز استعمال کیے گئے۔ آئی جی پنجاب نے افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ مساجد، عبادت گاہوں اور مذہبی مقامات کے اطراف میں سرچ آپریشنز اور پٹرولنگ بڑھا دی جائے۔ ڈولفن سکواڈ، پیرو، ایلیٹ ٹیمیں مساجد، عبادت گاہوں اور مارکیٹوں کے گرد موثر پٹرولنگ کریں۔ سیف سٹی کیمروں کی مدد سے تمام سرگرمیوں کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ آر پی اوز، ڈی پی اوز اپنے علاقے کی امن و مساجد کمیٹیوں کے ارکان اور منتظمین سے رابطے میں رہیں۔ علمائے کرام، مشائخ عظام ممبر و محراب سے بین المذاہب ہم آہنگی، بھائی چارے اور امن کا پرچار کریں۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی سربراہی میں ٹریفک وارڈنز کی محکمانہ ترقیوں کا سفر جاری ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی سربراہی میں ٹریفک وارڈنز کی محکمانہ ترقیوں کا سفر جاری ہے، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کی خصوصی کاوشوں سے 75 ٹریفک وارڈنز کو سینئر ٹریفک وارڈنز کے عہدے پر ترقی دیدی گئی۔ ترقی پانے والوں میں لاہور کے 44، ملتان کے 10، راولپنڈی کے 4، گجرانوالہ کے 8 اور فیصل آباد کے 9 ٹریفک وارڈنز شامل ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے اگلے عہدے پر ترقی پانیوالے افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ پولیس کی مثبت شناخت قائم کرنیوالے افسران ہی محکمہ کا اصل سرمایہ ہیں، آپکی محنت اور فرائض کی بہترین ادائیگی کے عوض آپکو اگلے عہدے پر ترقی دی گئی ہے، اپنے فرائض کو ایک نئے جوش و جذبہ کیساتھ خدمت خلق کے جذبہ کے تحت سرانجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ میرٹ اور سنیارٹی کے مطابق محکمانہ ترقی ہر افسر و اہلکار کا بنیادی حق ہے، محکمہ پولیس میں ترقی بہترین کارکردگی اور اچھے ریکارڈ سے مشروط ہے، محکمانہ ترقی ملنے کیساتھ آپکی ذمہ داریوں میں مزید اضافہ ہو گیا ہے، اپنی محنت، ایمانداری اور بہترین صلاحیتوں سے عوام الناس کیلئے مزید آسانیال پیدا کریں۔

چیئرمین بورڈ ملک بلال ذوالفقار کھوکھر کی زیر صدارت ایل ڈبلیو ایم سی ہیڈ آفس میں سالانہ جنرل میٹنگ کا انعقاد کیا گیا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر تمام ورکرز کو عید الفطر کی تنخواہ اور عید بونس بروقت ادا کر دیا گیا۔ ملک بلال ذوالفقار کھوکھر

لاہور (چیف رپورٹر شہباز احمد بھٹی سے) چیئرمین بورڈ ملک بلال ذوالفقار کھوکھر لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی زیر صدارت ایل ڈبلیو ایم سی ہیڈ آفس میں سالانہ جنرل اجلاس منعقد ہوا جس میں چیئرمین بورڈ ملک بلال ذوالفقار کھوکھر، سی ای او بابر صاحب دین سمیت دیگر بورڈ ممبران نے ایل ڈبلیو ایم سی کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ خصوصاً ستھرا پنجاب مہم میں نمایاں کارکردگی پر ایل ڈبلیو ایم سی انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی گئی۔ اہم اجلاس میں عید الفطر صفائی پلان کا جائزہ بھی لیا گیا۔ چیئرمین ایل ڈبلیو ایم سی ملک بلال ذوالفقار کھوکھر کا کہنا ہے کہ شہریوں کو عید الفطر پر صاف اور خوشگوار ماحول کی فراہمی کیلئے ایل ڈبلیو ایم سی انتظامیہ پر عزم ہے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر تمام ورکرز کو عید الفطر کی تنخواہ 26 مارچ سے قبل ادا کی گئی جبکہ ایل ڈبلیو ایم سی انتظامیہ کی جانب سے فیلڈ سٹاف ورکرز، سینٹری سپر وائزرز، ڈرائیورز اور ہیلپرز کو اضافی عید بونس کی ادائیگی بھی کر دی گئی ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ اس اہم تہوار کے موقع پر ایل ڈبلیو ایم سی سے بھرپور تعاون کریں۔ شہر میں صفائی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے کوڑا ہمیشہ کوڑے دان میں ڈالیں۔ صفائی سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کی ہیلپ لائن 1139 پر رابطہ کریں یا سوشل میڈیا کا استعمال کریں۔

CLEAN LAHORE
Lahore Waste Management Company

وزیر تعلیم رانا سکندر حیات چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کے ہمراہ ''پیکٹا'' کے بورڈ آف گورنرز کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تعلیم، تدریس، ٹریننگ کے معیار کی بہتری کیلئے تین اداروں کا انضمام، پیکٹا فعال کر دی گئی

وزیر تعلیم کی زیر صدارت پیکٹا کے بورڈ آف گورنرز کا پہلا اجلاس

امور کی بہتر انجام دہی کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل، تعلیم میں نئی جہتوں کی بنیاد رکھ دی: وزیر تعلیم

پیکٹا کی تشکیل سے تعلیم، تدریس اور ٹریننگ کے معیار میں بہتری آئے گی: رانا سکندر حیات

لاہور (خبرنگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی زیر صدارت پنجاب ایجوکیشن، کریکلم، ٹریننگ اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی (پیکٹا) کے بورڈ آف گورنرز کا پہلا اجلاس منعقد ہوا جس میں پیکٹا کے قیام کے بعد فعال کردار کے حوالے سے متعلقہ امور پر سیر حاصل مشاورت کی گئی۔ چیف ایگزیکٹو پیکٹا ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے اجلاس کو ورکنگ پر مفصل بریفنگ دی۔ اجلاس میں پیکٹا ہیڈ کوارٹر، آرگینوگرام اور ذیلی شعبہ جات کے قیام کی منظوری دی گئی اور نئی قائم شدہ اتھارٹی کے تحت پیکٹا کے مختلف امور کو بہتر انداز میں چلانے کیلئے کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئیں۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ پیکٹا کا بورڈ آف گورنرز چوٹی کے ماہرین تعلیم پر مشتمل ہے جن کی راہنمائی میں نصاب، تربیت اور امتحانات کو ایک مربوط نظام میں ڈھال کر تعلیم میں نئی جہتوں کی بنیاد رکھ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کریکلم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، پنجاب ایگزامینیشن کمیشن اور قائداعظم اکیڈمی فار ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ کو آپس میں انضمام کر کے پیکٹا تشکیل دی گئی ہے جس سے تعلیم، تدریس اور ٹریننگ کے معیار میں بھی بہتری آئے گی اور نصاب، تحقیق اور جدید تقاضوں کے مطابق اساتذہ کی تربیت میں مدد ملے گی۔ وزیر تعلیم نے محکمانہ اجلاس ہر ممکن حد تک پیپر لیس کرنے اور میٹرک ٹیک کی موثر تدریس کیلئے اساتذہ کی ٹریننگ کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں میٹرک ٹیک، جماعت نہم کیلئے نئے نصاب کے مطابق تیار کردہ فیشن ڈیزائننگ، کمیونیکیشن سکلز اینڈ پرسنل گرومنگ، ایگری کلچر سائنس اور انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کی کتب کے علاوہ اساتذہ کی استعداد بڑھانے کیلئے مختلف تربیتی کورسز کی بھی منظوری دی گئی۔ رانا سکندر حیات نے اس امید کا بھی اظہار کیا کہ پیکٹا کے قیام کے بعد آئندہ ہر تعلیمی سیشن میں کتب کی بروقت پرنٹنگ و ترسیل یقینی بنائی جائے گی۔ پنجاب ایجوکیشن، کریکلم، ٹریننگ اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی (پیکٹا) کے بورڈ آف گورنرز کے اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے تعلیم اور وائس چیئرپرسن پیکٹا نوشین عدنان، سیکرٹری سکولز ایجوکیشن خالد نذیر وٹو، سی ای او پیکٹا ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم، ایم پی ایز اسامہ فضل، عاصمہ ناز عباسی، شکیلہ جاوید کے علاوہ ماہرین تعلیم ڈاکٹر فیصل باری، سرمد یوسف، شہزاد رائے، عنبرین عجائب، معیز نذیر اور دیگر متعلقہ محکموں کے سربراہان و نمائندگان نے شرکت کی۔

ملک بھر میں 8.22 ملین بچوں کے اسکول نہ جانا باعث تشویش ہے: پروفیسر عطاء اللہ غلزئی

حکومت و متعلقہ ادارے سے ہر بچے کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں: مسلم ٹیچرز فورم

لاہور (خبر نگار) ملک بھر میں 8.22 ملین بچوں کے اسکول نہ جانے پر مسلم ٹیچرز فورم کے چیئرمین پروفیسر عطاء اللہ غلزئی نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے تاکہ ہر بچے کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا جا سکے۔ مسلم ٹیچرز فورم کے چیئرمین پروفیسر عطاء اللہ غلزئی نے میڈیا رپورٹس کے مطابق تین کروڑ کے قریب بچے تعلیم کے بنیادی حق سے محروم ہونے پر تشویشناک اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ مسلم ٹیچرز فورم نے اس سنگین مسئلے پر حکومت اور متعلقہ اداروں سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے تاکہ ہر بچے کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور اس سے محرومی نہ صرف ان بچوں کے مستقبل کے لیے نقصان دہ ہے بلکہ ملک کی ترقی میں بھی رکاوٹ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم کا نہ ہونا غربت، بیروزگاری، اور جرائم میں اضافے کا سبب بنتا ہے، جس سے معاشرہ مجموعی طور پر متاثر ہوتا ہے۔ انہوں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ اسکولوں میں بنیادی سہولیات فراہم کرے، تعلیمی اخراجات میں کمی لائے اور والدین میں شعور بیدار کرے تاکہ زیادہ سے زیادہ بچے اسکولوں کا رخ کریں۔ مسلم ٹیچرز فورم نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اس قومی مسئلے کو سنجیدگی سے لیں اور تعلیم کے فروغ کے لیے ہر ممکن کردار ادا کریں۔ ایک تعلیم یافتہ معاشرہ ہی ترقی کی بنیاد ہے، اور اگر ہم اپنے بچوں کو تعلیم سے محروم رکھیں گے تو ہم اپنی آنے والی نسلوں کے ساتھ ناانصافی کریں گے اور اللہ کے ہاں بھی جواب دہ ہوں گے۔

مریم نواز شریف صاحبہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا لاہور اور پنجاب میں کلین مشن

سینئر صحافی شہباز احمد بھٹی کی نشاندہی پر LWMC کے جی ایم محمد راشد ظہور، اور۔ پی آر او عمر چوہدری کا نوٹس یوسی 145 قلندر پورہ کے تین نمبر بازار کو نیڈ اینڈ کلین کر دیا گیا

لاہور (چیف رپورٹر سے) تفصیلات کے مطابق عزیز بھٹی زون یوسی 145 قلندر پورہ کا تین نمبر بازار جو کہ کئی مہینوں سے کوڑے اور گندگی سے بھرا ہوا تھا اور اس بازار کے حوالے سے متعلقہ زیڈ او۔ اور سپر وائزر نے آنکھیں بند کی ہوئی تھیں جنھیں بیدار کرنا بہت ضروری تھا تو اس کام کے لیے سینئر صحافی شہباز احمد بھٹی نے ایل ڈبلیو ایم سی کے جی ایم آپریشن محمد راشد ظہور اور پی آر او عمر چوہدری سے رابطہ کیا اور شکائت کی جس پر انہوں نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ذمہ داران سے باز پرس کی اور فوری طور پر قلندر پورہ بازار نمبر 3 میں ورکر لگوا کر بازار کو نیڈ اینڈ کلین کروا دیا جس پر اہل علاقہ نے انکا شکریہ ادا کیا۔ اور جی ایم آپریشن راشد ظہور اور پی آر او عمر چوہدری نے اس بات کا عزم کیا کہ مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور میں کلین مشن جاری رہے گا۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

امت مسلمہ کو اس اسرائیلی غنڈا گردی کا منہ توڑ جواب دینے کی ضرورت ہے: پروفیسر محمد حنیف میاں

ہر پاکستانی اور ہر مسلمان کو اسرائیل کی سہولت کار کمپنیوں کا مکمل بائیکاٹ جاری رکھنا چاہیے: ڈاکٹر عبداللہ عائش

لاہور (صابر غوری سے) آج لاہور پریس کلب کے سامنے صوت الغزہ فورم کے زیر اہتمام لاہور جنرل ہسپتال کے پروفیسر اف ارتھوپیڈکس ڈاکٹر محمد حنیف میاں کی زیر سرپرستی ایک پرامن فلسطین ریلی کا انعقاد کیا گیا اس کا مقصد فلسطین سے اظہار یکجہتی کرنا تھا۔ اس ریلی میں ڈاکٹرز، نرسز، پیرا میڈیکل سٹاف اور سول کمیونٹی کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کی قیادت کرتے ہوئے پروفیسر محمد حنیف صاحب کا کہنا تھا کہ اسرائیل کے ہاتھوں معصوم فلسطینیوں کی نسل کشی ایک نہایت قابل مذمت عمل ہے۔ اسرائیل نے سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اخلاقی گراوٹ کی مثال قائم کر دی ہے بدقسمتی سے انسانیت کی علمبردار تنظیمیں اس میں کوئی بھی فعال کردار ادا کرنے مکمل ناکام نظر اتی ہیں۔ بلکہ ایسا گمان ہوتا ہے کہ اس اخلاقی گراوٹ اور انسانیت سوز دہشت گردی کے پیچھے انہی کی پشت پناہی ہے معصوم فلسطینیوں کو غذا، ادویات، پینے کا صاف پانی اور دیگر ضروریات زندگی سے مسلسل محروم رکھا جا رہا ہے۔ اس ماہ مقدس میں معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں نہتے فلسطینیوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ہسپتالوں، گھروں، صحافیوں، فلاحی کارکنان اور میڈیکل کمیونٹی مسلسل نشانے پر ہے۔ ہزاروں فلسطینیوں کو پہلے ہی شہید اور لاکھوں کو زخمی کیا جا چکا ہے جن میں بڑی تعداد معصوم بچوں اور خواتین کی ہے۔ اسرائیلی فوجی ہماری فلسطینی بہنوں کو جنسی درندگی کا نشانہ بنا رہے ہیں اور قتل کر رہے ہیں۔ اور امت مسلمہ ہے کہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ میں امت مسلمہ سے بالعموم اور حکومت پاکستان سے بالخصوص یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ فلسطین کی مدد کے لیے فعال کردار ادا کرنے کے لیے سامنے ائے۔ اس ماہ مقدس میں تقریبا سوا چار لاکھ روپے اپنے فلسطینی بھائیوں کی مدد کے لیے الخذمت کے پلیٹ فارم سے فلسطین بھجوائے گئے تاکہ ان کی بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی میں اسانی پیدا کی جا سکے ڈاکٹر محمد اصف کا کہنا تھا کہ مسلم امت مسلمہ کی مثال ایک جسم کی مانند ہے جس کے اگر ایک حصے کو بھی تکلیف ہو تو سارا جسم درد محسوس کرتا ہے۔ ہم اپنے فلسطینی بھائیوں کی مدد کے لیے اخر کب سامنے ائیں گے اور کب ہم اپنی چپ کا روزہ توڑیں گے ڈاکٹر عبداللہ عائش کا کہنا تھا کہ ہم اسرائیلی مصنوعات کا بائیکاٹ جاری رکھیں گے اور پوری قوم سے یہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس بائیکاٹ کی مہم کو جاری رکھے تاکہ اسرائیل کی سہولت کار کمپنیوں کو قرارہ جواب مل سکے۔ محمد ذیشان کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر عدنان البرش اور اسماعیل ہانیہ کا قتل امت مسلمہ کے منہ پہ تماچہ ہے۔ اور یہ اسرائیل کے مکروہ چہرے کا عکاس ہے۔ ڈاکٹر حسنین خالد کا کہنا تھا کہ ہمیں فلسطین کی اخلاقی سماجی اور مالی مدد جاری رکھنی چاہیے اور ہم اپنی نمائندہ حکومت سے بھی یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی عوام کی حقیقی ترجمانی کرتے ہوئے فلسطین کی تمام تر ممکن سیاسی سماجی عسکری اور مالی تعاون کو یقینی بنائے۔ اور اس حوالے سے لاہور جنرل ہسپتال کے ڈاکٹرز، سٹاف، پیرامیڈکس صف اول کا کردار ادا کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ اس موقع پر پروفیسر محمد حنیف میاں نے ایک کثیر رقم الخذمت کے نمائندگان کے حوالے حوالے کی اور اس امید کا اظہار کیا کہ انشاءاللہ یہ رقم فلسطینیوں کے ضروریات زندگی اور علاج معالجہ کے کام اسکے گی۔ اس حوالے سے انہوں نے الخذمت کی کاوشوں کو سراہا اور مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ ریلی میں بڑی تعداد میں بچوں نے بھی شرکت کی جن کا جوش وخروش قابل دید تھا اور انہوں نے پاکستان اور فلسطین کے حق میں نعرے لگائے۔ ریلی کے شرکا نے اپنی نمائندہ حکومت سے یہ مطالبہ کیا کہ وہ فلسطین کے مسلمانوں کی عملی مدد کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے۔

صوت الغزہ فورم
Sawt ul Gaza Forum
کا مکمل بائیکاٹ

FREE PALESTINE PRAY4GAZA
صوت الغزہ فورم
Stop Genocide !!
Dead bodies
Sawt ul Gaza Forum
Crushed bodies
Mutilated bodies
صوت الغزہ فورم

ڈی ایس ریلوے لاہور محمد حنیف گل نے عید کی مناسبت سے قراقرم ٹرین کے مسافروں کو روانہ کیا

ڈی ایس ریلوے لاہور قراقرم پر عید منانے کیلئے جانے والے مسافروں میں گھل مل گئے

لاہور (صابر غوری) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل نے عید کی مناسبت سے قراقرم ٹرین کے مسافروں کو روانہ کیا۔ ڈی ایس ریلوے لاہور قراقرم پر عید منانے کیلئے جانے والے مسافروں میں گھل مل گئے۔ اس موقع پر انہوں نے مسافروں سے گفتگو کرتے ہوئے سہولیات سے متعلق بھی دریافت۔ مسافروں کی خدمت اور رہنمائی کیلئے ریلوے لاہور ڈویژن کی ٹیم ہمہ وقت لاہور ریلوے سٹیشن پر موجود رہے گی۔ عید کے ایام میں چلائی جانے وال سپیشل ٹرینوں سے متعلق معلومات سمیت مسافروں کی خدمت کیلئے لاہور ریلوے سٹیشن پر عید ہیلپ ڈیسک بھی بنا دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ عید کی آمد آمد کے حوالے سے ڈی ایس ریلوے لاہور نے قلیوں اور کلاس فور سٹاف میں سوٹ تقسیم کیے۔ درین اثنائی ایل اے سٹاف نے عید سے قبل تنخواہیں ملنے پر ڈی ایس ریلوے لاہور کا شکریہ ادا کیا۔

چوہدری شجاعت حسین اور صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین سے چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی ملاقات

لاہور (صابر غوری) سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد نے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی جس میں امن وامان کی صورتحال، ملک کو درپیش چیلنجز، اتحاد و یگانگت اور باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت ہوئی۔ صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں خاتم النبیین یونیورسٹی کی بحالی اور قرآن کمپلیکس سے استفادہ کرنے کیلئے مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔ سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو دہشتگردی سمیت دیگر مختلف چیلنجز کا سامنا ہے۔ باہمی اتحاد کی قوت سے ہی ملک کو مشکلات کی دلدل سے نکالا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتحاد کی جتنی آج ضرورت ہے شاید پہلے کبھی نہ ہو۔ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے سب کو مل کر آگے بڑھنا ہے۔ ملک کو دہشت گردی اور انتہا پسندی سے نجات دلانے کیلئے علماء اور مشائخ کو کلیدی کردار ادا کرنا ہے۔

چوہدری شافع حسین کی رمضان المبارک کی 27 ویں شب کی اجتماعی دعا کی تقریب میں شرکت

صوبائی وزیر اوقاف نے نماز تراویح میں قرآن سنانے والے قرا حضرات میں انعامات تقسیم کئے

لاہور (سپیشل رپورٹر) عالمگیری بادشاہی مسجد میں رمضان المبارک کی 27 ویں شب لیلۃ القدر کی اجتماعی دعا کی تقریب منعقد ہوئی جس میں صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد نے دعا کرائی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین نے نماز تراویح کے میں قرآن سنانے والے قرا حضرات میں انعامات تقسیم کئے۔ امت مسلمہ کی وحدت، ملک کی ترقی وخوشحالی اور سلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ عالم اسلام کے اتحاد، حرمین شریفین کے تحفظ، مقبوضہ کشمیر اور غزہ و فلسطین کی آزادی کے لئے دعا کی گئی۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی والدہ مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے بھی دعا کی گئی۔ پاکستان مسلم لیگ کے صدر چوہدری شجاعت حسین کی صحت یابی کیلئے بھی خصوصی دعا کی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل اوقاف و مذہبی امور خالد محمود سندھو، مشیر اوقاف کامران عثمانی اور لوگوں کی بڑی تعداد تقریب میں موجود تھی۔ خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد نے شب قدر کی فضیلت بیان کی۔

سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر کیپیٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں تعینات ہیڈ کانسٹیبل محمد افضال کے اعزاز میں پروقار تقریب منعقد ہوئی

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر کیپیٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں تعینات ہیڈ کانسٹیبل محمد افضال کے اعزاز میں پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور نے ریٹائرڈ ہونے والے ہیڈ کانسٹیبل محمد افضال کی خدمات کو سراہا اور آئندہ زندگی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ عمران کشور نے ریٹائرڈ ہونے والے ہیڈ کانسٹیبل محمد افضال کو باعزت طریقے سے سروس پوری کرنے پر مبارکباد دی اور گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور نے ریٹائرڈ ہیڈ کانسٹیبل کے پنشن و دیگر امور جلد از جلد نمٹانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ لاہور پولیس ایک فیملی ہے اور ریٹائرڈ ملازمین ہمارا حصہ رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس ریٹائرڈ ملازمین کے تجربات سے استفادہ کرتا رہے گا۔ عمران کشور نے کہا کہ ہمارے دروازے آپ کے لئے ہمیشہ کھلے رہیں گے۔ ریٹائرڈ ہیڈ کانسٹیبل نے عزت افزائی پر سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ اور ڈی آئی جی عمران کشور کا شکریہ ادا کیا

شہر میں ٹریفک حادثات کے مختلف واقعات میں خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں ٹریفک حادثات کے مختلف واقعات میں خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں۔ پولیس نے دونوں لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ہیئر کے علاقہ میں ٹریفک حادثے میں زخمی خاتون دوران علاج دم 35 سالہ سمیرا شدید زخمی ہو گئی۔ جسے طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کیا گیا، مگر وہ جانبر نہیں ہو سکی اور اس نے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا ہے۔ لیاقت آباد کے علاقے میں دو روز قبل ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والا 26 سالہ محمد شہزاد گزشتہ روز زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہسپتال میں دم توڑ گیا ہے۔ متوفی میانوالی کا رہائشی تھا۔

غالب مارکیٹ پولیس نے 5 سالہ کمسن بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج

لاہور (کرائم رپورٹر) غالب مارکیٹ پولیس نے 5 سالہ کمسن بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق غالب مارکیٹ پولیس نے ریسکیو 15 کال پر کارروائی کرتے ہوئے موقع پر پہنچ کر کمسن بچی سے زیادتی کرنے کی کوشش کرنے والے ملزم بلال گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق 5 سالہ سدرہ کینال پارک میں گلی میں کھیل رہی تھی کہ ملزم بلال نے اسے ورغلا کر زیادتی کا نشانہ بنانے کی کوشش کی۔

شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق لاری اڈا میں اشرف سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون ✕ سبزہ زار میں منصور سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون، باغبانپورہ میں کرامت سے 70 ہزار روپے اور موبائل فون ✕ جنوبی چھاؤنی میں شہزاد سے 50 ہزار روپے لے لیے گئے۔

عید الفطر کی آمد پر پولیس شہدا کے ہونہار بچوں کے لئے لیپ ٹاپس کا تحفہ

سنٹرل پولیس آفس میں پولیس شہدا کے بچوں میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پولیس شہدا کے ہونہار بچوں کو عید الفطر کی آمد پر لیپ ٹاپس بطور تحفہ دیے گئے جس کے تسلسل میں سنٹرل پولیس آفس پنجاب لاہور میں تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس غازی محمد صلاح الدین اور اے آئی جی ویلفیئر عبدالرحیم شیرازی نے پولیس شہداء کے 50 ہونہار بچوں میں جدید لیپ ٹاپ تقسیم کیے۔ ترجمان پنجاب پولیس تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ لیپ ٹاپ حاصل کرنے والوں میں میڈیکل، آئی ٹی، انجینئرنگ، ایم فل اور پی ایچ ڈی سمیت جدید پروگرامز میں زیر تعلیم طلبا و طالبات شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ اب تک پولیس شہداء کے 173 بچوں کو لیپ ٹاپس فراہم کیے جا چکے ہیں۔ جدید لیپ ٹاپس طلبا و طالبات کے تعلیمی کیریئر اور ڈویلپمنٹ میں معاون ثابت ہونگے۔ پولیس شہدا کے بچوں کو اب تک 26 کروڑ روپے سے زائد کی سکالرشپس فراہم کی جا چکی ہیں۔ ڈاکٹر عثمان انور نے مزید کہ محکمہ نے شہدا کے بچوں کی اعلی تعلیم کا بیڑا اٹھایا ہوا ہے اور تمام سہولیات دی جا رہی ہیں۔

اطلاع عام

(1) بمطابق ریکارڈ ایل ڈی اے پلاٹ نمبر 23 بلاک L سکیم جوہر ٹاؤن لاہور۔ رقبہ تعدادی 411.57-SQM رانا عبدالستار ولد محمد اسحاق بذریعہ مختار عام منجانب جاوید افضل ولد محمد افضل بیگ کی ملکیت تھی جس کو بعد ازاں بحق عبداللہ عبدالستار ولد رانا عبدالستار ساکن مکان نمبر 292 فیز DHA II لاہور کو ہبہ نامہ کر دیا۔ دستاویزات نمبر 8007 بہی نمبر 01 جلد نمبر 7483 مورخہ 30-11-2024 کو ہبہ نامہ کر دیا ہے۔

(2) بمطابق ریکارڈ ایل ڈی اے پلاٹ نمبر 472 بلاک E/1 سکیم جوہر ٹاؤن لاہور۔ فرحان ارشد ولد ارشد حسین کے اپنے نام ٹرانسفر کے لیے استدعا کی ہے۔ پلاٹ یا کوٹھی نمبر مذکورہ بالا چٹھی نمبر EM1-LDA-6175 مورخہ 21-12-2018 کے تحت ارشد حسین' برہان ارشد' شاہان ارشد' فرحان ارشد کے ناموں پر لیگل وارثان لیٹر جاری شدہ ہے۔ بعد ازاں بذریعہ دستاویزات نمبر 080-2024-0007516 بہی نمبر 01 مورخہ 11-08-2024 سب رجسٹرار علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔ کے (3)(2)(1) کے اپنا حصہ کو فرحان ارشد کے حق میں دستبردار ہو گئے ہیں۔

(3) بمطابق ریکارڈ ایل ڈی اے پلاٹ نمبر 563-B بلاک F سکیم جوہر ٹاؤن لاہور۔ ٹرانسفر لیٹر نمبر JT.CM-188/6789 مورخہ 27-09-1990 مسمی خالد رشید ولد عبدالرشید کے نام ٹرانسفر شدہ ہے۔ مسمی خالد رشید ولد عبدالرشید کی وفات کے بعد بروئے لیٹر نمبر JT.CM.188/2306 مورخہ 08-03-2014 مسمی عمران علی خالد ولد خالد رشید' مساۃ عائشہ سعید زوجہ سعید الرحمن' صائمہ بٹ زوجہ قیصر محمود کو قانونی وارث مقرر کیا ہے۔ مساۃ عائشہ سعید زوجہ سعید الرحمن نے بروئے دستاویزات نمبر 2393 بہی نمبر 04 جلد نمبر 496 مورخہ 28-11-2013 سب رجسٹرار علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔ مسمی زاہد پرویز ملک ولد محمد نصیب ملک کو مختار عام مقرر کر دیا' مساۃ صائمہ بٹ زوجہ قیصر محمود نے بروئے دستاویزات نمبر 1997 بہی نمبر 04 جلد نمبر 492 مورخہ 23-09-2013 سب رجسٹرار علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔ مسمی زاہد پرویز ملک ولد محمد نصیب ملک کو مختار عام مقرر کر دیا۔ مسمی زاہد پرویز ملک ولد محمد نصیب ملک نے بروئے دستاویزات نمبر 9522 بہی نمبر 01 جلد نمبر 3453 مورخہ 16-06-2014 سب رجسٹرار علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔ مسمی عمران علی خالد ولد خالد رشید کے حق میں دستبرداری نامہ کر دیا۔ عمران علی خالد ولد خالد رشید نے پلاٹ مذکورہ بالا اپنے نام منتقل کرنے کی استدعا کی ہے۔

(4) بمطابق ریکارڈ ایل ڈی اے پلاٹ نمبر 33 بلاک H سکیم گلبرگ تھرڈ لاہور۔ زمین کی پیمائش 01-K-17-M-60-SFT احمد فیروز ولد عبدالسلام کے نام پر منتقل کیا گیا۔ جس نے اب پلاٹ مذکورہ بالا دستاویزات نمبر 080-2025-0000413 بہی نمبر 01 جلد نمبر آن لائن مورخہ 04-01-2025 کے ذریعے خضر فرہاد ولد محمد فرہاد منتقل کرنے کی درخواست کی ہے۔

(5) بمطابق ریکارڈ ایل ڈی اے پلاٹ نمبر 235 بلاک A III سکیم گلبرگ تھرڈ لاہور۔ مساۃ عائشہ شمائلہ' مساۃ آمنہ خان دختران حامد حسن خان کے نام ٹرانسفر شدہ ہے۔ ٹرانسفریوں نے بروئے رجسٹری دستاویزات نمبر 080-2024-0010069 بہی نمبر 01 مورخہ 22-11-2024 مسمی شجاعت علی ولد رحمت علی' محمد افتخار ولد منصب علی کو فروخت کر دیا۔ اب خریدار نے اپنے نام منتقل کرنے کی استدعا کی ہے۔

لہٰذا اگر کسی شخص/ادارے کو مذکورہ بالا پلاٹوں کی ٹرانسفر/ہبہ/قانونی وارثان مقرر کرنے/ایگزیمپشن وغیرہ کے ضمن میں کوئی دعویٰ یا اعتراض ہو تو وہ اشتہار ہذا کی اشاعت کی تاریخ سے سات دن کے اندر زیر دستخطی کو مطلع کرے جس کے بعد کوئی اعتراض یا دعویٰ قابل قبول نہ ہو گا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ایگزیمپشن/ہاؤسنگ

لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی
467-D-II مین بلیوارڈ محمد علی جوہر ٹاؤن لاہور
IPL:1195

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

ساہیوال ایجوکیشنل ٹرسٹ بورڈ آف ٹرسٹیز کے ننانویں اجلاس کا ڈی پی ایس میں انعقاد

اجلاس میں داخلوں کے بے پناہ دباؤ کے باعث ڈی پی ایس چیچہ وطنی میں بھی ایوننگ شفٹ شروع کرنے کی اصولی منظوری دی گئی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال ایجوکیشنل ٹرسٹ کے بورڈ آف ٹرسٹیز کے ننانویں اجلاس کا ڈی پی ایس میں انعقاد، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے صدارت کی۔ اجلاس میں داخلوں کے بے پناہ دباؤ کے باعث ڈی پی ایس چیچہ وطنی میں بھی ایوننگ شفٹ شروع کرنے کی اصولی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں بورڈ کے مستعفی ہونے والے دو ارکان پروفیسر قمر الزمان خان اور حبیب جیلانی وینس کی جگہ میلکو کے سابق سی ای او مہر اللہ یار خان اور معروف شخصیت ہارون صفدر کو نئے ممبرز مقرر کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ڈی پی ایس کے نئے پرنسپل کی تعیناتی کے لئے سروس رولز میں ترمیم کی منظوری دیتے ہوئے کم از کم تعلیمی قابلیت 16 سال اور کم ازکم تجربہ 20 سال مقرر کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں پرنسپل اکبر علی سمیت بورڈ ممبران چوہدری سلطان محمود، ڈاکٹر شہزاد طاہر، سید افتخار حسین شاہ، شیخ بشارت ندیم، اے ڈی سی جنرل نیاز احمد مغل اور برسر کاشف ستار نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں مستعفی ہونے والے دونوں ارکان پروفیسر قمر الزمان خان اور حبیب جیلانی وینس کی ڈی پی ایس کے لئے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اجلاس میں طلبہ وطالبات کی تعلیمی رہنمائی اور کونسلنگ کے لئے سٹوڈنٹ کونسلر مقرر کرنے کی بھی اصولی منظوری دی گئی۔

فاروق آباد: امام بارگاہ حسینیہ سے لاری اڈہ تک انجم حسینیہ کے زیر اہتمام ریلی

شہر بھر کے سماجی وسیاسی ومذہبی شخصیات نے شرکت کی علماء کرام نے خطاب کیا

فاروق آباد (حافظ عثمان ہاشمی) فلسطین اور دنیا بھر کے مظلومین کے حق میں فاروق آباد میں امام بارگاہ حسینیہ سے لاری اڈہ تک انجم حسینیہ وشیعہ علماء کونسل و دیگر تنظیموں کے زیر انتظام ریلی نکالی گئی جس میں شہر بھر کے سماجی و سیاسی و مذہبی شخصیات نے شرکت کی علماء کرام نے خطاب کیا ٭ اتحاد بین المذاہب ومسالک کے سرپرست اعلی وصدر مجلس علماء مکتب اہلبیت پنجاب علامہ گلزار حسین فیاضی٭ نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کی حکومت پاکستان یوم القدس کو سرکاری سطح پر منانے کا اعلان کرے مظلومین جہان کے لیئے اقدامات کریں تمام ملت شہداء وشہداء مقاومت کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اس ریلی میں شرکت کرنے پر انجمن حیدریہ شیعہ عزاداری کونسل سمیت تمام امام بارگاہوں کے انجمنوں کے اراکین وتمام شرکت کنندگان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں

شیعہ علماء کونسل کی جانب سے مظلومین جہاں القدس ریلی نکالی گئی ریلی

جھنگ (بیورو رپورٹ) جمعۃ الوداع عالمی یوم القدس کے موقع پر آئی ایس او مجلس وحدت مسلمین، شیعہ علماء کونسل کی جانب سے مظلومین جہاں القدس ریلی نکالی گئی ریلی میں ضلعی صدر مجلس وحدت مسلمین سید روح اللہ کاظمی، نائب صدر شیعہ علماء کونسل وسطی پنجاب سید مسعود الحسن ترمذی، آئی ایس او ریجنل جنرل سیکرٹری برادر حسن اور ضلعی صدر برادر تقی رضا سمیت شرکاء نے کثیر تعداد میں شرکت کی قبلہ اول کی آزادی اور فلسطینی شہریوں پر اسرائیلی جارحیت کے خلاف یوم القدس کے موقع پر بعد از نماز جمعہ مظلومین جہاں ریلی گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول سے نکالی گئی شرکاء نے مظلوم فلسطینیوں کے حق میں نعرے لگائے۔

اسلام: بھائی چارے، قومی یکجہتی، وحدت اور خدمت انسانیت کا درس دیتا ہے

آج ہم مخلوق خدا اور دکھی انسانیت کی خدمت کرکے اللہ تعالی کی رضا کو حاصل کر سکتے ہیں: میاں تیمور خالد

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی یوتھ ونگ کے ضلعی صدر میاں تیمور خالد نے کہا ہے کہ اسلام ہمیں اخوت محبت، ہمدردی، رواداری، بھائی چارے، قومی یکجہتی، وحدت اور خدمت انسانیت کا درس دیتا ہے آج ہم مخلوق خدا اور دکھی انسانیت کی خدمت کرکے اللہ تعالی کی رضا کو حاصل کر سکتے ہیں مخیر حضرات اپنی زکواۃ، خیرات، صدقات، عطیات وفطرانہ کے ذریعے غربا و مساکین کی دل کھول کر امداد کریں صدقہ فطر ہر مسلمان پر واجب ہے، غربا و مساکین، فقرا اور مستحق کو ادائیگی سے کوتاہیوں کا ازالہ ہوتا ہے، رمضان المبارک مومنوں کیلئے نیکیوں کا سیزن ہے ہمیں چاہیے کہ اس ماہ مبارک میں زیادہ سے زیادہ نیکیاں حاصل کرنے کیلئے روزہ رکھنے کیساتھ ساتھ قرآن پاک کی تلاوت و دیگر عبادات سمیت بڑھ چڑھ کر سخاوت کریں ماہ صیام ہمیں اطاعت الہی اور اطاعت مصطفی ﷺ کا پیغام دیتا ہے، امت رمضان المبارک کے بعد بھی اس پیغام کو یاد رکھے ماہ مقدس میں ملنے والے تزکیہ نفس کے موقع کو غنیمت جان کر اپنی اصلاح یقینی بنائی جائے تاکہ ماہ صیام کے بعد بھی نیکیوں کی رغبت قائم رہ سکے، امت مسلمہ کی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داری ہے کہ دین مبین کی ترویج و اشاعت کیلئے انتھک کردار ادا کیا جائے۔

جہلم شہر اور مضافاتی علاقوں میں غربت مہنگائی، بیروزگاری کے باعث عیدالفطر پر کم آمدن والے علاقہ مکینوں نے پرانے کپڑوں کی خریداری کیلئے لنڈا بازاروں کا رخ کر لیا

جہلم (بیورو رپوٹ) جہلم شہر اور مضافاتی علاقوں میں غربت مہنگائی، بیروزگاری کے باعث عیدالفطر پر کم آمدن والے علاقہ مکینوں نے پرانے کپڑوں کی خریداری کیلئے لنڈا بازاروں کا رخ کر لیا لنڈا بازاروں میں بھی پرانے کپڑے مہنگے داموں فروخت کئے جانے لگے علاقہ مکینوں نے لنڈا بازار سے پرانے کپڑوں کی خریداری شروع کر دی ہے اور اس حوالے سے لنڈا بازاروں میں پرانے کپڑوں کو انتہائی خوبصورتی کیساتھ سجا دیا گیا ہے کم آمدن والے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ غربت کے باعث نئے کپڑے نہیں خرید سکتے جس کے باعث پرانے اور استعمال شدہ کپڑے خریدنے پر مجبور ہیں، پرانے کپڑوں کی قیمتوں میں بھی غیر معمولی اضافہ ہو گیا ہے، مہنگائی بیروزگاری کے باعث بچوں کیلئے نئے کپڑے بڑی مشکل سے بنوا رہے ہیں کیونکہ بچے نئے کپڑے پہننے کی ضد کرتے ہیں لیکن اپنے لئے پرانے کپڑے خریدنے پر مجبور ہیں حکومت کو چاہیے مہنگائی پر قابو پائے تاکہ غریب بھی اپنے بچوں کو دو وقت کی روٹی مہیا کر سکیں

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کی ناجائز منافع خوروں کے ایکشن

چار مقدمات درج اور بھاری جرمانے: مختلف مقامات پر متعدد دکانوں کی چیکنگ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کی ناجائز منافع خوروں کے ایکشن، چار مقدمات درج اور بھاری جرمانے، انہوں نے مختلف مقامات پر متعدد دکانوں کی چیکنگ کی اور اشیائے ضروریہ کی اوور چارجنگ پر دکانداروں کو بھاری جرمانے عائد کیے اور چار دکانداروں کے خلاف مقدمات درج کروا دیے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ عوام کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے، اشیائے ضروریہ کی کنٹرول ریٹس پر فراہمی عوام کا بنیادی حق ہے اور ان کا حق کھانے والوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا، انہوں نے عوام الناس سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اشیائے ضروریہ کے ناموں کے مطابق پیسے ادا کریں اور زائد پیسے چارج کرنے والوں کی اطلاع فوری طور پر تحصیل انتظامیہ کو دیں تاکہ ان کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے۔

عید کی خوشیوں میں مستحقین کو یاد رکھیں۔ میاں خرم اکرم

اللہ تعالیٰ ہمارے ملک و قوم کی حفاظت فرمائے۔ سی ای او گلیکسی پٹرولیم سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) عید کے موقع پر مستحقین وغرباء کی دادرسی کی جانی مستحب عمل ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی حیات طیبہ کے دوران غریب پروری ومساکین ویتیموں اور مستحقین کی دادرسی فرمائی اور انکے سر پر دست شفقت رکھا۔ تمام یتیموں و بے سہاروں کے باپ بنتے ہوئے انکے سر پر اپنا دست شفقت رکھتے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و انسان دوست شخصیت میاں خرم اکرم آف گلیکسی پیٹرولیم کشمیر روڈ سیالکوٹ نے عید کے موقع پر اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ عید سے قبل صاحب ثروت و استطاعت مسلمانوں پر فطرانہ و زکوۃ کی ادائیگی لازم ہے۔ اپنی خوشیوں میں بے کس ولاچار مستحقین ویتیموں کی شمولیت لازم کی جائے۔ وہ اسی صورت کہ انکو عید سے قبل اللہ کے دیئے ہوئے رزق میں سے کچھ تحفتاً عزت کے ساتھ بغیر ریاکاری کے مخفی دیا جائے۔

ہماری سیاست کا مقصد عوامی فلاح و بہبود اور مسائل و مشکلات میں کمی کے اقدامات اولین ترجیح ہے

جس کی خاطر وفاقی اور پنجاب حکومت بھرپور جدوجہد کر رہی ہے پارٹی قیادت کا منشور و مقصد عوام کا معیار زندگی بلند کرنا ہے: امجد نذیر بٹ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ ہماری سیاست کا مقصد عوامی فلاح و بہبود اور مسائل و مشکلات میں کمی کے اقدامات اولین ترجیح ہے، جس کی خاطر وفاقی اور پنجاب حکومت بھرپور جدوجہد کر رہی ہے پارٹی قیادت کا منشور و مقصد عوام کا معیار زندگی بلند کرنا ہے جس کیلئے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گزشتہ ایک سال میں مثالی اقدامات اٹھا کر عوام کو ہر سطح پر ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جس کی عوام معترف ہے اور موجودہ وفاقی وصوبائی حکومت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کر رہی ہے، (ن) لیگ کی بنیاد خدمت کی سیاست کے فروغ اور ملکی ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کرنے کی خاطر رکھی گئی میاں نوازشریف کی قیادت میں پارٹی نے نہ صرف اپنے ادوار حکومت میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں بلکہ بطور اپوزیشن بھی ملکی ترقی وسلامتی اور عوامی خوشحالی پر توجہ دی اور غریب عوام کے حقوق کے تحفظ کی خاطر آواز اٹھائی، (ن) لیگ مزدوروں اور کسانوں کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ عام آدمی کی زندگیوں میں آسانیاں لانے کی کوشش کی اور اب بھی سرگرم عمل ہے گزشتہ ایک سال میں حکومت نے عوامی خدمت کی جو روشن مثال رقم کی اسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا پارٹی قیادت نے مشکل ترین حالات میں بھی ملکی معاشی ترقی کی راہ ہموار کر کے اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا، حکومت مہنگائی میں کمی اور عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کیلئے کام کر رہی ہے ان شاء اللہ ملکی حالات روز بروز مزید بہتر ہوں گے عوام نے پارٹی قیادت پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترا جائے گا وقت نے ثابت کیا ہے کہ (ن) لیگ ہی عوام کی حقیقی نجات دھندہ جماعت ہے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز قائد میاں نوازشریف کے ویژن کو آگے بڑھانے میں کوشاں ہیں جنہوں نے عوام کا اعتماد جیتا اور عوام کے ساتھ کیے گئے اپنے وعدوں کو پایا تکمیل تک پہنچایا میاں نواز شریف پاکستان کو ناقابل تسخیر ریاست اور ترقی و خوشحالی کا محور بنانا چاہتے ہیں ان کے اس ویژن کی تکمیل یقینی بنانے کیلئے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز دن رات کوشاں ہیں ہم کسی سیاسی جماعت کے خلاف انتقامی کاروائی کے قائل نہیں مگر سیاست کے نام پر ریاست کو نقصان پہنچانے والوں کا راستہ ضرور روکیں گے جمہوری اقدار کے فروغ کی جدوجہد کر رہے ہیں۔

آر پی او آفس میں پروموٹ ہونے والے افسران کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

تقریب میں آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے 64 اسسٹنٹ سب انسپکٹرز اور 59 سب انسپکٹرز کو نئے عہدے کے رینک لگائے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال/نویدہ بخاری قوت بیورو) ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور سب انسپکٹر پروموٹ ہونے والے افسران کے اعزاز میں آر پی او آفس میں تقریب سجائی جس میں آر پی او طیب حفیظ چیمہ اور سی پی او محمد ایاز سلیم نے پروموٹ ہونے والے 64 اسسٹنٹ سب انسپکٹرز اور 59 سب انسپکٹرز کو نئے عہدے کے رینک لگائے۔ ترقی پانے والوں میں ریجن گوجرانوالہ کے افسران شامل ہیں۔ تقریب میں ترقی پانے والے افسران کے اہل خانہ، بچوں اور عزیز و اقارب نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ یاد ہے کہ ریجن پولیس گوجرانوالہ نے رواں برس کے دوران 358 افسران کو اگلے عہدوں پر ترقی دی۔ سب انسپکٹر کے عہدے پر ترقی پانے والوں میں ترجمان ریجنل پولیس آفیسر محمد عمران گجر اور عبدالواہاب و دیگران شامل ہیں۔ تقریب میں سی پی او نے کہا کہ پولیس فورس کی محکمانہ پروموشن، استعداد کار میں اضافے اور ویلفیئر کیلئے ترجیحی اقدامات جاری رہیں گے، ترقی پانے والے افسران محکمانہ پروموشن اور ویلفیئر کا صلہ پہلے سے زیادہ اچھی کارکردگی کی صورت شہریوں کو منتقل کریں۔ مزید اس موقع پر آر پی او نے کہا کہ ترقی پانے والے تمام پولیس اہلکار ہمیشہ لوگوں کی مدد کے جذبے کے تحت اپنے فرائض سرانجام دیں اور مزید کہا کہ پولیس اہلکاروں کی بروقت ترقی میری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

صدر صرافہ ایسوسی ایشن احمد آباد پیر سید ضیاء حسین شاہ کے ڈیرہ میں افطار، ڈنر کا اہتمام

سیاسی، سماجی، مذہبی شخصیات اور صحافیوں سمیت معززین شہریان احمد آباد نے کثیر تعداد میں بھرپور شرکت کی

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد صدر صرافہ ایسوسی ایشن احمد آباد سید ضیاء حسین شاہ نے سابقہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے احمد آباد میں اپنے ڈیرہ میں ایک بہترین افطار، ڈنر کا اہتمام کیا جس میں مختلف محکموں سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور سیاسی، سماجی، مذہبی اور صحافیوں سمیت معززین شہریان احمد آباد نے کثیر تعداد میں بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر سید ضیاء حسین صدر صرافہ ایسوسی ایشن احمد آباد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کے مہینے میں جسطرح اللہ پاک نے اس کے متعلق حکم دیا ہے اس پر مکمل عمل کرکے ہم قرب الہی حاصل کرسکتے ہیں اس بابرکت مہینے میں ہمیں غرباء و مساکین کو نہیں بھولنا چاہیے ہمیں اپنے دسترخوان مزید وسیع کرنے چاہیے اور ان کے لئے اچھے کھانے کا اہتمام کرنا چاہیے تاکہ وہ بھی خداوندی کی عطاء کی ہوئی نعمتوں سے لطف اندوز ہوں اسطرح ان میں اور دوست احباب میں پیار، امن محبت اور بھائی چارہ کو فروغ ملتا ہے اور اللہ کی خوشنودی بھی حاصل ہوتی ہے۔ انہوں نے حدیث مبارکہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ روزہ ایک ڈھال ہے جس سے بندہ جہنم کی آگ سے بچتا ہے انہوں نے کہا کہ گرمی کے موسم میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ رکھا اور گرمی کی شدت اتنی کہ صحابہ اکرام فرماتے ہیں کہ گرمی کی شدت سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے سر پر پانی ڈالتے اس دور میں ریگستان کا طویل سفر گرمی کی شدت اور اس میں مسلمانوں نے جنگیں لڑیں۔ لہٰذا مومن کے لئے موسم کی سختی کوئی معنی نہیں رکھتی کسی بھی دور میں مسلمان ماہ رمضان سے خوفزدہ نہیں ہوئے۔

محنتی محرر عبدالرزاق کچی کو بطور اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اے ایس آئی) ترقی دے دی گئی

ان کی اس کامیابی پر پولیس ڈیپارٹمنٹ سمیت عزیز و اقارب اور دوست احباب کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی جارہی ہے

پاکپتن سکندر چوک (محمد عمران جنجوعہ) عبدالرزاق کچھی کی بطور اے ایس آئی ترقی، پولیس ڈیپارٹمنٹ اور احباب کی جانب سے مبارکباد پیش۔ پاکپتن تھانہ چکبیدی کے قابل اور محنتی محرر عبدالرزاق کچی کو بطور اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اے ایس آئی) ترقی دے دی گئی۔ ان کی اس کامیابی پر پولیس ڈیپارٹمنٹ سمیت عزیز و اقارب اور دوست احباب کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی جا رہی ہے۔ عبدالرزاق کچی نے اپنی ذمہ داریوں کو ہمیشہ دیانت داری، محنت اور لگن کے ساتھ نبھایا، جس کے نتیجے میں انہیں یہ اہم ترقی ملی۔ ان کی شاندار کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ پولیس نے انہیں مزید بہتر مواقع فراہم کیے ہیں تاکہ وہ اپنے فرائض کو مزید احسن انداز میں انجام دے سکیں۔ ترقی ملنے پر عبدالرزاق کچی نے اپنے ساتھی افسران اور پولیس ڈیپارٹمنٹ کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ مزید محنت اور دیانت داری سے اپنی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔

ملک کی ترقی کسانوں کی ترقی سے وابستہ ہے: ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی کسانوں کی ترقی سے وابستہ ہے، کسان خوشحال ہوگا تو ملک بھی خوشحال ہوگا، کسانوں کو درپیش مسائل کی حل کے سلسلہ میں موثر انداز میں اقدامات کیے جائیں اور ان کی شکایات کا فوری طور پر ازالہ کیا جائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان کے کسان اتحاد کے نمائندوں اور واپڈا حکام کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیں، اس موقع پر پاکستان کسان اتحاد کے نمائندوں نے واپڈا کی جانب سے کسانوں کے بجلی میٹرز پر اوور بلنگ اور جرمانوں سمیت دیگر درپیش مسائل بارے آگاہ کیا۔

پتوکی: زکوۃ فاؤنڈیشن آف امریکہ پاکستان کے زیر اہتمام افطار ڈنر

اس تقریب کے مہمان خصوصی معروف قانون دان اور لاہور ہائیکورٹ کے ایڈووکیٹ، جناب ارتضیٰ شوکت تھے

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی ارتضی شوکت ایڈووکیٹ کا پتوکی میں زکوۃ فاؤنڈیشن آف امریکہ پاکستان کے زیر اہتمام افطار ڈنر اور سرٹیفکیٹ تقسیم کی تقریب سے خطاب۔ زکوۃ فاؤنڈیشن آف امریکہ پاکستان کے زیر اہتمام ایک پروقار افطار ڈنر اور سٹاف کو سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی معروف قانون دان اور لاہور ہائیکورٹ کے ایڈووکیٹ، جناب ارتضیٰ شوکت تھے۔ اس موقع پر پاکستان ٹیلی ویژن سپورٹس فلم اینڈ ڈرامہ اکیڈمی اسلام آباد کے جنرل مینیجر محمد عمران صدیقی۔ حاجی محمد شوکت صدیقی۔ بابر صدیقی نعیم اقبال بھی ہمراہ تھے تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا، تقریب میں زکوۃ فاؤنڈیشن کے ذمہ داران، مقامی معززین، سماجی کارکنان، اساتذہ اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ ارتضی شوکت ایڈووکیٹ نے اپنے خطاب میں زکوۃ فاؤنڈیشن آف امریکہ پاکستان کی فلاحی خدمات کو سراہا اور کہا کہ یہ ادارہ پاکستان میں بے سہارا اور مستحق افراد کی مدد کے لیے نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فاؤنڈیشن کی جانب سے دی جانے والی خدمات صرف مالی مدد تک محدود نہیں بلکہ یہ ادارہ تعلیم، صحت اور دیگر فلاحی سرگرمیوں میں بھی نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا: زکوۃ کی اصل روح یہی ہے کہ معاشرے کے ضرورت مند افراد کی مدد کی جائے تاکہ وہ بھی باعزت زندگی گزار سکیں۔ اس ادارے کی کاوشیں قابل ستائش ہیں، اور ہمیں بحیثیت قوم ایسے فلاحی کاموں کو مزید فروغ دینا چاہیے۔

آستانہ عالیہ قادریہ ننھے میاں سرکار ننکانہ پر محفل ختم پاک کا اہتمام

اختتام پر سجادہ نشین پیر سید اشرف حسین شاہ نے امت مسلمہ اور پاکستان کی سلامتی کے لئے خصوصی دعا کروائی



ننکانہ صاحب (رانا اسامہ/ چوہدری محمد عرفان گجر) آستانہ عالیہ قادریہ ننھے میاں سرکار ننکانہ پر محفل ختم پاک کا اہتمام۔ تفصیلات کے مطابق آستانہ عالیہ قادریہ چشتیہ صابریہ سید ننھے میاں سرکار پر محفل ختم پاک کا اہتمام کیا گیا جس کا آغاز محمد اسلم چشتی نے تلاوت کلام پاک سے کیا مقامی نعت خواں سیعد احمد نے کریم آقا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے دربار اقدس میں گلہائے عقیدت کے پھول نشاور کیئے محفل کی صدارت سجادہ نشین حضرت پیر سید اشرف حسین شاہ اور منتظم اعلیٰ حضرت پیر سید مشرف حسین شاہ نے کی ان کے ہمراہ سید فیضان مصطفی گیلانی سید سلمان مصطفی گیلانی سید زیشان مصطفی گیلانی بھی موجود تھے مریدین علمائے کرام قاری محمد علی رضوی استاد الحفاظ حضرت علامہ مولانا قاری محمد حسین صدیقی قاری منیر احمد گولڑوی پروفیسر عبدالحمید کوکب و دیگران کے علاوہ معززین شہر کی کثیر تعداد نے شرکت کی ختم شریف کے بعد شرکاء محفل کی افطاری کروائی گئی اختتام پر سجادہ نشین پیر سید اشرف حسین شاہ نے امت مسلمہ اور پاکستان کی سلامتی کے لئے خصوصی دعا کروائی

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر گوجرانوالہ میاں رفعت ضیاء کی زیرِ صدارت اجلاس میں عیدالفطر کے موقع پر ایمرجنسی ڈیوٹی پلان جاری

ضلع بھر میں نماز کے بڑے اجتماعات پر 28 ایمبولینسز، 17 فائر وہیکلز اور 05 سپیشل ریسکیو وہیکلز اور 550 سے زائد ریسکیو اہلکار تعینات ہیں

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر گوجرانوالہ میاں رفعت ضیاء کی زیر صدارت ریسکیو 1122 کا اجلاس سنٹرل ریسکیو اسٹیشن پر ہوا۔ جس میں عیدالفطر کے موقع پر ایمرجنسی ڈیوٹی پلان کا جائزہ لیا گیا۔ میاں رفعت ضیاء نے کہا عیدالفطر کے موقع پر ریسکیو 1122 گوجرانوالہ کسی بھی ہنگامی صورت حال میں فوری مدد پہنچانے کے لئے ہائی الرٹ رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں نماز کے بڑے اجتماعات پر 28 ایمبولینسز، 17 فائر وہیکلز اور 05 سپیشل ریسکیو وہیکلز اور 550 سے زائد ریسکیو اہلکار اپنے فرائض سرانجام دیں گے تاکہ کسی بھی ایمرجنسی صورت حال میں عوام کو فوراً ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اسکے علاوہ گوجرانوالہ میں ریسکیو اہلکاروں پر مشتمل 44 ریسکیو موبائل پوسٹیں بھی قائم کی گئیں ہیں جو کسی بھی ناگہانی صورت حال سے نمٹنے کیلئے بروقت تیار رہیں گی۔ عیدالفطر کے ایام میں ڈوبنے جیسے واقعات کی روک تھام کیلئے دریائے چناب اور اپر چناب کنال پر ریسکیو آبزور پوسٹ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں رتہ جھال، چیچھر والی، فیروز والہ، ماسٹر سٹی پل، کنگز مال، سٹی ہاؤسنگ اور دریائے چناب میں وزیر آباد اور ہیڈ خانکی کے علاقے شامل ہیں۔ ریسکیو آبزور پوسٹوں پر ریسکیو اہلکاروں سمیت ریسکیو رضاکار بھی تعینات ہیں۔ اسکے علاوہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر گوجرانوالہ میاں رفعت ضیاء نے عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر تمام ریسکیورز اور انکے اہل وعیال کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پتوکی یوم القدس کے موقع پر پتوکی میں مجلس وحدت المسلمین کی جانب سے ریلی نکالی گئی

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی یوم القدس کے موقع پر پتوکی میں مجلس وحدت المسلمین کی جانب سے ریلی نکالی گئی جبکہ جمعۃ الوداع کے اجتماعات میں پاکستان کی سربلندی اور مظلوم مسلمانوں کیلئے خصوصی دعا کا اہتمام کیا گیا۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی میں مجلس وحدت المسلمین کی جانب سے اسرائیل مردہ باد ریلی مرکزی امام بارگاہ سے شروع ہوئی مقررین نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم القدس عام دن نہیں بلکہ ظالم کے خلاف للکار اور مظلوم کی فریاد ہے دریں اثنا مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام جمعۃ الوداع کا خطبہ چیئرمین مرکزی مسلم لیگ رانا محمد اشفاق نے پڑھایا جس میں سینکڑوں لوگوں نے شرکت کی ان کا اپنے خطاب میں کہنا تھا کہ ہم کفار کے غلام بن چکے ہیں اگر تمام مسلم ممالک اکٹھے ہو کر اسرائیل کو وارننگ دیں کہ اگر فلسطینیوں پر اب حملہ ہوا تو اسکا بدلہ لیا جائے گا تو کفار کی ہمت نہیں کہ وہ سحری افطاری کرنے والے مظلوم مسلمانوں پر بمباری کریں ان کا کہنا تھا کہ اعلی تعلیم یافتہ نوجوان بلوچستان دہشتگردوں تنظیموں کا حصہ بنے ہوئے ہیں اور ہمیں اپنی حکومت پر افسوس اس بات پر ہے کہ انکے پاس مرض کی تشخیص ہی نہیں ہے انکا کہنا تھا کہ ہندوستان کو واضح پیغام دیا جائے۔

عیدالفطر، جمعتہ الوداع اور لیلۃ القدر پر ہنگامی حالات کے پیش نظر ریسکیو 1122 اوکاڑا کے عملہ کی چھٹیاں منسوخ

ریسکیو 1122 اوکاڑا نے عیدالفطر، جمعتہ الوداع اور لیلتہ القدر کی ڈیوٹیوں کو حتمی شکل دے کر ڈیوٹی پلان مرتب کرلیا ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) عیدالفطر جمعتہ الوداع اور لیلتہ القدر پر ہنگامی حالات کے پیش نظر ریسکیو 1122 اوکاڑا کے عملہ کی چھٹیاں منسوخ۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام نے عید الفطر جمعتہ الوداع اور لیلتہ القدر کے حوالہ سے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ریسکیو 1122 اوکاڑا نے عید الفطر جمعتہ الوداع اور لیلتہ القدر کی ڈیوٹیوں کو حتمی شکل دے کر ڈیوٹی پلان مرتب کرلیا ہے۔ موجودہ ہنگامی حالات کے پیش نظر ریسکیو 1122 اوکاڑا کے عملہ کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں ہیں اور تمام سٹاف کا ایمرجنسی روسٹر ترتیب دے دیا ہے۔ ضلع بھر میں جمعتہ الوداع اور نماز عید کے بڑے اجتماعات پر ریسکیو ایمبولینسز، موٹر بائیک سروس، فائر سروس، ریسکیو اہلکار اور ریسکیو والنٹیئرز اوکاڑا، دیپالپور اور رینالہ خورد میں اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔ جو کسی بھی ناگہانی صورت حال سے نمٹنے کے لیے بروقت تیار رہیں گی۔ تاکہ کسی بھی ایمرجنسی صورت حال میں عوام کو فوری ریلیف دیا جا سکے۔ مزید بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ریسکیو اہلکاروں کے ساتھ ساتھ ریسکیو محافظ بھی اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں گے جن کو ریسکیو 1122 کی جانب سے ایمرجنسی کی مکمل تربیت دی گئی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ نماز عیدالفطر، جمعتہ الوداع اور لیلتہ القدر کے دوران ضلع بھر میں عیدگاہ اور جامع مساجد کے باہر ریسکیو 1122 کی پوسٹس قائم کی جائیں گی جس کے علاوہ ایک ریسکیو وہیکل، 50 سے زائد موٹر بائیک ایمبولینس، 04 فائر وہیکلز اور 18 ایمبولینسز بھی ہمہ وقت موجود رہیں گی۔ اس سلسلے میں انسپکشن ٹیم بھی تشکیل دی گئی ہے جو کہ سٹاف اور انکی کارکردگی کا جائزہ لے گی جس کی نگرانی ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام خود کریں گے۔ ریسکیو کنٹرول روم سٹاف کو بھی چوبیس گھنٹے الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کی جانب سے عیدالفطر کے حوالہ سے ٹریفک پلان تشکیل

اہم شاہراہوں، پارکوں، مارکیٹس اور اہم مساجد کے باہر ٹریفک اہلکار تعینات ہوں گے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایت پر عیدالفطر کے حوالہ سے باقاعدہ ٹریفک پلان تشکیل دے دیا گیا ہے۔ چاند رات کو تمام اہم مارکیٹس میں اضافی نفری تعینات کی جائے گی تاکہ ٹریفک کا بہاؤ برقرار رہ سکے۔ اہم شاہراہوں، مساجد، پارکس اور مارکیٹس میں اضافی نفری تعینات کرتے ہوئے شہریوں کو محفوظ راستہ فراہم کیا جائے گا۔ خواتین اہلکاروں پر مشتمل دستے بھی مارکیٹس جائے میں تعینات ہیں۔ چاند رات کے موقع پر کسی بھی منچلے کو ہلڑ بازی، ریسنگ وغیرہ کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی۔ ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے ان کے خلاف مقدمات درج کروائے جائیں گے۔ سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا کہنا تھا کہ سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ شہر میں ترقیاتی کاموں کے باوجود ٹریفک کے بہاؤ کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔ ٹریفک پولیس کم افرادی قوت کے ساتھ بھی روزانہ بارہ سے پندرہ لاکھ گاڑیوں کو محفوظ راستہ فراہم کرتے ہیں۔ سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ اپنے تمام تر ممکن وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کو بہترین خدمات فراہم کرنے میں مصروف عمل ہے۔ ان اہم ایام کے موقع پر شہریوں کو چاہیے کہ ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے مہذب شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

سول ڈیفنس وارڈنز کی ٹریفک پولیس کے ہمراہ رمضان ڈیوٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی قیادت میں سول ڈیفنس سیالکوٹ کی رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں سیالکوٹ ٹریفک پولیس کے ساتھ ٹریفک ڈیوٹی کے موقع پر ڈیوٹی روسٹر ہے عین مطابق مختلف سول ڈیفنس گروپس کے ان یونیفارم سول ڈیفنس وارڈنز اپنی ڈیوٹی مکمل تندہی و فرض شناسی سے انجام دے رہے ہیں جبکہ ڈی ایس پی ٹریفک سٹی و صدر سرکل کی خصوصی ہدایت و چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کے حکم پر ڈپٹی گروپ وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید وارڈنز پوائنٹس ڈیوٹی چیکنگ پر معمور ہیں۔ افطار کے موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ جناب فیصل شہزاد نے ڈی ایس پی ٹریفک صدر سرکل عدنان قاسم واہلہ، ڈی ایس پی ٹریفک ہیڈ کوارٹر مدثر صدیق، ڈی ایس پی سٹی سرکل مبشر قادر، انسپکٹر و ریسورس پرسن ملک خرم شہزاد، انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ ڈاکٹر سید شفقت رسول و دیگر آفیسران و ٹریفک اہلکاروں کیساتھ افطار کیا۔ ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر مدثر صدیق نے باضابطہ سول ڈیفنس سیالکوٹ باوردی وارڈنز ڈیوٹی بارے ڈی پی او سیالکوٹ کو آگاہ کیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے اس موقع پر ڈپٹی گروپ وارڈن خواجہ عامر جاوید سے ٹریفک ڈیوٹی پر معمور والنٹیئرز بارے استفسار کیا جس پر ان کو سیالکوٹ کے مختلف مقامات پر آن ڈیوٹی ان یونیفارم سول ڈیفنس وارڈنز کی ڈیوٹی بارے آگاہ کیا۔

سکندر عرف سکندرو چور گینگ کے 02 ارکان پولیس کے شکنجے میں: مقدمہ درج

پولیس کی بڑی کارروائی: ملزمان کے قبضہ سے 05 عدد موبائل فونز، ایک عدد ٹچ ٹیب، ویڈیو کیمرہ مالیتی 5.2 لاکھ برآمد

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں چوروں اور ڈکیتوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن فرحت عباس کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس و دیگران نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سکندر عرف سکندرو چور گینگ کے دو ارکان کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے 05 عدد موبائل فونز، ایک عدد ٹچ ٹیب، ویڈیو کیمرہ، تین عدد لیپ ٹاپ، یو پی ایس اور موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں سکندر علی اور علی شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزم نے انکشاف کیا کہ انہوں نے متعدد چوری اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں کیں ہیں۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ چور اور ڈکیت معاشرے کا ناسور ہیں ان کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔

کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے تجاوزات کے خاتمہ کی مہم کا جائزہ لیا

چیف آفیسر حیدر علی چٹھہ کے ہمراہ لاہوری دروازہ گلہ مندروالہ۔ سید نگری بازار۔ تھانیوالے بازار۔ کھیالی گیٹ۔ چوک نیائیں کا دورہ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد۔ کا چیف آفیسر حیدر علی چٹھہ کے ہمراہ لاہوری دروازہ گلہ مندروالہ۔ سید نگری بازار۔ تھانیوالے بازار۔ کھیالی گیٹ۔ چوک نیائیں۔ اردو بازار۔ کچا برتن والا بازار۔ چوک گھنٹہ گھر۔ ٹھاکر سنگھ گیٹ کا وزٹ۔ اس دوران انہوں نے کارپوریشن انتظامیہ کی ہٹائی گئی تجاوزات کا جائزہ لیا اور کارپوریشن عملہ کو تجاوزات کے خلاف مزید تیز کاروائی کا حکم دیا۔ اور عملہ کو انسداد تجاوزات کے خلاف بہترین کام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی بھی کی۔ ریگولیشن سپرائیٹنڈنٹ رحمت علی انصاری۔ انکروچمنٹ انسپکٹر عرفان نسیم بٹ۔ نے تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 دوکانیں سیل۔ 200 کے قریب عارضی و پختہ تجاوزات کا صفایا کروا دیا گیا۔

محمد خالد وسیم کی کوآپریٹو آفس ACR کی صاحبزادی کی شادی میں شرکت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسسٹنٹ دفتر سرکل رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز سیالکوٹ رانا نصراللہ آفتاب کی صاحبزادی اور سٹاف ماڈل ٹاؤن سوسائٹی رانا وارث نصراللہ کی ہمشیرہ کی شادی خانہ آبادی کی تقریب سیالکوٹ کے مقامی میرج ہال میں منعقد ہوئی جس میں کنوینیر اتحاد گروپ صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ، سیکرٹری محمد عظیم، ڈائریکٹران محمد یونس مغل، حاجی فیصل سہیل، محمد عظیم بٹ، سابقہ جوائنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز گوجرانوالہ چوہدری محمد ایوب، سابق سرکل رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز سیالکوٹ، چوہدری فخر زمان، سرکل رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز نارووال صباحت علی خان، سابق اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز کامونکی رانا علی محمد، اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز سیالکوٹ محمد اعظم، اسسٹنٹ رجسٹرار (ایگری ایڈوائزر) کوآپریٹو سوسائٹیز پنجاب محمد یاسین اعوان ※ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز صدر سیالکوٹ محمد سلیمان مغل، انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز کوٹلی لوہاراں طیب الرحمن، سب انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز پکا گڑھا کاشف اقبال، سابق انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز نارووال محمد جاوید اقبال، جونیئر کلرک دفتر سرکل رجسٹرار سیالکوٹ علی حسن، جونیئر کلرک دفتر سرکل رجسٹرار نارووال تنویر چیمہ اور عزیز و اقارب کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

تشدد اور سیاسی جدوجہد میں حد فاصل ضروری ہے!

بلوچ یکجہتی کمیٹی کے لیڈروں کی گرفتاری کے بعد احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔ ایک طرف حکومت کی طرف سے سخت رویہ اختیار کیا گیا ہے تو دوسری طرف بی وائی سی نے کسی نرمی کا مظاہرہ کرنے کی بجائے تصادم کو ہوا دینے کی کوشش کی ہے۔ یہ لڑائی گرفتاریوں اور شٹرڈاو?ن ہڑتال سے بڑھ کر اب سوشل میڈیا پر ایک دوسرے کے خلاف پروپیگنڈے تک پھیل چکی ہے جس میں کردار کشی کی جارہی ہے اور اشتعال انگیزی کی ناگوار صورت حال پیدا ہو رہی ہے۔ احتجاج کا یہ سلسلہ 11 مارچ کو وادی بولان میں جعفر ایکسپریس کے اغوا کے اور دہشت گردوں کے قبضے سے مسافروں کی رہائی کے لیے ہونے والی فوجی کارروائی کے بعد سے شروع ہوا۔ اس سانحہ میں 33 دہشت گرد مارے گئے تھے لیکن 31 شہری بھی جاں بحق ہوئے جن میں فورسز کے ارکان بھی شامل تھے۔ بلوچ لبریشن آرمی نے اس حملہ کی ذمہ داری قبول کی تھی۔ حکومت نے فوجی کارروائی میں مارے جانے والے دہشت گردوں کی لاشیں ان کے ورثا کے حوالے کرنے کا اعلان کیا تھا۔ خبروں کے مطابق کسی دہشت گرد کا کوئی وارث تو سامنے نہیں آیا لیکن بلوچ یک جہتی کمیٹی نے حکومت سے یہ لاشیں اس کے حوالے کرنے کا مطالبہ کیا جو نامنظور کر دیا گیا۔ اس کے بعد حالات و واقعات کے بارے میں متضاد اور اپنے اپنے نقطہ نظر سے معلومات فراہم کی جارہی ہیں۔ لیکن ایک طرف بی وائی سی کے کارکنوں و لیڈروں نے تشدد کا راستہ اختیار کیا تو دوسری طرف حکومت نے کسی قسم کی رعایت کرنے کی بجائے بلوچ یک جہتی کمیٹی کی خاتون لیڈروں سمیت متعدد کارکنوں کو گرفتار کر لیا۔ کوئٹہ سے گرفتار ہونے والوں میں بی وائی سی کی لیڈر ماہ رنگ بلوچ بھی شامل تھیں۔ ایک روز بعد کراچی پریس کلب کے باہر احتجاج کرنے کی کوشش میں ایک دوسری ممتاز لیڈر سمی بلوچ کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ اب بلوچ گروہ اس نکتہ پر احتجاج منظم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ حکومت نے خواتین کو گرفتار کر کے بلوچوں کی عزت کو للکارا ہے۔ خاص طور سے بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے سربراہ سردار اختر مینگل کے بیان میں اس کی گونج سنائی دیتی ہے۔ حالانکہ یہ گرفتاریاں صنفی بنیاد پر نہیں ہوئیں بلکہ احتجاج اور پولیس سے مقابلہ کی صورت حال میں بلاتخصیص لوگوں کو گرفتار کیا گیا جن میں ماہ رنگ بلوچ اور دوسری خواتین بھی شامل ہیں۔ اس مسئلہ کو عورتوں کے ساتھ زیادتی کا معاملہ نہیں کہا جا سکتا۔

اگرچہ کسی سیاسی تحریک سے وابستہ افراد کی گرفتاریاں ناقابل قبول ہیں کیوں کہ سیاسی معاملات کو صلح صفائی اور مفاہمت سے حل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم یہ ذمہ داری حکومت اور مخالف فریق پر یکساں طور سے عائد ہوتی ہے۔ کوئی سیاسی تحریک اسی وقت تک قابل احترام اور عوامی تائید کی مستحق ہوتی ہے جب تک مطالبات کو پر امن طریقے سے پیش کیا جائے، احتجاج کے دوران تشدد کا راستہ اختیار نہ کیا جائے اور قانون کا احترام پیش نظر رکھا جائے۔ حالیہ تصادم کے دوران دیکھا جا سکتا ہے کہ اگر حکومتی اداروں نے زیادتی کی یا احتجاج ختم کرانے کے لیے طاقت کا استعمال کیا گیا تو بلوچ یک جہتی کمیٹی کی طرف سے بھی تشدد بروئے کار لایا گیا۔ کسی وقتی ہیجان خیز ماحول میں شروع ہونے والا تصادم ایسی صورت حال کا سبب بن سکتا ہے۔ تاہم اس کے فوری بعد حکومت اور احتجاج منظم کرنے والوں کو ہوشمندی سے، مفاہمت کی طرف لوٹنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ایک دوسرے پر حملے کرنے، الزام تراشیوں اور دھمکیاں دینے سے حالات بہتر ہونے کا امکان نہیں ہوتا۔ یہ تنازعہ اگرچہ بلوچ یک جہتی کمیٹی اور حکومت کے درمیان دہشت گردوں کی لاشوں کی 'ملکیت' کے سوال سے شروع ہوا لیکن بعد میں اس نے تشدد کی صورت اختیار کر لی، جس کا مظاہرہ مبینہ طور پر دونوں طرف سے کیا گیا ہے۔ ایسے میں مناسب ہوتا کہ دونوں ہی اپنی غلطی تسلیم کر کے ایک قدم پیچھے ہٹنے کی کوشش کرتے۔

بلوچستان، باریک بینی درکار ہے

تحریر: محمد مہدی

گزشتہ کالم میں بلوچستان کے حوالے سے کچھ گزارشات عرض کی تھی۔ کچھ احباب نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اس پر مزید گفتگو ہو، خاص طور پر اس تصور پر کے بلوچستان میں مسلح کارروائیاں کرنے والے عناصر کے سرپرستوں کے ذہن میں کیا کوئی اور بھی منصوبہ بندی ہو سکتی ہے اور اس زمینی حقیقت کے اظہر من الشمس ہونے کے باوجود کے وہ پاکستان کی جغرافیائی سلامتی کو گزند نہیں پہنچا سکتے ہیں مگر پھر بھی خون آلود کرنے پر گامزن ہیں، آخر ہدف کیا ہے؟ اور یہ تصور کے ہدف کوئی اور ہے یا ہو سکتا ہے، آپ کیوں سمجھتے ہیں؟

بات واضح ہے کہ کوئی بھی ہوش مند رہنما ایسی کوئی حکمت عملی اختیار نہیں کرتا ہے کہ جو اس کے حامی افراد کو لا حاصل مشقت میں ڈال دے۔ بلوچستان کی تاریخ گواہ ہے کہ اس میں حالات کو خراب کرنے کی کوشش کے حوالے سے اقدامات سے مقاصد اور حاصل کرنے کی حکمت عملی اختیار کی جاتی رہی ہے۔ اور اس کی تاریخ آزادی کے وقت سے ہی اس حوالے سے واضح نظر آتی ہے۔

انڈیا آزادی کے ساتھ ہی حیدرآباد دکن کی ریاست کو اپنے میں ضم کرنے کے لئے باو?لا ہوا جا رہا تھا مگر اس کو فوجی کارروائی کرنے کا کوئی موقع میسر نہیں آ رہا تھا حالاں کہ یہ ایک طے شدہ حقیقت تھی کہ حیدرآباد دکن یا کوئی بھی دیسی ریاست نوآبادیاتی دور کے خاتمہ کے بعد اپنی نام نہاد خود مختاری کو برقرار نہیں رکھ سکیں گے اور ان کو انڈیا یا پاکستان میں شمولیت اختیار کرنا پڑے گی۔ مگر اس کے باوجود انڈیا حیدرآباد کو جلد از جلد خود میں ضم کرنے کے لئے نت نئی چالیں چلنے میں مصروف تھا۔

وی مینن انڈیا کے سیکرٹری آف اسٹیٹس ڈیپارٹمنٹ تھے اور ان کے حوالے سے آل انڈیا ریڈیو نے یہ خبر 27 مارچ 1948 کو نشر کی کہ خان آف قلات نے انڈیا میں شمولیت کے لئے درخواست کی تھی جو کہ مسترد کر دی گئی ہے۔ یہ شوشہ صرف اس لئے چھوڑا گیا تھا کہ پاکستان جلد بازی یا گھبراہٹ کے عالم میں قلات پر کوئی فوجی کارروائی کر دے اور انڈیا کو حیدرآباد دکن پر فوجی کارروائی کا جواز مل جائے کہ اگر ایک دیسی ریاست کے ساتھ ایسا ہو سکتا ہے تو دوسری کے ساتھ کیوں نہیں؟

یہ خبر نشر کرنے کے حوالے سے معروف بلوچ مو?رخ میر گل خان نصیر کہتے ہیں کہ یہ سفید جھوٹ تھا۔ اس سفید جھوٹ کے اتنے گہرے اثرات مرتب ہوئے کہ خان آف قلات کو فوری طور پر خود اس انڈیا کے دعوے کی تردید کرنی پڑی، اس مختصر سی گفتگو سے بات واضح ہو جاتی ہے کہ انڈیا کے مقاصد میں بلوچستان نہیں تھا مگر بلوچستان کے نام کو استعمال کر کے انڈیا اور مقاصد حاصل کرنا چاہتا تھا۔ جب ون یونٹ قائم کیا گیا تو بجا طور پر بلوچ عوام میں اس بات کا احساس پیدا ہوا کہ ون یونٹ کے قیام سے کہیں ان کی تہذیب وثقافت کو گزند نہ پہنچ جائے۔ جب ون یونٹ قائم کیا گیا تو بجا طور پر بلوچ عوام میں اس بات کا احساس پیدا ہوا کہ ون یونٹ کے قیام سے کہیں ان کی تہذیب وثقافت کو گزند نہ پہنچ جائے

پھر افسر شاہی کا رویہ دور نوآبادیات کی مانند ہی تھا۔ خیال رہے کہ افسر شاہی کے رویہ کی شکایات صرف بلوچستان تک محدود نہیں تھیں، مسئلہ پورے پاکستان کا تھا بلکہ آج بھی ہے مگر بلوچستان میں غیر بلوچ افسران کی وجہ سے یہ تاثر قائم ہوا کہ ان افسران میں علاقائی تعصبات بھی موجود ہیں۔ ان حالات میں 17 دسمبر 1957 کو قلات میں بلوچ سرداروں کا جرگہ ہوا جنہوں نے ایک چھے نکاتی میمورنڈم خان آف قلات کو پیش کیا۔ خان آف قلات نے 44 رکنی وفد کی ملاقات کا بندوبست صدر اسکندر مرزا سے کیا اور اس ملاقات میں صدر اسکندر مرزا نے یہ بھانپ لیا کہ اگر ان کی بات نہ سنی گئی تو بلوچ علاقے شورش کا شکار ہو جائیں گے۔

اسکندر مرزا اچھی طرح سے جانتے تھے کہ اگر 1956 کے آئین کے تحت عام انتخابات منعقد ہو گئے تو وہ صدر کے عہدے پر براجمان نہیں رہ سکیں گے اور وہ ہر قیمت پر عہدہ بچانا چاہتے تھے۔ بلوچستان کی بے چینی میں ان کو اپنی کامیابی نظر آنے لگی اور میمورنڈم میں پیش کیے گئے مسائل کو حل کرنے کی بجائے ان کو بڑھاوا دے کر وہ 1956 کے آئین سے جان چھڑا کر مارشل لا نافذ کرنے کی حکمت عملی تیار کرنے لگے۔ قصہ کوتاہ 1958 تک حالات کو جان بوجھ کر اس حد تک خراب ہونے دیا یا خراب ظاہر کیا کہ قلات میں فوجی آپریشن کر ڈالا، مارشل لا تو لگ گیا مگر درحقیقت اس مارشل لا کے پہلے شکار خود اسکندر مرزا بنے۔

خان آف قلات کے بیٹے پرنس یحییٰ راوی ہیں کہ خان آف قلات نے قائداعظم سے کہا تھا کہ اگر آپ کے ساتھ کوئی نہیں کھڑا ہوگا تو ہم کھڑے ہوں گے، پرنس یحییٰ نے خان آف قلات کو انگریز کی ایک پیش کش کا ذکر کیا ہے کہ انگریز نے ان کے والد کو آفر کی تھی کہ آپ ہمیں بندرگاہ، پسنی اور کوئٹہ چھاو?نی دیں تو آپ اردن کی طرح ایک آزاد ملک ہوں گے مگر خان نے ان سے کہا کہ ہمیں اردن نہیں چاہیے ہم ایک ملک بنا رہے ہیں۔ پرنس یحییٰ یہ بھی کہتے ہیں کہ میرے والد کی انگریز کی نظر میں اچھی حیثیت تھی مگر جب انہوں نے پاکستان کی بات کی تو وہ انگریز کی بلیک لسٹ میں آ گئے۔

خان آف قلات میر احمد یار خان کے بیٹے کی گواہی خان آف قلات کے پاکستان کے حوالے سے خدمات کو واضح کر دیتی ہے۔ یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ انڈیا میں تاج برطانیہ کے ماتحت دیسی ریاستوں کے معاملات بہت پیچیدہ تھے ان میں اپنے حوالے سے مختلف تصورات قائم تھے جن کا استعمال ابتدا سے ہی شروع ہو گیا تھا۔ انگریز کے چلے جانے کے بعد ان تمام ریاستوں کا انضمام کوئی اگلے ہی دن پاکستان یا انڈیا سے نہیں ہو گیا تھا۔ اس میں مختلف وقت لگا مگر اس وقت کو ایسے بیان کرنا جیسے یہ کوئی علیحدہ سے آزادی تھی معاملات سے ناواقفیت یا جان بوجھ کر شرارت پیدا کرنے کے اور کچھ نہیں ہے۔

قصہ مختصر کہ وی پی مینن کا سفید جھوٹ ہو یا اسکندر مرزا کی حکمت عملی کہ ون یونٹ سے پیدا ہوئی شکایات کو رفع کرنے کی بجائے معاملات خراب ہونے دیے جائیں صرف حالات کا اپنے حق میں استعمال کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ اس وقت بھی تجزیہ صرف اس کا کرنا چاہیے کہ حالات کو خراب کر کے کون اور کیا فائدہ اٹھانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

فوائد کوئی غیر ملکی طاقت اٹھانا چاہتی ہے، اس کے ساتھ کوئی ملک میں موجود طاقت فائدہ اٹھانا چاہتی ہے اور کیا فائدہ اٹھانا چاہتی ہے؟ جب ہم اس کیا کا جواب حقیقت میں حاصل کر لیں گے تو اس کو کیسے روکنا ہے اس سوال کا جواب بھی تلاش کر سکیں گے۔ اور اگر اس "کیا" کو نہ سمجھ سکیں تو پھر صرف چند خواتین کے دھرنے کو بھی عالمی خبر بننے سے نہیں روک سکیں گے۔

پاکستانی خواتین صنف آہن ہیں

تحریر: شاہ زمان بھنگر

چولستان کے بنجر صحرا کو آباد کرنے کے لیے کینالز بنانے کا کام زور وشور سے جاری ہے، اطلاعات ہیں کہ بیرون ملک سے سرمایہ کاروں کو دعوتیں دی جا رہی ہیں، ملک کے امیر اور مراعات یافتہ شخصیات کو مخصوص مدت کے لیے پانچ پانچ ہزار ایکڑ رقبہ دیا جا رہا ہے، واحد شرط یہ ہے کہ مقررہ مدت میں سارا رقبہ آباد کرنا ہے، ٹیوب ویلز، ڈرپ اریگیشن اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنانا ہوگا، مزدور لانے ہوں گے، کھیت اگانے ہوں گے - یہ ایک طرف کی پالیسی اور خواب ہیں، طاقت ہے، اقتدار ہے، سب کچھ ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ یہ سب غیر آئینی یا غیر قانونی نہیں ہو رہا لیکن بدنیتی سے ضرور ہو رہا ہے، کیونکہ اس متنازع منصوبے کو نگران دور میں وفاقی حکومت نے چنیدہ لوگوں کی ربر اسٹیمپ نگران حکومت سندھ کی منظوری سے آئینی وقانونی تحفظ دلایا ہے تاکہ پیپلز پارٹی یا کسی اور سیاسی جماعت کو یہ کہنے کی ضرورت نہ رہے کہ یہ کالک انھوں نے اپنے چہرے پر ملی ہے۔

9 جولائی 2024 کو صدر آصف زرداری کی زیر صدارت اجلاس میں چھ کینالز بنانے کی منظوری دی گئی، جن میں سے پچھی کینال منصوبے پر پہلے سے کام جاری ہے، رینی کینال اور تھر کینال منصوبوں کا تعلق سندھ سے ہے، وہ قابل عمل ہی نہیں، مگر تین کینالز پنجاب کی بنجر زمینوں کو سیراب کرنے کے لیے بنائے جا رہے ہیں، جن میں چشمہ رائٹ بینک کینال، گریٹر تھل کینال اور چولستان کینالز، مذکورہ تین کینالز پر سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ ان کی شروعات تو دریائے ستلج سے دکھائی جا رہی ہے مگر چونکہ ستلج میں پانی کی مقدار کم ہے، اس لیے آگے چل کر دریائے سندھ کا پانی لے کر ان علاقوں کو سیراب کرنا لازمی ہو جائے گا۔

رینی کینال اور تھر کینال بظاہر ایسا لولی پاپ ہیں جن کا حقیقت بننا مشکل ہے کیونکہ جب چشمہ سے پہلے چار کینالز کے لیے 19 لاکھ کیوسک پانی نکال لیں تو سندھ کے لیے پانی بچتا ہی نہیں، پہلے سے آباد زمینوں کو پانی نہیں ملے گا تو نیا کینال بنانا کیسے ممکن ہوگا؟

پیپلز پارٹی اس بات کی تو کوئی وضاحت نہیں کرتی مگر سندھ کے حکمران کمال ڈھٹائی سے کہتے نظر آتے ہیں کہ وہ یہ کینال بننے نہیں دیں گے۔ پارلیمنٹ میں اس منصوبے کے خلاف تقاریر تو کرتے ہیں مگر کوئی قرارداد تک نہیں لاتے، بلاول بھٹو نون لیگ کی حکومت سے ناراضگی کی بات تو کرتے ہیں مگر اس مسئلے پر قانون سازی کی کوئی بات نہیں ہوتی۔

دوسری طرف سندھ کے غریب، کمزور، بے روزگار، ننگے پیر لوگ ہیں جن کے پاس یا تو پہلے سے زمین نہیں، یا بہت کم اراضی ہے مگر مملکت خداداد پاکستان میں ایک ہی چیز ہے اپنی دھرتی، جس کو وہ آباد اور سرسبز دیکھنا چاہتے ہیں۔

سندھ کے لوگوں کا کہنا ہے کہ دریائے سندھ کا پانی روک لیا جائے گا تو لوگ پانی کی بوند بوند کو ترسیں گے، ڈیلٹا تباہ ہو جائے گا، سمندر زمین کو نگلنے کا عمل تیز کر دے گا اور سندھ میں انسان تو کیا چرند پرند کا رہنا بھی ممکن نہیں رہے گا۔ اس لیے یہ مسئلہ سندھ کی بقا کا مسئلہ ہے۔ کوئی بھی دانشور اسلام آباد، لاہور یا کسی اور بڑے شہر میں بیٹھ کر سندھ کی نفسیات اور سیاست کو سمجھ ہی نہیں سکتا کیونکہ ان کے پاس سمجھنے کا ایک ہی پیمانہ ہے، الیکشن، باوجود اس کے کہ سب جانتے ہیں کہ ملک میں الیکشن کس طرح ہوتے ہیں، ہر بار الیکشن چرانے کے لیے نت نئے طریقے ایجاد ہوتے ہیں مگر ہمارا اسوٹڈ بوٹڈ دانشور یہی سمجھتا ہے کہ ہر بار ایک ہی سیاسی جماعت الیکشن جیت کر آتی ہے، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ سندھ کے لوگ تو مرتے مر جائیں گے، بھٹو کا قرض چکاتے نسلیں برباد ہو جائیں گی مگر کبھی کسی اور کو ووٹ نہیں کریں گے۔

اقتداری ایوانوں تک رسائی رکھنے والا سندھ کا دانشور طبقہ بھی کسی نہ کسی حد تک مراعات یافتہ ہے اور وہ کھل کر سندھ کی کمپنی سرکار کے خلاف نہ بات کرتا ہے، نہ رائے کا ایمانداری سے اظہار کرتا ہے۔

اگر آپ سندھ کو سمجھنا چاہتے ہیں تو کبھی حیدرآباد سے آگے کا سفر کریں، لوگوں سے ملیں، ان کو یقین دلائیں کہ آپ سچ جاننا چاہتے ہیں، پھر شاید آپ حقائق کی کھوج لگانے میں کسی حد تک کامیاب ہو جائیں۔

اس وقت سندھ میں ایک ہی پارٹی اقتدار میں ہے، شہروں میں کسی حد تک ایم کیو ایم، پی ٹی آئی، جماعت اسلامی موجود ہیں، دیہی علاقوں میں جے یو آئی کے اثر و رسوخ میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے مگر عملی طور پر اپوزیشن نہیں ہے۔ بہت سارے حلقوں میں پیپلز پارٹی کے خلاف امیدوار ہی نہیں، وجہ یہ ہے کہ پیپلز پارٹی نے ہر مخالف کو اپنے اندر جذب کر لیا ہے، اب ہر حلقے کا امیدوار اس ڈر سے سہا ہوا ہے کہ کہیں اس کی کوئی بات بڑے صاحبان کو بری لگی تو ٹکٹ روایتی مخالف کو مل جائے گا جواب پارٹی کا حصہ ہے۔

عدم تحفظ کا یہ احساس وزیر اعلیٰ سندھ تک پھیلا دیا گیا ہے، وہاں بھی دو سے تین رہنما نہ صرف شیروانیاں سلوا کر بیٹھے ہیں بلکہ لابنگ میں بھی مصروف ہیں۔ اس لیے سندھ کے ارکان اسمبلی اپنا وجود بچانے کے لیے خوشامدی بن کر اخلاقی ونفسیاتی پستیوں میں چلے گئے ہیں۔ ان سے جب عوام کینالز کا سوال پوچھتے ہیں تو وہی روایتی جملے بول دیتے ہیں کہ بلاول صاحب نے اور سی ایم صاحب نے کہا ہے کینالز نہیں بنیں گے، تو نہیں بنیں گے

سندھ میں اپوزیشن کا نہ ہونا شاید اسمبلی یا حکومت چلانے میں حکمرانوں کو آسان لگتا ہو مگر یہ اس لحاظ سے بہت خطرناک ہے کہ پی پی مخالف جذبات میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور غم و غصے سے بھرے نوجوانوں کے پاس قیادت کوئی ہے نہیں۔ وہ شاہ لطیف کا کلام پڑھتے ہیں جس کا مفہوم ہے کہ جنگ میں جاو? تو کبھی پیٹھ پر گھاو? لے کر مت مرنا، میت کے چہرے پر زخم ہوں تو ماں بھی انہیں دیکھ کر مطمئن ہو جاتی ہے کہ شہید بھاگا نہیں۔

ماڑی پور کا پرتشدد انخلاء: کراچی میں مقامی حقوق کا بحران اور پوشیدہ مفادات

تحریر: سکار جاکھرو

19 مارچ 2025 کو کراچی کے ماڑی پور علاقے میں اس وقت افراتفری پھیل گئی جب کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کی جانب سے ککا پیر کی قدیم ترین بستی سے انخلا کی کوشش پرتشدد تصادم میں تبدیل ہوگئی۔ یہ عمل مبینہ طور پر "مقبوضہ" زمین کو خالی کرانے کے لیے شروع کیا گیا تھا، لیکن یہ یونس آباد کے مقامی باشندوں اور پولیس اور رینجرز کے حمایت یافتہ حکام کے درمیان شدید جھڑپوں میں بدل گیا۔ ڈنڈوں سے حملے، گرفتاریاں، اور خاندانوں کی جبری بے دخلی نے ایک ایسی سنگین صورتحال کو اجاگر کیا جہاں حکومت انسانی زندگیوں پر بیوروکریٹک ایجنڈوں کو ترجیح دے رہی ہے۔ یہ واقعہ کوئی الگ تھلگ عمل نہیں بلکہ سندھ کی مقامی آبادی کے حقوق پر منظم حملے کی عکاسی کرتا ہے۔ ایسی کمیونٹیز جن کی تاریخی اور ثقافتی جڑیں کراچی کے جدید شہری عزائم سے کہیں گہری ہیں۔ یونس آباد میں کشیدگی برقرار ہے، اور یہ واقعات نہ صرف مذمت کے متقاضی ہیں بلکہ اس سوال کا بھی جواب مانگتے ہیں کہ آخر کس کے مفادات کی خدمت کی جا رہی ہے۔

ککا پیر بستی کوئی محض غیر قانونی آبادکاری نہیں۔ یہ کراچی کے قدیم دیہات کی زندہ گواہی ہے، جہاں کئی نسلوں سے خاندان اقامت پذیر ہیں۔ یہ مقامی باشندے زمین پر نئے آنے والے قبضہ گیر نہیں؛ وہ ایک ایسی وراثت کے محافظ ہیں جو شہر کے بڑھتے ہوئے شہری خوابوں سے پہلے کی ہے۔ تاہم، "ترقی" اور "زمین کی بحالی" کے نام پر کے پی ٹی نے انہیں بے رحمی سے بے دخل کر دیا، یونس آباد میں سات ایکڑ زمین کا دعویٰ کرتے ہوئے جہاں گھر تباہ ہوئے اور زندگیاں اجڑ گئیں۔ اس کارروائی کی سفاکی۔ جس میں پولیس نے مظاہرین پر ڈنڈوں سے حملہ کیا اور مخالفت کو گرفتاریوں سے خاموش کر دیا۔ ریاست کے اعمال اور اس کے شہریوں کے تحفظ کے فرض کے درمیان گہرے تضاد کو ظاہر کرتی ہے۔

یہ سندھ میں کوئی نیا رجحان نہیں بلکہ ایک وسیع نمونے کا حصہ ہے، جہاں مقامی کمیونٹیز کو زمینوں پر قبضے اور انخلا کا غیر متناسب نشانہ بنایا جاتا ہے۔ کارپوریٹ حصول سے لے کر سرکاری حمایت یافتہ منصوبوں تک، پسماندہ طبقات ان پالیسیوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں جو منافع کو انسانوں پر ترجیح دیتی ہیں۔ ماڑی پور میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری تعیناتی نے "امن برقرار" رکھنے کے نام پر ایک خوفناک ارادہ ظاہر کیا: شکایات کو حل کرنے کے بجائے دبانا۔ معاشی تنگدستی اور منظم غفلت سے پہلے ہی زخم خوردہ صوبے کے لیے، یہ اقدامات مقامی باشندوں کے ساتھ دھوکہ دہی کو مزید گہرا کرتے ہیں۔

یونس آباد کے واقعے کے بعد متصل آبادیوں میں خوف پھیل گیا ہے کہ رفتہ رفتہ انہیں بھی بے دخل کیا جائے گا۔ یہ خدشہ اس لیے بھی قوی ہے کہ انخلا کا یہ سلسلہ صرف ماڑی پور تک محدود نہیں بلکہ سندھ کے دیگر علاقوں میں بھی قدیم بستیاں نشانہ بن رہی ہیں، جس سے مقامی باشندوں میں بے چینی بڑھ رہی ہے۔

مقامی آبادی کا کہنا ہے کہ صوبے بھر میں غیر ملکی آبادیوں کا قیام نہ صرف بڑھ رہا ہے بلکہ ان میں سے کئی حکام کے لیے نوگوایریاز بن گئی ہیں، جبکہ مقامی قدیم بستیاں بے دردی سے مسمار کی جا رہی ہیں۔ یہ دوہرا معیار سندھ کے باشندوں کے استحصال اور ان کے حقوق کی پامالی کو واضح کرتا ہے۔

ماڑی پور کا تشدد بے لگام شہری توسیع کی انسانی قیمت کو عیاں کرتا ہے۔ گھر مسمار کر دیے گئے، روزگار تباہ ہوئے، اور ایک کمیونٹی کی تاریخ مٹا دی گئی۔ یہ سب "غیر قانونی طور پر قبضہ کی گئی" زمین کو دوبارہ حاصل کرنے کے نام پر جو کے پی ٹی نے کیا۔ تاہم، باشندوں کا بجا طور پر یہ کہنا ہے کہ وہ جائز رہائشی ہیں، ان کے آبائی دعووں کو اس بیانیے کے حق میں نظر انداز کر دیا گیا جو انہیں ترقی کے راستے میں رکاوٹ قرار دیتا ہے۔ خاندانوں کو انخلا کے خلاف مزاحمت کرتے دیکھنا، جن کا سامنا ڈنڈوں اور گولیوں سے ہوا، کسی بھی اخلاقی حکمرانی کے دعوے پر داغ ہے۔ یہ ترقی نہیں۔ یہ منصوبہ بندی کے روپ میں لوٹ مار ہے۔

کراچی کی قدیم بستیاں، جیسے ککا پیر، محض گھروں کے جھرمٹ نہیں؛ یہ شہر کے ثقافتی اور سماجی ڈھانچے کی بنیاد ہیں۔ ان پر حملہ شہری پالیسی میں امتیازی سلوک کی عکاسی کرتا ہے، جہاں کمزور طبقات کو قربان کیا جاتا ہے جبکہ بارسوخ افراد کے قبضوں کو اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی زیر قیادت سندھ حکومت اپنے شہریوں کی حفاظت میں ناکام رہی، بلکہ اس بڑے پیمانے پر بے دخلی کو ممکن بنایا۔ مرکزی سیاسی جماعتوں اور میڈیا کی خاموشی ان آوازوں کو مزید الگ تھلگ کر دیتی ہے، انہیں ایک مسلح ریاستی نظام کے سامنے تنہا چھوڑ دیتی ہے۔

اگرچہ کے پی ٹی اس انخلا کو معمول کا انتظامی اقدام قرار دیتا ہے، لیکن سندھ میں چین کی شمولیت کا وسیع تر تناظر ممکنہ پوشیدہ محرکات کے بارے میں سوالات اٹھاتا ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک)، چین کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کا ایک اہم منصوبہ، نے پاکستان کے بنیادی ڈھانچے میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے، جس میں کراچی ایک کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ کراچی پورٹ، چین کے تجارتی عزائم کے لیے ایک اہم مرکز، اور 5.3 بلین ڈالر کا کراچی کوسٹل کمپری ہینسو ڈویلپمنٹ زون۔ (کے سی سی ڈی زیڈ) جو 2021 میں (سی پیک) میں شامل کیا گیا۔ ساحل سمندر کے علاقے کے لیے ایک تبدیلی کا ایجنڈا ظاہر کرتا ہے۔ اگرچہ ماڑی پور کے انخلا کا سی پیک سے براہ راست تعلق ثابت نہیں، لیکن زمین کی بحالی اور بے دخلی کا نمونہ ان ترقیاتی اہداف سے ہم آہنگ ہے جو اکثر چینی اقتصادی مفادات کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔

سیاسی اور سماجی کارکنوں نے طویل عرصے سے سی پیک پر تنقید کی ہے کہ یہ استحصال کو بڑھاتا ہے، انخلا اور فوجی طرز کی سیکورٹی کو جو ماڑی پور میں رینجرز کی موجودگی سے مشابہت رکھتی ہے۔ ایسے منصوبوں کی نشانی قرار دیتے ہیں جو مقامی لوگوں کو منافع کے لیے بے دخل کرتے ہیں۔ کراچی کوسٹل کمپری ہینسو ڈویلپمنٹ زون خود پانچ لاکھ باشندوں کو بے دخل کرنے کا خطرہ رکھتا ہے، جو ککا پیر کے عمل سے بہت بڑا ہے لیکن مقامی حقوق کے لیے اس کی بے توجہی سے مماثلت رکھتا ہے۔ اگرچہ کے پی ٹی نے آزادانہ طور پر عمل کیا ہو سکتا ہے، لیکن کراچی کی سی پیک کے لیے اسٹریٹجک اہمیت اور سندھ میں چین کا گہرا اقتصادی حصہ ایک بالواسطہ تعلق کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ شاید مستقبل کے منصوبوں کے لیے زمین "خالی" کرنے کا دباو؟ اس طرح کے آپریشنز کے گرد عدم شفافیت صرف اس شبہ کو ہوا دیتی ہے کہ کسی کے ایجنڈے کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ ماڑی پور کے واقعات کراچی کے ترقیاتی نقطہ نظر پر نظر ثانی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ترقی انسانی وقار، ورثے، اور حقوق کی قیمت پر نہیں ہونی چاہیے۔

مجرم کا ساتھ دینے کا جشن

تحریر: مہناز رحمان

جہالت کو جھولوں میں ڈال کر جھولا جھلانے والوں کی کوئی کمی نہیں۔ وہ درسگاہیں جہاں علم پیدا ہونا ہے، وہاں مجرموں کو پال کر جہالت پروان چڑھائی جا رہی ہے۔ مجرموں کے ساتھ کھڑا ہونے کی برصغیر میں پرانی تاریخ ہے۔ جاگیردارانہ سماج کی اقدار کچھ ایسی ہی ہوتی ہیں۔ زمین اور زر کے حساب سے بھلے کوئی جاگیردار یا وڈیرا نہ ہو مگر قانون کو نہ ماننے، قطار میں نہ کھڑا ہونے اور فخریہ مجرم کا ساتھ دینے والی جاگیردارانہ اقدار آکسفورڈ، کیمبرج اور ہارورڈ کے فارغ التحصیل صاحبان میں بھی ویسے ہے پائی جاتی ہیں جیسے پنچایتیں بٹھانے والے سرداروں میں ہیں۔

مجرم کے خلاف کتنے ہی ٹھوس شواہد ہوں، پورا گاو?ں یا ادارہ وہ حقائق اور شواہد دیکھ چکا ہو جو مستند ہیں اور مجرم کے خلاف ہیں مگر کوئی سردار اور صاحب مجرم کے ساتھ جیسے ہی کھڑا ہو گا تو پورا ادارہ اور گاو?ں مجرم کے گن گانے شروع کر دے گا۔ حقائق پر مبنی سچ دیواروں کا لکھا ہوتا ہے اور جہالت کو جھولوں میں جھلانے والے دیواروں کا لکھا نہیں پڑھا کرتے۔ سردار اور صاحب کا جھکاو? جس طرف ہو گا ادارے اور گاو?ں میں بسنے والوں کے لیے بھی وہ ہی حق اور سچ ہوتا ہے۔

سردار صرف جنوبی پنجاب کے ضلع مظفر گڑھ میں نہیں بستے جو مختاراں مائی کے خلاف پنچایت بٹھا کر زیادتی کرنے کے فیصلے کرتے ہیں۔ سردار ناخواندہ نہیں ہوتے، سردار آکسفورڈ، کیمبرج اور ہارورڈ جیسے اعلیٰ تعلیمی اداروں سے فارغ التحصیل بھی ہوتے ہیں۔ سرداری کے لیے علم کا ہونا یا نہ ہونا کوئی رکاوٹ نہیں ہو سکتا۔ جاگیردارانہ اور زرعی سماج میں اعلیٰ تعلیم یافتہ بھی سردار ہوتے ہیں۔ مجرم کے ساتھ کھڑا ہونے پر ہمارے معاشرے میں جتنا فخر کیا جاتا ہے، اتنا انصاف کے ساتھ کھڑا ہونے پر نہیں کیا جاتا۔ مجرم باعث فخر ہوتا ہے، مجرم سے دوستی اور تعلق کو اپنے شان میں اضافہ سمجھا جاتا ہے۔

ایسے مجرم جو اپنے حسد کی آگ میں آپ جل رہے ہوں، جنہوں نے اپنے ساتھیوں اور محسنوں کے دل ڈھائے ہوں، جنہوں نے بہروپیے کا کردار ادا کیا ہو۔ جنہوں نے کردار کشی اور الزام تراشی کے مینار کھڑے کیے ہوں۔ جنہوں نے جہاں بیٹھے، جہاں رہے اس جگہ پر اور وہاں کے لوگوں پر کیچڑ اچھالا ہو۔ وہ اچانک مجرم سے قومی اثاثہ بن جاتے ہیں۔ ان کو قومی اور اداراتی اثاثہ بنانے والے کوئی اور نہیں ہوتے مگر آکسفورڈ، کیمبرج اور ہارورڈ سے چکر لگا کر آنے والے بظاہر صاحب علم اور دانش ہوتے ہیں۔ اندر میں وہ صاحبان بھی پنچایت چاہتے ہیں اور اپنے اردگرد کے لوگوں کے اس پنچایت میں فیصلے کرتے رہتے ہیں۔ ایسے مزاج کے تعلیم یافتہ صاحبان چلتی پھرتی پنچایت ہوتے ہیں۔ پنچایت بٹھانے اور کسی کی پینٹ اتروانے میں جو مزا ہے، کسی کے وقار اور عزت سے کھیلنے میں جو لطف ہے، وہ صرف انتظامی سربراہی میں کہاں۔ مجرم کو تھپکی دینا، اس کی حوصلہ افزائی کرنا، لوگوں میں یہ تاثر دینا کہ "مجرم اپنا بندہ ہے، اپنا بچہ ہے"

مہلک غلطی کی جانب سفر

تحریر: محمد رضوان خان

پاکستان میں جاری سیاسی کش مکش اور خاص طور پر 9 مئی کے واقعات اور مقدمات میں تحریک انصاف کے رہنماو?ں اور کارکنوں کی گرفتاریوں اور سزاو?ں کے بعد قومی اُفق پر پھیل جانے والی سیاسی کڑواہٹ کے اثرات کو محدود کرنے میں کامیابی حاصل نہیں کی جا سکی۔ اِس صورت حال کو معمول پر لانا اس لیے بھی فوری طور پر ممکن نہیں کہ ملک میں سیاسی ڈائیلاگ کی گنجائش محدود ہو چکی ہے۔ شاید کوئی بھی پارٹی اپنے طور پر کشیدگی کو کم کرنے کی کوشش کرنے کے بھی قابل نہیں۔ اس صورت میں یہ ایک مزید تکلیف دہ بات ہے کہ جب ریاست پہلے سے زیادہ سلامتی کے خدشات سے دوچار ہے۔

تاریخی طور پر ہماری سیاسی پرورش مجادلے اور سود مند دھوکہ دہی کی جزئیات سے عبارت ہے اور شاید یہی وجہ ہے کہ اب ریاست کے اندر جمہوری روایات کا سراغ لگانا ممکن نہیں رہا۔ ہر طرف مایوسی بڑھ رہی ہے اور تھکی ماندی سیاسی جماعتوں سے کسی کو توقع نہیں کہ وہ ملک میں استحکام لانے کی اہلیت رکھتی ہیں۔ اقتدار کا مکھوٹا چڑھائے ہوئے نظر آتی پاکستان مسلم لیگ نے اپنی اولین صفوں میں سے سیاسی برداشت کی حامل قیادت کو پیچھے دھکیل دینے میں کامیابی حاصل کی ہے جب کہ پیپلز پارٹی جن جہاں دیدہ افراد کی گرفت میں ہے وہ نئی قیادت کو درکار صلح جوئی کے تصور سے دور رکھنے میں ابھی تک کامیاب ہیں۔ تحریک انصاف ایک سیاسی جماعت کے طور پر ابھی بلوغت سے دور ہے کیوں کہ اُس نے نہ صرف سیاسی کامیابی کے کئی شاندار مواقع کو ضائع کیا ہے بلکہ درکار سنجیدگی کو ترک کر کے سوشل میڈیائی حربوں کے ذریعے محض ریٹنگ کے حصول تک محدود ہے۔ واقفان حال جانتے ہیں کہ اس کی قیادت آپس میں بُری طرح گتھم گتھا ہے اور بانی جماعت صرف اُن جانبازوں پر خوش ہیں جو اسٹیبلشمنٹ اور سیاسی حریفوں پر حملوں میں مصروف ہیں۔ اس سے زیادہ سیاسی بصیرت کی توقع ابھی محض ایک خوش گمانی ہی ہے۔

دوسری طرف سیکیورٹی ادارے پوری طاقت سے انتہا پسندی اور دہشت گردی کے ساتھ جنگ میں مصروف ہیں۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں صورت حال تشویشناک ہے کیوں کہ ریاستی اداروں پر حملے کرنے والوں کی طاقت بڑھ رہی ہے۔

ایسی اطلاعات بھی ہیں کہ آنے والے دنوں میں پنجاب اور سندھ کے شہری علاقے بھی تشویش میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ اگر حالات مزید بگڑتے ہیں اور ڈیڑھ دہائی پہلے کی طرح ملک میں عدم استحکام کی لہر دوڑ جاتی ہے تو ایسے لگتا ہے کہ اب کی بار ریاست کو زیادہ نقصان اُٹھانا پڑے گا اور حالات کو معمول پر لانے میں زیادہ دقتیں حائل ہوں گی۔ عام طور پر ریاستیں پُرآشوب ادوار سے سیکھتی ہیں اور اپنے اداروں کو حالات کا مقابلہ کرنے کے قابل بناتی ہیں لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں ایسا ممکن نہیں ہو سکا۔ عدم استحکام کے دوران ہمارے حساس اداروں نے طاقت کے بل پر سیاسی نظام میں مداخلت کر کے وہ اثر و رسوخ حاصل کر لیا ہے جو آئین کی حدود میں رہتے ہوئے ناممکن تھا، اس عدم توازن نے غیر آئینی مداخلت کی راہ اس قدر ہموار بنا دی ہے کہ کسی بھی قسم کی جمہوری مزاحمت کا امکان ہی نظر نہیں آتا۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ملک میں کسی بھی قسم کی کشمکش یا عدم استحکام کی صورت میں سیاسی انتظام یا ڈائیلاگ کی کسی صورت کو قابل اعتنا نہیں سمجھا جاتا اور تمام نظریں طاقت کے بل پر حل تلاش کرتی ہوئی ملتی ہیں۔

شورش کے حامل صوبے خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ نے واضح الفاظ میں خبردار کر دیا ہے کہ وہ صوبے میں کسی قسم کے آپریشن کی اجازت نہیں دیں گے۔ کنفیوژن اور عدم اعتماد کا یہ عالم ہے کہ اسی اعلان کے دوران وہ یہ بھی کہتے ہوئے ملتے ہیں کہ اطلاعات کے مطابق بائیس ہزار کے قریب جنگجو سرحد کے آر پار مصروف عمل ہیں

اور گیارہ ہزار تک جنگجو سرحد پار کر کے اُن کے صوبے میں پہنچ چکے ہیں۔ ایسے محسوس ہوتا ہے کہ وہ سیکیورٹی اداروں کو متنبہ کر رہے ہیں کہ اتنی بڑی تعداد کے حامل جنگجو?ں کا مقابلہ کرنا ممکن نہیں اور اول تو وہ آپریشن نہیں کرنے دیں گے اور اگر کسی قسم کے آپریشن کی کوشش کی گئی تو وہ ناکام ہوگی۔ اُن کی طویل اور اُلجھی ہوئی گفتگو کا ل?ب لباب یہ ہے کہ عمران خان کو رہا کر دیا جائے تو صوبہ پُرامن رہے گا اور ریاست کے خلاف اعلان جنگ کر چکے ہزاروں جنگجو واپس پلٹ جائیں گے۔

دہشت گردی کے خلاف قومی یک جہتی کی ضرورت پر زور

حقائق

تحریر

وسیم علی مغل

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے دہشت گردی کے خلاف قومی یک جہتی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف سے قومی سلامتی کمیٹی کا نیا اجلاس بلانے کی اپیل کی ہے۔ گورنر ہاو?س لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ اجلاس خواہ ایک ماہ بعد ہی منعقد ہو لیکن کوشش کی جائے کہ اس میں سب سیاسی پارٹیاں شریک ہوں تا کہ قومی افہام و تفہیم سے تشدد کے اہم چیلنج کا مقابلہ کیا جا سکے۔ گزشتہ ہفتے کے دوران قومی سلامتی کے اجلاس میں تحریک انصاف کے علاوہ تحریک تحفظ آئین پاکستان میں شامل متعدد جماعتوں نے شرکت سے انکار کیا تھا۔ اس موقع پر یہ عذر تراشا گیا تھا کہ عمران خان کو اس اجلاس میں شرکت کی دعوت نہ دینے کی وجہ سے اجلاس کا بائیکاٹ کیا جا رہا ہے۔ تاہم یہ موقف تحریک انصاف کی طرف سے اختیار کیا گیا تھا، اس سیاسی اتحاد میں شامل باقی جماعتوں نے بلوچستان میں سرکاری پالیسی سے اختلاف کی وجہ سے شریک ہونے سے معذوری ظاہر کی تھی۔ ان میں خاص طور سے محمود خان اچکزئی اور سردار اختر مینگل قابل ذکر ہیں۔ حالانکہ بلوچستان کے ان دونوں لیڈروں کو اگرچہ قومی اسمبلی میں بڑی نمائندگی حاصل نہیں ہے لیکن خانہ جنگی کی طرف بڑھتے ہوئے صوبے کے نمائندوں کے طور پر وہ قومی اتحاد کے عمل کا حصہ بن کر کسی مناسب سیاسی حل کی طرف پیش قدمی کا حصہ بن سکتے تھے۔ اس سارے معاملے کا یہ پہلو بھی حیرت انگیز ہے کہ صرف ایک روز پہلے تحریک انصاف نے نہ صرف قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں شریک ہونے کا اعلان کیا تھا بلکہ اس اجلاس کے لیے اپنے ارکان کے نام بھی قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کو جمع کرا دیے تھے۔ البتہ جب اس کے ساتھ سیاسی اتحاد میں شریک چھوٹی جماعتوں کے لیڈروں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کو غیر ضروری قرار دینے کا موقف اختیار کیا تو تحریک انصاف نے بھی ایک نیا یوٹرن لیتے ہوئے اجلاس کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ حالانکہ اپوزیشن اتحاد کی سب سے بڑی اور نمایاں سیاسی قوت ہونے کی وجہ سے تحریک انصاف کو اپنی بات منوانی چاہیے تھی لیکن اس بڑی پارٹی کی مجبوری اور بدحواسی کا یہ عالم ہے کہ وہ چھوٹی پارٹیوں اور قومی اسمبلی میں صرف ایک نشست رکھنے والے لیڈروں کے پیچھے چلنے پر آمادہ ہے۔ وقت کے ساتھ کسی نہ کسی فورم سے یہ سوال ضرور اٹھایا جائے گا

کہ ایک ایسی پارٹی سے ملک کے عوام کیسی رہنمائی کی توقع کر سکتے ہیں جس کا کوئی واضح سیاسی موقف ہی نہیں ہے اور جو سیاسی نعرے بازی کے لیے چھوٹی پارٹیوں کو رہنما مان کر ملکی سیاست میں اپنا کردار ادا کرنے سے گریز کرتی ہے۔ حالانکہ تحریک انصاف اس وقت اگر قومی اسمبلی کی سب سے بڑی جماعت ہے تو اس کا یہ مطلب ہے کہ لوگوں نے اس پارٹی پر اعتماد کرتے ہوئے انہیں ووٹ دیے ہیں۔ سیاسی مقاصد سے حالات کو خواہ جیسے بھی بیان کیا جائے لیکن اگر عوام کی حمایت سے منتخب ہونے والے ارکان کوئی سیاسی لائحہ عمل سامنے لانے اور اس کی بنیاد پر حکومت اور دیگر پارٹیوں سے معاملات طے کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ نہیں کر پاتے تو وہ درحقیقت حق نمائندگی ادا کرنے میں ناکام ہو رہے ہیں۔ عمران خان کی حراست کئی لحاظ سے سیاسی ہے اور اس حوالے سے بحث کی جا سکتی ہے۔ لیکن کیا ایک سیاسی لیڈر کی گرفتاری اور اس کے خلاف حکومتی و ریاستی طاقت کے استعمال کو اتنا بڑا مسئلہ بنا کر قومی سلوگن بنایا جا سکتا ہے کہ قومی سلامتی جیسے اہم مسائل کے بارے میں بھی بات سے گریز کیا جائے۔ تحریک انصاف نے بعینہ یہی رویہ اختیار کیا ہے۔ یہ تو واضح ہے کہ پارٹی قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس اور اس میں پی ٹی آئی کی شرکت کی اہمیت سے آگاہ تھی لیکن چھوٹی پارٹیوں کے دباو? میں اس نے اس اصولی موقف کو تبدیل کر لیا۔ یوں قیادت کرنے کی بجائے دوسروں کے پیچھے لگنے کو ترجیح دی۔

حالانکہ عمران خان اور تحریک انصاف کے لیڈروں کو یہ سوچنا چاہیے کہ لوگوں نے انہیں ووٹ دے کر قومی اسمبلی میں قابل قدر نمائندگی کے قابل سمجھا ہے۔ انہوں نے محمود خان اچکزئی کی پارٹی کو اسی نوے نشستیں نہیں دلوائیں۔ عوام کے سامنے اچکزئی کی بجائے عمران خان اور ان کی پارٹی جواب دہ ہوگی۔

قوت
SHOWBIZ

پاکستان مینز کرکٹ ٹیم کیساتھ کام کا تجربہ اچھا رہا' حنا منور

مینز ٹیم کے ساتھ خاتون کی تقرری اچھا اور مثبت قدم تھا اور اسے مستقبل میں بھی ہونا چاہیے' گفتگو

لاہور (زیڈ این این) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی منیجر حنا منور نے کہا ہے کہ پاکستان مینز ٹیم کے ساتھ منیجر آپریشنز کے طور پر کام کرنے کا تجربہ اچھا رہا۔ لاہور میں نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے حنا منور نے کہا کہ اس سلسلے کو جاری رہنا چاہیے، پاکستان ٹیم کے سٹاف میں بھی خاتون سٹاف کی تقرری ہونی چاہیے۔ حنا منور نے کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں اور سپورٹ سٹاف کے دیگر اراکین نے بہت تعاون کیا، یہ ایک اچھا تجربہ رہا، مینز ٹیم کے ساتھ خاتون کی تقرری اچھا اور مثبت قدم تھا اور اسے مستقبل میں بھی ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا ہے کہ پوری دنیا میں سپورٹ سٹاف میں خواتین شامل ہوتی ہیں، ہمارے ہاں عجیب سمجھا جاتا ہے، ویمنز ٹیم کے ساتھ مرد ہوں گے تو کچھ اچھا کر کے جائیں گے اسی طرح مینز ٹیم کے ساتھ خواتین ہوں گی تو وہ کچھ سیکھ کر جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مینز ٹیم کے ساتھ خاتون کی تقرری ویمن امپاورمنٹ ہے، تفریق ختم ہونی چاہیے، خواتین کرکٹرز بڑی سلجھی ہوئی ہیں، مجھے زیادہ کوشش نہیں کرنی پڑ رہی، انہیں پیغام دے دیا گیا ہے اور وہ اس پر عمل کر رہی ہیں اور منیجر کی حیثیت سے یہی چیز درکار ہوتی ہے کہ جو آپ نے کہا ہے وہ دیکھنا ہے کہ اس پر عمل ہو رہا ہے یا نہیں۔ حنا منور کا مزید کہنا تھا کہ مہارت بڑھانے کے ساتھ ڈسپلن پر عمل بہت اہم ہے، مجھے زیادہ افسری نہیں جھاڑنا پڑ رہی، ایک ہی پیغام ہے کہ ڈسپلن میں رہیں کوچز کی باتوں پر عمل کریں اور زیادہ سے زیادہ ٹریننگ سے فائدہ اٹھائیں۔

بھارتی سابق ورلڈ باکسر خاتون کا تھانے میں شوہر پر حملہ، ویڈیو وائرل

میاں بیوی کے درمیان عدالت میں طلاق کا کیس چل رہا ہے۔ سویتی بورا نے طلاق کیلئے درخواست دائر کی تھی

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی سابق ورلڈ چیمپئن باکسر سویتی بُورا نے پولیس اسٹیشن میں اپنے شوہر کبڈی پلیئر دیپک نواس ہودا پر حملہ کر دیا۔ ویڈیو میں سابق ورلڈ چیمپئن باکسر کو اپنے شوہر پر حملہ آور ہوتے اور شور شرابہ کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ حملے کے وقت دیپک نواس ہودا کرسی پر بیٹھے رہے، اس دوران وہاں موجود لوگوں نے بیچ بچاؤ کرایا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق میاں بیوی کے درمیان عدالت میں طلاق کا کیس چل رہا ہے۔ سویتی بورا نے طلاق کے لیے درخواست دائر کی تھی، جس میں شوہر پر جہیز کے لیے ہراساں کرنے اور حملہ کرنے کا الزام عائد کیا گیا تھا۔ سویتی نے دعویٰ کیا کہ شوہر نے ایک لگژری کار مانگی تھی جو دے دی گئی، لیکن اس نے پھر بھی اس کے ساتھ بدسلوکی کی اور مزید رقم کا مطالبہ کیا۔ واضح رہے کہ سویتی بورا اور دیپک کی شادی 2022ء میں ہوئی تھی، دیپک ہودا ایک مشہور کبڈی کھلاڑی ہیں جنہوں نے بین الاقوامی ٹورنامنٹس میں ہندوستان کی نمائندگی کی ہے۔

کولبس: ووڈی ہیز ایتھلیٹک سینٹر میں اوہائیو اسٹیٹ پرو ڈے کے دوران ایک مشق میں حصہ لے رہے ہیں

کراچی کے ایچ اے رمضان انٹر کلب ہاکی چیمپئن شپ کے پہلے سیمی فائنل کے مہمان خصوصی اولمپئن افتخار رسید کا کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر' قومی ٹیم کا اعلان، قیادت فاطمہ ثنا کے سپرد

لاہور (آفاق دھاریوال) خواتین کی قومی سلیکشن کمیٹی نے 9 سے 19 اپریل تک لاہور کے قذافی سٹیڈیم اور ایل سی سی اے گراؤنڈ میں ہونے والے آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کوالیفائر کیلئے 15 رکنی قومی سکواڈ کا اعلان کر دیا۔ سکواڈ کا انتخاب سلیکشن کمیٹی کی جانب سے جاری دوسرے مرحلے کے تیاری کے کیمپ میں کھلاڑیوں کی فٹنس اور فارم کا جائزہ لینے کے بعد کیا گیا ہے جہاں کھلاڑیوں نے وارم اپ میچز اور پریکٹس سیشنز میں حصہ لیا۔ فاطمہ ثنا جنہوں نے 6 ٹی 20 اور دو ون ڈے میچوں میں پاکستان کی قیادت کی ہے 50 اوورز کے اس ایونٹ میں بھی ٹیم کی قیادت جاری رکھیں گی جبکہ شوال ذوالفقار دسمبر 2023 میں نیوزی لینڈ کے دورے کے دوران کندھے کی انجری میں مبتلا ہونے کے بعد اب قومی ٹیم میں واپس آئی ہیں۔ فاطمہ ثنا (کپتان) منیبہ علی (نائب کپتان)، عالیہ ریاض، ڈیانا بیگ، گل فیروزہ، نجیہہ علوی (وکٹ کیپر) نشرہ سندھو، نتالیہ پرویز، عمیمہ سہیل، رامین شمیم، سعدیہ اقبال، شوال ذوالفقار، سدرہ امین، سدرہ نواز (وکٹ کیپر) اور سیدہ عروب شاہ قومی سکواڈ کا حصہ ہیں۔ غلام فاطمہ، وحیدہ اختر اور ام ہانی ریزرو کھلاڑیوں میں شامل ہیں۔ پلیئر سپورٹ سٹاف میں حنا منور (منیجر)، محمد وسیم (ہیڈ کوچ)، جنید خان (اسسٹنٹ کوچ باؤلنگ)، عبدالرحمٰن (اسسٹنٹ کوچ سپن باؤلنگ)، عبدالسعد (اسسٹنٹ کوچ فیلڈنگ)، ولید احمد (انالسٹ)، محمد رفیع اللہ (میڈیا منیجر)، محمد رمضان (اسٹرینتھ اینڈ کنڈیشننگ کوچ)، تحریم سنبل شاہ (فزیوتھراپسٹ)، کرن شہزادی (میسیور) شامل ہیں۔ 6 ٹیموں پر مشتمل آئی سی سی ایونٹ جس میں میزبان پاکستان کے ساتھ بنگلا دیش، آئرلینڈ، سکاٹ لینڈ، تھائی لینڈ اور ویسٹ انڈیز شامل ہیں

ویلنگٹن، نیوزی لینڈ 26 مارچ: نیوزی لینڈ کے مارک چیپ مین بلے بازی کر رہے ہیں

تیسرے ماسٹرز کپ ٹینس ٹورنامنٹ کا اسلام آباد میں آغاز

اسلام آباد (این این آئی) تیسرے ماسٹرز کپ ٹینس کا اسلام آباد میں آغاز ہو گیا، ماسٹرز کپ میں پاکستان بھر سے ٹاپ آٹھ مرد و خواتین پلیئرز شامل ہیں۔ اسلام آباد میں شروع ہونے والے ایونٹ میں پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق بھی ڈبلز کیٹیگری میں شرکت کر رہے ہیں۔ مینز کیٹیگری میں عقیل خان، محمد عابد، یوسف خلیل اور برکت اللہ حصہ لے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ شہزاد خان، ہیرا عاشق، حمزہ رومان، سمیع زیب بھی مینز کیٹیگری میں شامل ہیں۔

باسکٹ بال پشت کی جانب پھینکنے اور اسے سامنے سے پکڑنے کا نیا ریکارڈ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی شہری نے 30 سیکنڈ میں 38 بار باسکٹ بال اپنے ہاتھوں سے اپنی پشت کی جانب پھینکا اور اسے دوبارہ سامنے سے پکڑ کر نیا گنیز ورلڈ قائم کر دیا۔ اس دوران اس نے تنظیم کے ہیڈ کوارٹر میں دیوار پر نصب ایک سائن کو بھی توڑ ڈالا۔ ریاست ایڈاہو سے تعلق رکھنے والے ڈیوڈ رش کے پاس اس وقت بھی کئی گنیز ورلڈ ریکارڈ موجود ہیں، اس نے لندن میں گنیز ورلڈ ریکارڈ ہیڈ کوارٹر کے دورے کے موقع پر کوشش کی کہ بی ہائینڈ دی بیک پاس آف اے وال 30 سیکنڈ میں زیادہ سے زیادہ کرے۔ رش کی جانب سے آن لائن تحریر کے مطابق اس ریکارڈ کے قائم کرنے کے لیے گنیز ہیڈ کوارٹر میں صرف ایک ہی دیوار موجود تھی جس پر اس تنظیم کا لوگو (نشان) نصب تھا۔ رش کو اندازہ ہو گیا تھا کہ اسکی ریکارڈ قائم کرنے کی کوشش میں جلد ہی باسکٹ بال اس لوگو کو توڑ کر گرا دے گی۔ اس دوران پہلے تو اسکی لکڑی کا اوپری حصہ گرا اور پھر بقیہ حصہ ٹوٹ کر گرتا چلا گیا۔ واضح رہے کہ ڈیوڈ رش نے 30 سیکنڈ میں 38 بار باسکٹ بال کو پاس کر کے پرانا ریکارڈ جو 25 بار کا تھا اسے توڑا۔

پاکستانی نژاد آل راؤنڈر محمد ارسلان عباس کے والد اظہر عباس نہال

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ کی ون ڈے کرکٹ ٹیم میں شامل ہونے والے پاکستانی نژاد آل راؤنڈر محمد ارسلان عباس کے والد اور سابق پاکستانی کرکٹر اظہر عباس نہال ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں اظہر عباس نے کہا کہ میں بیٹے کی نیوزی لینڈ ٹیم میں شمولیت پر بہت خوش ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پرامید ہوں کہ محمد ارسلان عباس خود کو ایک فائٹر کرکٹر ثابت کرے گا۔ پاکستان کے سابق فرسٹ کلاس کرکٹر نے مزید کہا کہ پاکستان کے خلاف ون ڈے سیریز میں نیوزی لینڈ اچھا مقابلہ کرے گا۔

پی ایس ایل 10' علی ظفر ایک بار پھر آواز کا جادو جگانے کیلئے تیار

سوشل میڈیا پر پی ایس ایل 10 کے ترانے کا ایک پوسٹر میں علی ظفر کو نقاب میں دیکھا جا سکتا ہے

لاہور (آفاق دھاایوال) ہر سال جہاں شائقین کرکٹ کو پاکستان سپر لیگ کے نئے سیزن کے آغاز کا انتظار ہوتا ہے وہیں مداح پی ایس ایل کے ترانے کا بھی بے صبری سے انتظار کر رہے ہوتے ہیں۔ اس سال پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کا آغاز 11 اپریل سے ہوگا، یہ ایونٹ 18 مئی تک کراچی، لاہور، ملتان اور راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔ جہاں شائقین کرکٹ کو میچز کا انتظار ہیں وہیں اس بار بھی پی ایس ایل کے ترانے کے حوالے سے تجسس برقرار تھا کہ اس بار اینتھم میں کون آواز کا جادو جگائے گا۔ تاہم پاکستان کرکٹ بورڈ نے پی ایس ایل 10 کے آفیشل ترانے کے گلوکار کا اعلان کر دیا، اس سال بھی علی ظفر پی ایس ایل کے گانے میں آواز کا جادو جگائیں گے۔ پی سی بی کی جانب سے سوشل میڈیا پر پی ایس ایل 10 کے ترانے کا ایک پوسٹر جاری کیا گیا ہے، جس میں علی ظفر کو نقاب میں دیکھا جا سکتا ہے۔ البتہ ترانے کے نام کے حوالے سے پی سی بی نے کوئی معلومات فراہم نہیں کیں بس یہی بتایا کہ جلد پی ایس ایل کا ترانہ علی ظفر کی آواز میں ریلیز کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ علی ظفر متعدد بار پی ایس ایل کا ترانہ گا چکے ہیں، گزشتہ سیزن میں بھی پی ایس ایل اینتھم کھل کے کھیل میں انہوں نے ہی آواز کا جادو جگایا تھا۔

اچھی خبر، صائم ایوب ری ہیب مکمل کر کے لاہور پہنچ گئے' قومی اکیڈمی میں فٹنس ٹیسٹ ہوگا

رپورٹس حوصلہ افزا، پاکستان سپر لیگ میں صائم ایوب کی شمولیت فٹنس سے مشروط ہے، پی سی بی

لاہور (آفاق دھاریوال) پاکستان کرکٹ ٹیم کے اوپنر صائم ایوب کے حوالے سے اچھی خبر سامنے آ گئی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے ذرائع کے مطابق صائم ایوب ری ہیب مکمل کر کے لاہور پہنچ گئے ہیں جہاں ان کا قومی اکیڈمی میں فٹنس ٹیسٹ ہو گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ صائم ایوب عید کراچی میں اپنے اہل خانہ کے ساتھ منائیں گے۔ پی سی بی کے مطابق پاکستان سپر لیگ میں صائم ایوب کی شمولیت فٹنس سے مشروط ہے، ان کی برطانیہ سے آنے والی رپورٹس حوصلہ افزا ہیں۔ یاد رہے کہ قومی کرکٹر صائم ایوب کے ٹخنے میں جنوری میں فریکچر ہوا تھا جس کے بعد پی سی بی کے چیئرمین محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر وہ لندن میں علاج کرا رہے تھے۔

gettyimages
Credit: James Sutton - Fo

بحرین انٹرنیشنل سرکٹ میں فارمولا 3 ٹیسٹنگ کے دوران فرانس کے الیسنڈرو گیوٹی اور ایم پی موٹر سپورٹ (19) ٹریک پر گاڑی چلا رہے ہیں

واشنگٹن: سی ای او کیتھرین مہر (ایل) اور پبلک براڈکاسٹنگ سروس کی صدر یو ایس کیپیٹل میں ہاؤس اوور سائیٹ اور گورنمنٹ ریفارم کمیٹی کی سماعت کے سامنے حلف اٹھا رہی ہے

اسرائیل نے آسکر انعام یافتہ فلسطینی فلمساز حمدان بلال کو رہا کر دیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی پولیس نے آسکر ایوارڈ یافتہ فلسطینی فلمساز حمدان بلال کو ایک دن بعد رہا کر دیا، جنہیں پتھرا کے الزام میں حراست میں لیا گیا تھا۔ تاہم، انسانی حقوق کے کارکنوں کے مطابق، بلال پر اسرائیلی آبادکاروں کے حملے کے بعد انہیں غیر منصفانہ طور پر گرفتار کیا گیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلسطینی صحافی باسل عدرا، جو بلال کے ساتھ آسکر جیتنے والی دستاویزی فلم No Other Land میں کام کر چکے ہیں، نے بلیڈ اسٹین شدہ قمیض پہنے بلال کی ایک تصویر X (سابقہ ٹوئٹر) پر شیئر کی۔ بلال نے ایک ویڈیو میں کہا، آسکر جیتنے کے بعد، میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ ایسے حملوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ یہ بہت شدید حملہ تھا، اور مقصد مجھے مارنا تھا۔ بلال کے مطابق، ایک اسرائیلی آبادکار نے مجھ پر حملہ کیا، اور میرے جسم کے مختلف حصوں پر مارا۔ اس کے ساتھ ایک فوجی بھی تھا، جو مجھے بری طرح پیٹ رہا تھا۔ اسرائیلی پولیس کے ایک ترجمان نے بلال کی گرفتاری کی تصدیق کی، جبکہ بعد میں جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا کہ تین افراد کو ضمانت پر رہا کیا گیا ہے۔ حمدان بلال کی گرفتاری اور رہائی نے بین الاقوامی سطح پر فلسطینیوں کے خلاف اسرائیلی جارحیت کو مزید بے نقاب کر دیا ہے، جبکہ انسانی حقوق کے کارکنان مغربی کنارے میں جاری ظلم و جبر پر عالمی برادری کی خاموشی پر سوال اٹھا رہے ہیں۔

امریکہ نے طالبان رہنما سراج حقانی کی گرفتاری پر انعام ہٹانے کی تصدیق کردی

حقانی نیٹ ورک کی بنیاد سراج الدین حقانی کے والد جلال الدین حقانی نے 1980 کی دہائی میں رکھی تھی، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے طالبان رہنما سراج حقانی کی گرفتاری پر انعام ہٹانے کی تصدیق کر دی ہے، افغانستان میں حقانی عسکری نیٹ ورک کے سینئر ارکان پر عائد کروڑوں ڈالر کے انعامات واپس لے لیے ہیں، جن میں اس کے رہنما سراج الدین حقانی شامل ہیں، جو طالبان حکومت کے داخلی وزیر بھی ہیں۔ برطانوی ذرائع ابلاغ کے مطابق امریکا نے افغانستان میں حقانی عسکری نیٹ ورک کے سینئر ارکان پر عائد کروڑوں ڈالر کے انعامات واپس لے لیے ہیں، جن میں اس کے رہنما سراج الدین حقانی شامل ہیں، جو طالبان حکومت کے داخلی وزیر بھی ہیں۔ یہ ایک اہم قدم ہے کیونکہ حقانی نیٹ ورک پر افغانستان میں امریکی قیادت میں ہونے والی جنگ کے دوران بعض انتہائی اہم اور مہلک حملوں کا الزام ہے، جن میں امریکی اور بھارتی سفارت خانوں اور نیٹو فورسز پر حملے شامل ہیں۔ اس وقت یہ نیٹ ورک طالبان حکومت کا اہم حصہ ہے، جو 2021 میں غیر ملکی افواج کے انخلا کے بعد افغانستان پر قابض ہے، یہ معاہدہ امریکہ اور طالبان کے درمیان صدر ٹرمپ کی پہلی مدت میں طے پایا تھا۔ یہ قدم صدر ٹرمپ کی دوسری مدت کے آغاز کے چند ہفتوں بعد اٹھایا گیا ہے اور چند دن بعد امریکہ کے حکام نے طالبان حکومت کے ساتھ کابل میں ملاقات کی تا کہ 2022 سے گرفتار امریکی سیاح کی رہائی ممکن ہو سکے۔ ایک امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے تصدیق کی کہ سراج الدین حقانی، ان کے بھائی عبدالعزیز حقانی اور برادرزادے یحییٰ حقانی پر فی الحال کوئی انعام نہیں ہے لیکن وہ خصوصی عالمی دہشت گرد کے طور پر درج ہیں اور حقانی نیٹ ورک کو غیر ملکی دہشت گرد تنظیم کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ حقانی نیٹ ورک کی بنیاد سراج الدین حقانی کے والد جلال الدین حقانی نے 1980 کی دہائی میں رکھی تھی، رپورٹ

پائلٹ کا پاسپورٹ بھولنا لاس اینجلس سے اڑان بھرنے والی ایئر لائن کو مہنگا پڑ گیا

لاس اینجلس (این این آئی) لاس اینجلس سے اڑان بھرنے کے 2 گھنٹے کے بعد پائلٹ کو یاد آیا کہ وہ اپنا پاسپورٹ بھول گیا ہے، جس کے نتیجے میں پرواز بیچ سفر سے واپس لوٹ آئی، یہ واقعہ جوں ہی سوشل میڈیا کی زینت بنا ہر کوئی حیران رہ گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق لاس اینجلس سے شنگھائی جانے والی یونائیٹڈ ایئر لائن کی پرواز اس وقت واپس لوٹ آئی جب اس کے پائلٹ کو احساس ہوا کہ وہ اپنا پاسپورٹ بھول گیا ہے۔ پائلٹ نے ڈرامائی انداز میں درمیان میں 257 مسافروں سے بھری پرواز سان فرانسسکو کی طرف موڑ لی، جس کے نتیجے میں تاخیر ہوئی تو مسافروں نے بھی اپنا غم و غصہ آن لائن شیئر کیا۔ معاملہ سوشل میڈیا کی زینت بنا تو یونائیٹڈ ایئر لائنز نے اس کی تصدیق کی اور مسافروں سے معافی مانگ لی، اس کے ساتھ ہی انہیں معاوضے کے طور پر 15 ڈالرز کے واچرز بھی دیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق جہاز میں موجود 4 پائلٹوں میں سے 1 اپنا پاسپورٹ بھول گیا تھا، چین کے قانون کے مطابق پائلٹ بغیر پاسپورٹ چین میں داخل نہیں ہو سکتا تھا۔ پائلٹ کا پاسپورٹ بھولنا لاس اینجلس سے اڑان بھرنے والی ایئر لائن کو مہنگا پڑ گیا

روس اور یوکرین میں محفوظ بحری آمدورفت یقینی بنانے پر اتفاق

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ روس اور یوکرین نے بحیرہ اسود میں محفوظ بحری آمدورفت یقینی بنانے پر اتفاق کر لیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکہ کی روس یوکرین جنگ خاتمے کی کوششیں۔ روس اور یوکرین کے درمیان بحیرہ اسود میں محفوظ بحری آمدورفت یقینی بنانے پر اتفاق کر لیا گیا۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق روس اور یوکرین نے ایک دوسرے کی توانائی تنصیبات پر حملے نہ کرنے پر اتفاق کیا ہے، یوکرین نے جنگی قیدیوں کے تبادلے پر بھی اتفاق کیا ہے۔ امریکہ کی روس یوکرین جنگ کے خاتمے کی کوششوں کے حوالے سے خبر ایجنسی کا کہنا تھا کہ وائٹ ہاؤس کے مطابق امریکا نے ریاض مذاکرات میں یوکرین اور روس سے الگ الگ معاہدے کر لیے۔ امریکہ روس کو زرعی برآمدات کی عالمی منڈیوں تک رسائی میں مدد فراہم کرے گا، امریکہ پائیدار امن کے اصول کے لیے فریقین سے بات چیت میں سہولت کاری جاری رکھے گا۔ یوکرین نے روس کے ساتھ جنگی قیدیوں کے تبادلے پر بھی اتفاق کیا ہے، وائٹ ہاؤس امریکہ پائیدار امن کے اصول کے لیے فریقین سے بات چیت میں سہولت کاری جاری رکھے گا

THE WHITE HOUSE
WASHINGTON

واشنگٹن: وائٹ ہاؤس میں بریڈی پریس بریفنگ روم میں روزانہ کی پریس بریفنگ کے دوران گفتگو کر رہی ہیں

نیلسن منڈیلا کے پوتے نے فلسطین کے حق میں نعرے لگوا دیئے

صنعا (این این آئی) نیلسن منڈیلا کے پوتے منڈلا منڈیلا نے یمن میں فلسطین پر کانفرنس سے ویڈیو لنک پر پرجوش خطاب کیا، دارالحکومت صنعا میں کانفرنس سے خطاب کے دوران انہوں نے فلسطین کے حق میں نعرے لگوا دیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیلسن منڈیلا کے پوتے منڈلا منڈیلا نے یمن میں فلسطین پر کانفرنس سے ویڈیو لنک پر پرجوش خطاب کیا، دارالحکومت صنعا میں کانفرنس سے خطاب کے دوران انہوں نے فلسطین کے حق میں نعرے لگوا دیا انہوں وی وا فلسطین، وی وا حماس وی وا حزب اللہ یعنی فلسطین زندہ باد، حماس زندہ باد حزب اللہ زندہ باد کے نعرے لگوائے اور مجمع پرجوش انداز میں جواب دیتا رہا۔ جنوبی افریقہ میں نسل پرستی کے خلاف مزاحمت کے رہنما نیلسن منڈیلا کے پوتے منڈیلا منڈیلا نے کہا کہ صیہونیوں نے سید حسن نصر اللہ کو شہید کیا لیکن ان کے افکار دنیا بھر کے تمام آزادی پسندوں کے درمیان زندہ رہیں گے جیسا کہ جنوبی افریقہ میں ہم کہتے ہیں کہ وہ مرا نہیں بلکہ کئی گنا بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید سید حسن نصر اللہ صرف حزب اللہ کے سیکرٹری جنرل نہیں تھے۔ بلکہ وہ تمام عربوں، فارسیوں، گوروں، کالوں اور دنیا کے تمام مظلوموں کے رہنما تھے، وہ سامراج اور عالمی استکبار کا مقابلہ کرنے والے ایک نڈر اور تاریخی سورما تھے اور اس کرہ ارض پر ہر مزاحمت کار کے لئے نمونہ عمل بن گئے۔ منڈیلا نے کہا کہ ہم اس عظیم ہیرو کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور مسجد اقصیٰ، غزہ کے عوام اور پوری فلسطینی مزاحمت کے دفاع پر حزب اللہ کی قیادت اور ارکان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

جدید سیکیورٹی فیچرز پر مبنی 100 اماراتی درہم کا نیا نوٹ جاری

استنبول، ترکی میں میئر اکریم امام اوغلو کی گرفتاری کے بعد عبوری ڈپٹی میئر کے انتخاب کے لیے ووٹ ڈالنے کے بعد بیلٹ پیپرز کی گنتی ہو رہی ہے

نئے نوٹ کے اگلے حصے پر متحدہ عرب امارات کے ثقافتی ورثے ام القوین فورٹ کی تصویر ہے، رپورٹ

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے مرکزی بینک نے پولیمر سے بنا جدید سیکیورٹی فیچرز پر مبنی 100 درہم کا نیا نوٹ جاری کر دیا۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق نئے بینک نوٹ کے مخصوص ڈیزائن کو سرخ رنگ کے مختلف شیڈز کا استعمال کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ نئے نوٹ کے ڈیزائن کے لیے جدید ٹیکنیک کی پرنٹنگ کا استعمال کرتے ہوئے تیار کردہ ڈرائنگ میں متحدہ عرب امارات کے قومی برانڈ کو شامل کیا گیا ہے۔ نئے نوٹ کے اگلے حصے پر متحدہ عرب امارات کے ثقافتی ورثے ام القوین فورٹ کی تصویر ہے جو کہ وہاں پر لوگوں کی خصوصی توجہ کا مرکز ہے جبکہ نوٹ کی پچھلی طرف پورٹ آف فجیرہ کی تصویر ہے جو کہ ملک کی سب سے بڑی بندرگاہوں میں سے ایک ہے۔ علاوہ ازیں نئے نوٹ کے ڈیزائن میں اتحاد ریلوے نیٹ ورک بھی شامل ہے جو گلف کوآپریشن کونسل ممالک تک پھیلا ہوا ہے۔ 100 درہم کا نیا نوٹ امارات کے مرکزی بینک کے قومی کرنسی پروجیکٹ کے تیسرے اجرا کا حصہ ہے اور اس کا ڈیزائن ملک کی کامیابی کی کہانی کو نمایاں کرتا ہے جس میں ثقافتی اور ترقیاتی علامتیں شامل ہیں جو کہ عالمی اقتصادی اور تجارتی مرکز بننے کے لیے ملک کے سفر کی عکاسی کرتی ہیں۔ نئے نوٹ کو صارفین کے اعتماد کو بڑھانے اور جعل سازی سے نمٹنے کے لیے جدید ترین سیکیورٹی فیچرز کے ساتھ تیار کیا گیا ہے۔

واشنگٹن: نیشنل انٹیلی جنس کے ڈائریکٹر تلسی گبارڈ (س) نیشنل سیکیورٹی ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل ٹموتھی ہاگ، فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن کے ڈائریکٹر کاش پٹیل، سینٹرل انٹیلی جنس ایجنسی کے ڈائریکٹر جان ریٹکلف اور ڈیفنس انٹیلی جنس ایجنسی کے ڈائریکٹر جیفری کی سالانہ دھمکیوں کی سماعت کے دوران خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

مسافروں کے محفوظ سفر کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی ایکشن پلان ترتیب دیدیا گیا

عوام سے اپیل کی کہ وہ عید کے دنوں میں وقت سے پہلے سفر کی منصوبہ بندی کریں

جلد بازی سے گریز کریں اور ٹریفک قوانین کی مکمل پاسداری کرتے ہوئے ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں

کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں یازائد کرایہ وصولی بارے موٹروے پولیس کی ہیلپ لائن 130 پر رابطہ کریں

جہلم (بیورو رپورٹ) آئی جی موٹر وے پولیس رفعت مختار راجہ کی ہدایات پر جہلم نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس کے سیکٹر کمانڈر ایس ایس پی ظفراقبال ملک نے عیدالفطر کے موقع پر مسافروں کے محفوظ سفر کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی ایکشن پلان ترتیب دیدیا گیا ہے۔ عید کے دوران ٹریفک کے غیر معمولی دباؤ، اوورسپیڈنگ، لین کی خلاف ورزی، اوورلوڈنگ اور زائد کرایہ وصولی جیسی خلاف ورزیوں کے تدارک کیلئے لیے سخت کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ عید کے موقع پر نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پر رش میں اضافہ ہو جاتا ہے، جس کے پیش نظر تمام فیلڈ فارمیشن کو الرٹ رہنے اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے خصوصی ہدایات پر عملدرآمد کیا جارہا ہے مسافر بردار گاڑیوں میں زائد کرایہ وصولی اور اوورلوڈنگ کی روک تھام کیلئے ٹرانسپورٹرز گاڑیوں کے عملے کو آگاہی مہیا کی جاچکی ہے جبکہ مسافروں کو اوور چارجنگ بارے موٹروے پولیس مسافروں سے دریافت کر رہی ہے۔ عید کے موقع پر جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کو روکنے کیلئے موٹروے پولیس نے مقامی پولیس کیساتھ مل کر خصوصی سکواڈ تشکیل دے رکھے ہیں، عوام سے اپیل کی کہ وہ عید کے دنوں میں وقت سے پہلے سفر کی منصوبہ بندی کریں۔ جلد بازی سے گریز کریں اور ٹریفک قوانین کی مکمل پاسداری کرتے ہوئے ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں یازائد کرایہ وصولی بارے موٹروے پولیس کی ہیلپ لائن 130 پر رابطہ کریں۔

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ ہمیں صلہ رحمی کا درس دیتا ہے: قاری خالق داد

ہمیں آپس کے تمام اختلافات کو ختم کر کے پیار محبت، اخلاص اور یگانگت کا مظاہرہ کرنا چاہئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی صدر قاری خالق داد نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کا مقدس مہینہ ہمیں صلہ رحمی کا درس دیتا ہے اور ہمیں آپس کے تمام اختلافات کو ختم کر کے پیار محبت، اخلاص اور یگانگت کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ رمضان کے آخری عشرہ کی لیلۃ القدر کی قدر کرنی چاہئے اور رات میں عبادات سے اللہ تبارک وتعالیٰ کی نعمتوں سے فیضیاب ہونا چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جہلم پریس کلب کے نمائندہ وفد سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد کی قیادت چیرمین جہلم پریس کلب چوھدری عابد محمود کر رہے تھے جبکہ وفد میں چوھدری دانیال عابد شہریار علی راجہ چوھدری تصور حسین سید ناصر محمود عبدالغفار آزاد شامل تھے قاری خالق داد نے کہا کہ ہمیں رمضان المبارک کی برکات سے مستفید ہونا چاہئے۔ اس موقع پر جمعیت علمائے اسلام تحصیل جہلم کے عہدیدار جن میں شیر خان فضل خان ڈیجیٹل میڈیا کے رہنما انیس الرحمن بٹ بھی موجود تھے۔

چنیوٹ پولیس کی جانب سے عیدالفطر کے موقع پر سیکیورٹی انتظامات مکمل کر لئے گئے

چنیوٹ پولیس کی جانب سے عیدالفطر کے موقع پر سخت سیکیورٹی انتظامات کو مکمل کر لیا گیا ہے: ڈی پی او

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ پولیس کی جانب سے عیدالفطر کے موقع پر سیکیورٹی انتظامات مکمل کر لئے گئے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ چنیوٹ پولیس کی جانب سے عیدالفطر کے موقع پر سخت سیکیورٹی انتظامات کو مکمل کر لیا گیا ہے۔ نماز عید کے موقع پر ضلع بھر میں 1 ہزار سے زائد پولیس افسران و جوان سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ نماز عید کے اہم اجتماعات پر واک تھرو گیٹ نصب کیے جائیں گے، آنے والے افراد کی فزیکل اور میٹل ڈیٹیکٹر سے تلاشی لی جائے گی۔ عید کے ایام میں پل دریائے چناب پر تین سو سے زائد پولیس افسران و جوان سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ ایلیٹ فورس اور ریسکیو 15 کی ٹیمیں شہر و گردونواح میں موثر گشت کریں گی۔ ایس ایچ اوز اپنے اپنے علاقوں میں مربوط حکمت عملی سے موثر گشت کریں گے اور امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھیں گے۔ کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ریزو نفری پولیس لائن میں سٹینڈ ٹو رہے گی۔ عیدالفطر کے موقع پر شہر کے بازاروں، مارکیٹوں میں لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کیلئے پولیس موبائلز، فالکن سکواڈ موثر گشت کر رہی ہیں مختلف بازاروں کے اہم مقامات پر پولیس جوان تعینات کیے گئے ہیں، بازوں میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے ٹریفک پولیس کی نفری تعینات کی گئی ہے۔

قرآن پاک سنانا میرے لیے سعادت کی بات ہے: قاری جنید نوری

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ فیصل خان) مسلسل تیرہ سال سے تراویح میں قرآن پاک سنانا میرے لیے سعادت کی بات ہے: قاری جنید نوری۔ تفصیلات کے مطابق جامع مسجد محمدیہ میں نماز تراویح میں قرآن پاک مکمل ہونے کی خوشی میں ایک خصوصی محفل کا اہتمام کیا گیا۔ جامع محمدیہ مسجد میں مسلسل تیرہ سال سے نماز تراویح میں مکمل قرآن پاک سنانے کا شرف حاصل کرنے والے قاری محمد جنید نوری نے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ میرے اوپر اللہ پاک کی خصوصی نوازش ہے کہ مجھے مسلسل تیرہ سال سے نماز تراویح میں قرآن پاک سنانے کی سعادت حاصل ہورہی ہے قرآن پاک کی تلاوت دلوں کو پاکیزگی عطا کرتی ہے۔ میری مسجد کی انتظامیہ بہت اچھی ہے اور دلجمعی سے قرآن پاک سنتی ہے۔ اس موقع پر مسجد کی انتظامیہ نے ان کو تکمیل قرآن پر مبارکباد پیش کی۔

لائیوسٹاک کی جانب سے جانوروں میں منہ کھر، گل گھوٹو سمیت نمونیا کی ویکسینیشن جاری ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) لائیوسٹاک کی جانب سے جانوروں میں منہ کھر گل گھوٹو سمیت نمونیا کی ویکسینیشن جاری ہے ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر یوجین سہیل نے گزشتہ روز میڈیا نمائندگان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں گل گھوٹو کی ویکسینیشن تقریبا 4 لاکھ سے زائد جانوروں کو کی گئی، منہ کھر کی ویکسینیشن تقریبا 40000 سے زائد جانوروں میں کی گئی جبکہ مرغیوں میں نمونیا کی ویکسینیشن تقریبا ڈیڑھ لاکھ سے زائد کی جاچکی ہے ڈاکٹر یوجین سہیل نے مزید بتایا کہ ہسپتال میں ونڈا سمیت ایمرجنسی کی صورت میں روزانہ کی بنیاد پر تمام ادویات میسر ہیں اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات پر لگوایا گیا سہولت بازار میں ماہ رمضان کے مقدس مہینہ میں شروع سے لے کر آخری رمضان تک چکن سرکاری ریٹ سے 25 روپے کم اور بیف سرکاری ریٹ سے 10 روپے کم فروخت کیا جارہا ہے قابل ذکر بات یہ ہے کہ شہر بھر میں مٹن اور بیف سپریٹنڈنٹ سلاٹر ہاؤس کی نگرانی میں سلاٹر ہاؤس میں صحت مند جانوروں کو ذبح کیا جاتا ہے انڈے بھی سہولت بازار میں سرکاری ریٹ سے 10 روپے فی درجن کم میں فروخت کیے جارہے ہیں۔

کسان بورڈ گندم بحران کے خلاف تحریک چلائے گی: سردار حماد حسن

7 اپریل کو کسان ساتھ ہونیوالی زیادتی کے خلاف آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کرے گی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) کسان بورڈ ساہیوال ڈویژن کے نائب صدر سردار حماد حسن خان لاشاری نے کہا ہے کہ کسان بورڈ گندم بحران کے خلاف تحریک چلائے گی۔ 7 اپریل کو کسان ساتھ ہونیوالی زیادتی کے خلاف آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کرے گی جبکہ 8 اپریل کو پنجاب اسمبلی کے باہر مرکزی صدر کسان بورڈ سردار ظفر حسین کی قیادت میں احتجاجی کیمپ لگائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار وہ بامہ بالا میں کسانوں سے دوران گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اگر حکومت نے کسانوں کی گندم کی امدادی قیمت 4 ہزار روپے فی من مقرر نہ کی اور کسانوں کے مسائل حل نہ کیے تو امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں جماعت اسلامی کسانوں اور کاشتکاروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ حکمران کسانوں کا معاشی قتل کر کے ملک کے ساتھ کھیل رہے ہیں۔ زرعی مداخل سے ٹیکس ختم اور یونٹ سستا کیا جائے۔ اگر معاشی طور پر ملک کو آگے بڑھنا ہے تو زراعت کو ترقی دینا ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ کسان خوشحال ہوگا تو صوبہ اور ملک خوشحال ہوگا۔ وزیر خزانہ کہہ رہے ہیں کہ ایک ارب روپے کی گندم درآمد کرنا ہوگی لیکن ہمارے اعداد و شمار کہہ رہے ہیں کہ 10 سے 15 روپے کی گندم درآمد کرنا پڑے گی۔ شوگر مافیا نے چینی ایکسپورٹ کی آج چینی 170 روپے تک پہنچ چکی ہے

پاکستان مرکزی مسلم لیگ چنیوٹ کے زیراہتمام اسرائیلی جارحیت کے خلاف احتجاج

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ چنیوٹ کے زیراہتمام اسرائیلی جارحیت کے خلاف احتجاج اس موقع پر شدید نعرے بازی بھی کی گئی تفصیلات کے مطابق جمعۃ الوداع کے موقع پر اسرائیل کی عہد شکنی اور حماس سے کیے ہوئے معاہدے کو توڑنے کے خلاف پاکستان مرکزی مسلم لیگ چنیوٹ کے زیراہتمام سرگودھا روڈ پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس کی قیادت جنرل سیکرٹری پاکستان مرکزی مسلم لیگ چنیوٹ حافظ عبدالرؤف اور جنرل سیکرٹری مرکزی مسلم لیگ سٹی چنیوٹ عمر فاروق انجم چنیوٹی اور چوہدری عمران جٹ مسلم یوتھ لیگ چنیوٹ نے کی اس موقع پر مرکزی مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری حافظ عبدالروف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نہتے فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم کی سخت مذمت کرتے ہیں اسرائیل اور امریکہ بھارت دہشت گرد ممالک ہیں جو کہ مل کر فلسطینیوں پر مظالم ڈھا رہے ہیں ہم اسرائیلی جارحیت کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ کوٹ رادھا کشن کی دبنگ کاروائی

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر حاجی رمضان سے) اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ کوٹ رادھا کشن کی دبنگ کاروائی۔ کوٹ رادھا کشن ہندال اڈہ بس سٹینڈ پر مسافروں سے زائد کرایہ لینے والی بسوں اور ویگنوں پر جرمانہ کیا اور میڈیا سے بات کرتے ہیں کہ زائد کرایہ لینے والوں پر مزید سختی کی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ نے شہر کے ان علاقوں کا دورہ کیا جہاں پر نکاسی آب کے مسائل ہیں اور نکاسی آب کے مسائل کو فوری حل کرنا کا حکم دیا اور مزید جن پوائنٹس پر محکمہ لوکل گورنمنٹ کو خط لکھا گیا ہے اس کے متعلق ایم سی کے عملہ سے بریفنگ لی۔ اور تمام مسائل کو فوری طور پر حل کرنا کا حکم دیا

ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی اور آئی بی کے اسٹنٹ ڈائریکٹر چوہدری رفیق بھی ان کے ہمراہ تھے انہوں نے ایم ایس ڈاکٹر صدف نقوی کی موجودگی میں ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کر کے محکمانہ سروسز اور ان کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور مزید بہتری کے لیے موقع پر احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کے معائنہ کے دوران ڈاکٹرز کی حاضری، مریضوں کے ریکارڈ، صفائی ستھرائی، فارمیسی میں ادویات کی دستیابی و سٹاک کا جائزہ لیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں میں مریضوں کے علاج معالجہ اور ہیلتھ سروسز کا معائنہ بھی کیا۔ انہوں نے مریضوں و لواحقین سے علاج معالجہ اور طبی سہولیات کی فراہمی بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کا عزم رکھتے ہیں، دورے کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہسپتال انتظامیہ کمیونٹی کو صحت کی معیاری خدمات فراہم کرے اور مریضوں کی بہترین دیکھ بھال اور علاج معالجے کو یقینی بنائیں

شہر میں پارکنگ کے سنگین مسئلے کو حل کرنے کے لئے صدر چوک میں بڑا پارکنگ پلازہ تعمیر کیا جائے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراسے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا بڑا فیصلہ، شہر میں پارکنگ کے سنگین مسئلے کو حل کرنے کے لئے صدر چوک میں بڑا پارکنگ پلازہ تعمیر کیا جائے، پلازہ کی تعمیر کارپوریشن اپنے وسائل سے دو مرحلوں میں مکمل کرے، کمشنر کی ہدایت۔ پہلے مرحلے میں 2 بیسمنٹس کے علاوہ گراؤنڈ فلور اور فرسٹ فلور تعمیر کئے جائیں گے۔ منصوبے پر لاگت کا ابتدائی تخمینہ ڈیڑھ ارب روپے لگایا گیا ہے جس کی تفصیلی ڈرائنگ تیار کرنے کے لئے ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ فوکل پرسن مقرر کئے گئے ہیں۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے ہدایت کی کہ ڈیزائن مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا جائے۔ جس میں گراؤنڈ فلور اور فرسٹ فلور کو کمرشل ایریا رکھا جائے۔ توقع ہے کہ پارکنگ پلازہ کی تعمیر اگلے مالی سال سے شروع ہو جائے گی۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کی ہدایت پر جمعۃ المبارک پر ساہیوال پولیس کی جانب سے سکیورٹی ڈیوٹی کے سخت انتظامات

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراسے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کی ہدایت پر جمعۃ المبارک پر ساہیوال پولیس کی جانب سے سکیورٹی ڈیوٹی کے سخت انتظامات ساہیوال پولیس کے جوان نماز جمعہ کے دوران سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ساہیوال پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب کی زیر صدارت ستھرا پنجاب مہم کا جائزہ اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب کی زیر صدارت ستھرا پنجاب مہم کا جائزہ اجلاس، اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ، محمد شہباز کھیرا، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی، سالڈ ویسٹ میں سالڈ ویسٹ کمپنیوں کے نمائندوں نے اجلاس کو کوڑے کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے لیے حکمت عملی بارے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع کو زیرو ویسٹ بنانے کے لیے کام کا آغاز کر دیا ہے تاہم اس سلسلہ میں افرادی قوت اور درکار مشینری کی استعداد کار میں مزید اضافہ کیا جائے گا۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی طرف سے پولیس افسران کو شاباش

بہترین پولیسنگ پر پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کے لیے نقد انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی طرف سے جرائم کے خاتمے اور بہترین پولیسنگ پر پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کے لیے نقد انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے جرائم پیشہ افراد کے خلاف مثالی کردار ادا کرنیوالے ایس ایچ او تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن فیصل رزاق کاہلوں، ایس ایچ او تھانہ کوتوالی شاہد امیر لدھیانہ، انچارج ایلیٹ فورس عزیز اللہ، انسپکٹر اسد اللہ، راشد اسلام و دیگر پولیس افسران میں تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعامات تقسیم کیے تقریب میں ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے ایس ایچ او فیصل رزاق کاہلوں اور ایس ایچ او شاہد امیر لدھیانہ کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف محنت اور دیانتداری سے منظم کاروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ محنتی اور دیانتدار پولیس افسران محکمہ کے لیے قابل فخر ہیں انہیں پولیس افسران کی وجہ سے پولیس کا مورال بلند ہے اور ایسے افسران انعامات کے حقدار بھی ہیں انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی محنت اور دیانتداری سے اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔ ڈی پی او نے واضح کیا کہ پولیس افسران کی کارکردگی بہتر کرنے کیلئے احتساب کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، جس طرح اختیارات سے تجاوز اور ناقص کارکردگی پر سزا دی جاتی ہے اسی طرح اچھی کارکردگی پر پولیس افسران کی حوصلہ افزائی بھی کی جاتی ہے

کم وزن فروخت کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کی جائیگی: ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

صارفین مرغی کا گوشت دکاندار سے 1000 گرام (ایک کلو) گوشت ہی وصول کریں

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اور ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک سیالکوٹ کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک تحصیل ڈسکہ ڈاکٹر وسیم اصغر نے بتایا کہ اکثر مرغی کا گوشت بیچنے والے صارفین کو صافی مرغی کا گوشت مع پوٹہ اور کلیجی (صفا کیا ہوا) 1000 گرام (ایک کلو) کی بجائے 900 گرام بیچتے ہیں۔ جب کہ وہ 1000 گرام (ایک کلو) ہی دینے کے پابند ہیں صارفین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مرغی کا گوشت دکاندار سے 1000 گرام (ایک کلو) گوشت ہی وصول کریں۔ مزید یہ بھی بتایا کہ گوشت میں صاف کیا ہوا پوٹہ اور کلیجی تو شامل ہے مگر مرغی کا سر شامل نہیں ہے۔ جو مرغی کا گوشت بیچنے والے دکانداران ہدایات پر عمل نہیں کریں گے۔ ان کے خلاف بذریعہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صارف پورا ایک کلو گوشت وصول کریں اگر دکاندار پورا ایک کلو مرغی کا گوشت نہ دے تو اس کے خلاف ہمیں یا اسسٹنٹ کمشنر آفس میں شکایت کریں ان کی شکایت پر فوری عمل کیا جائے گا اور ان کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

دس لاکھ کیش دو بیٹوں کی شادی کا سامان عید کا راشن سب جل کر خاکستر ہوگیا

آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے تین گھروں کی روشنیاں گل کر دیں

جہلم (بیورو رپورٹ) دس لاکھ کیش دو بیٹوں کی شادی کا سامان عید کا راشن سب جل کر خاکستر ہوگیا آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے تین گھروں کی روشنیاں گل کر دیں ضلع جہلم کی تحصیل دینہ کے نواحی علاقہ فرید آباد دریا بوڑیاں روڈ پر اچانک شارٹ سرکٹ کی وجہ سے لگنے والی آگ نے محنت کش مچھیروں کا سب کچھ جلا ڈالا مچھیرے غلام مصطفی کے مطابق اس کے سات عزیز اس کے ساتھ ڈیم پر مچھلیاں پکڑنے کی مزدوری کرتے ہیں جن کی مزدوری 10 لاکھ روپے وہ گھر لے کے آیا تھا کہ سب کو عید پر تقسیم کروں گا لیکن قدرت کو کچھ اور منظور تھا دو بیٹوں کی شادی کا سامان جو کل پونجی جمع کر کے خریدا ہوا تھا جن کی عید کے فورا بعد شادی تھی وہ بھی نظر آتش ہوگیا جو کل تک سات گھرانوں کا سربراہ تھا اس کا سب کچھ جل کر خاکستر ہوگیا وہ خود بے یارومددگار کسی مسیحائی امداد کا منتظر ہے اس کی بوڑھی ماں بچے پریشان حال جن کا سب کچھ عید سے چند دن پہلے ان کی آنکھوں کے سامنے جل گیا پریشان حال دریا کے کنارے بیٹھے ہیں خواتین کے استعمال کپڑے جوتے تک نہ بچ سکے ریسکیو 1122 کو کال کی مگر افسوس سب بے سود ریسکیو کی گاڑی پہنچنے سے پہلے ہی سب کچھ ختم ہوگیا غلام مصطفی نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور مخیر حضرات سے مدد کی استدعا کی ہے۔

جرم وسزا

CRIME
& COURT

زکوۃ کی رضا کارانہ ادائیگی کے حوالے سے زکوۃ ڈے منایا گیا

ڈسٹرکٹ زکوۃ کمیٹی ننکانہ صاحب کی طرف سے محکمہ زکوۃ پنجاب کے پروگرام کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈسٹرکٹ زکوۃ کمیٹی ننکانہ صاحب کی طرف سے محکمہ زکوۃ پنجاب کے پروگرام کے متعلق آگاہی و زکوۃ کی رضا کارانہ ادائیگی کے حوالے سے زکوۃ ڈے منایا گیا میڈم حرا شاہین ڈسٹرکٹ زکوۃ آفیسر نے مختلف شعبہ ذات کے صاحب حیثیت افراد سے دوران ملاقات معززین کو اور خصوصی طور پر بزنس کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے جناب فیصل ابرار چوھدری، جناب حاجی نور صاحب اور میڈیا ایڈوائزر حافظ محمد نوید کمبوہ کو آگاہ کیا گیا کہ زکوۃ ایک مذہبی فریضہ ہے جو صاحب حیثیت افراد سے وصول کر کے غرباء و مساکین، بیواؤں اور مستحقین زکوۃ میں تقسیم کی جاتی ہے لہذا آپ بھی اس کار خیر میں حصہ ڈالیں اور مزید ان کو بتایا گیا کہ محکمہ زکوۃ و عشر پنجاب کے زیر اہتمام بیوگان، مساکین، معذور افراد غرباء اور مستحقین نابینا افراد کو گذار ✕ الاونس کی صورت میں زکوۃ کی ادائیگی کی جاتی ہے۔ گزارہ الاونس کی ادائیگی بذریعہ ٹیلی نار چینی بعد از بائیو میٹرک سسٹم تصدیق کی جاتی ہے اس کے علاوہ فنی تربیت کے ادارہ جات سرکاری کالجز، دینی مدارس میں زیر تعلیم مستحق زکوۃ طلباء وطالبات کو وظائف کی مد میں ادائیگی کی جاتی ہے مزید یہ کہ سرکاری ہسپتالوں کے ذریعہ مستحق افراد مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی جاتی ہیں۔ دوران سرگرمی واک کا اہتمام بھی کیا گیا۔

سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زیراہتمام فلسطین کے حق میں یوم القدس ریلی نکالی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ میں: جمعۃ الوداع کے موقع پر امامیہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زیراہتمام فلسطین کے حق میں یوم القدس ریلی نکالی گئی ریلی امام بارگاہ جھنگ روڈ سے شروع ہو کر ختم نبوت چوک پر اختتام پذیر ہوئی، ریلی کے شرکا نے فلسطین کے حق میں پلے کارڈز اور بینر اٹھا رکھے تھے، ریلی کے شرکا نے امریکہ اور اسرائیل کے خلاف نعرے بازی کی، سید نور الحسن شاہ۔ سید خرم بخاری۔ سید عاشق حسین نے ریلی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امت مسلمہ اسرائیل کی مصنوعات کا بائیکاٹ کرے، اسرائیل کا ظلم وستم فلسطینیوں کو ان کے حق سے محروم نہیں کر سکتا۔ ہم آخری دم تک اور خون کے آخری قطرے تک فلسطین اور فلسطینیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ مقررین کا کہنا تھا کہ فلسطین ہمارا قبلہ اول ہے فلسطینیوں اور مسلمانوں سے اس کو کوئی نہیں چھین سکتا۔ یوم القدس ریلی میں خواتین کی بھی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی

الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے 200 سے زائد مستحقین میں راشن کی تقسیم کی گئی

اس موقع پر صدر اظہر قیوم چیمہ، مظفر اقبال بھٹی، اکرم عباسی، محمد زمان اظہر نے مستحقین میں راشن تقسیم کیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے 200 سے زائد مستحقین میں راشن کی تقسیم کی گئی اور بعد ازاں انہیں افطاری کروائی گئی۔ اس موقع پر صدر اظہر قیوم چیمہ، مظفر اقبال بھٹی، اکرم عباسی، محمد زمان اظہر نے مستحقین میں راشن تقسیم کیا گیا۔ جبکہ تقریب میں حافظ امانت، شہید عالم شہید، عبید اللہ، عبد الجبار رضا انصاری، ہمایوں ملک مہمانان گرامی تھے۔ اس موقع پر الخدمت فاؤنڈیشن کے صدر اظہر قیوم چیمہ کا کہنا تھا کہ مخیر حضرات کو غریب غرباء کی خدمت کے لئے بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے کیونکہ دکھی انسانیت کی خدمت بہت بڑی عبادت ہے۔ بعد ازاں ان افراد کو جامع مسجد الفتح میں افطاری کروائی گئی۔

تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں دو خطرناک ڈاکو ہلاک

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں دو خطرناک ڈاکو ہلاک جبکہ دو ڈاکو بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق آتشیں اسلحہ سے مسلح چار ڈاکو تھانہ بی ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں شہری ظفر سے گن پوائنٹ پر موبائل فون اور ہزاروں روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔ تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ پولیس نے غلہ منڈی کے قریب ڈاکوؤں کو روکا تو ڈاکوؤں نے اندھا دھند فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے دو خطرناک ڈاکو سہیل عارف اور سلیم عرف سلیمی ہلاک ہو گئے۔ جبکہ دو ڈاکو بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔

اوکاڑہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے تین ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے نقدی اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے تین ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے نقدی اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی دیپالپور پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ڈکیت گینگ کے سرغنہ بلال اشرف اور اس کے ساتھیوں شفقت اور شعیب احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 6 لاکھ روپے نقدی اور ناجائز اسلحہ برآمد کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

تھانہ کالا گجراں کے علاقہ جادہ چوک میں موٹروے پولیس اہلکار پر نامعلوم چوروں کی اندھا دھند فائرنگ

جہلم (بیورو رپوٹ) تھانہ کالا گجراں کے علاقہ جادہ چوک میں موٹروے پولیس اہلکار پر نامعلوم چوروں کی اندھا دھند فائرنگ۔ موٹروے پولیس اہلکار نعمان گولیاں لگنے سے زخمی۔ اسپتال منتقل کر دیا گیا موٹروے پولیس اہلکار کی ٹانگوں میں گولیاں لگیں ڈاکٹرز کے مطابق زخمی اہلکار کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ شہری نے موٹروے پولیس اہلکاروں کو بتایا کہ نامعلوم افراد نے موبائل چھین لیا ہے موٹروے پولیس کے اہلکاروں نے شہری کی شکایت پر چوروں کا تعاقب شروع کر دیا۔

ٹیوب ویلوں پر سولر پینل سب سڈی سکیم سے کسانوں کو محروم رکھا جا رہا ہے

اسکا تمام تر فائدہ مخصوص سپلائز کمپنیاں اور ان کے سہولت کار اٹھا رہے ہیں: ملک شوکت علی پھلروان

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) کسان بورڈ پاکستان کے مرکزی نائب صدر امان اللہ چٹھہ اور ضلعی صدر ملک شوکت علی پھلروان نے سولر پینل سب سڈی سکیم کی قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے کسانوں کے ساتھ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیوب ویلوں پر سولر پینل سب سڈی سکیم سے کسانوں کو محروم رکھا جا رہا ہے۔ جبکہ اسکا تمام تر فائدہ مخصوص سپلائز کمپنیاں اور ان کے سہولت کار اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دس کلوواٹ موٹر پر ساڑھے دس لاکھ روپے کا چیلنج دیا جا رہا ہے جس سے پانچ لاکھ روپے کسان کو ادا کرنے ہوں گے۔ جبکہ سارا میٹریل مارکیٹ سے پانچ لاکھ روپے میں مل سکتا ہے۔ اس طرح ساری قیمت کسان سے وصول کر کے پانچ لاکھ روپے کی سب سڈی مخصوص لوگوں کو دینے کی راہ ہموار کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس پروگرام میں فوری طور پر اصلاح کر کے حقیقی معنوں میں کسانوں کو ریلیف دیا جائے۔ پریس کانفرنس سے رائے رقیب اور حاجی امان اللہ تارڑ نے بھی خطاب کیا۔

خطرناک ڈکیت شاہزیب پولیس مقابلہ میں ہلاک ہوگیا

دو ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈکیتی راہزنی اور موٹر سائیکل چوری کی درجنوں وارداتوں میں ملوث خطرناک ڈکیت شاہزیب پولیس مقابلہ میں ہلاک ہوگیا جبکہ اسکے دو ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق 3 نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کو ہیڈ ساگر کے قریب تھانہ صدر پولیس نے روکا تو ملزمان موٹر سائیکل کھیتوں میں پھینک کر علی پور روڈ کی جانب فرار ہو گئے، جس پر پولیس تھانہ صدر نے ایس ایچ او حفیظ انجم کے ہمراہ ملزمان کا تعاقب کیا تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجہ میں پولیس نے بھی اپنے دفاع میں فائرنگ کی۔ اس دوران ایک ڈاکو شاہزیب اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے شدید زخمی ہوگیا، جس کی شناخت شاہزیب ولد محمد صدیق سکنہ کاہنہ لاہور کے نام سے ہوئی جسے فوری طور پر ٹراما سنٹر لے جایا گیا، جہاں وہ دم توڑ گیا، جبکہ اسکے دیگر دو ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

”ستھرا پنجاب“ مہم انتظامیہ کی نااہلی کے باعث بری طرح متاثر

تحصیل بھر میں صفائی کے ناقص انتظامات کے باعث گلیاں، محلے اور شاہراہیں کچرے کے ڈھیروں میں تبدیل ہوچکی ہیں

عارفوالا (امیر احمد خان سے) عارف والا وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے شروع کی گئی، ستھرا پنجاب، مہم انتظامیہ کی نااہلی کے باعث بری طرح متاثر ہو چکی ہے۔ تحصیل بھر میں صفائی کے ناقص انتظامات کے باعث گلیاں، محلے اور شاہراہیں کچرے کے ڈھیروں میں تبدیل ہو چکی ہیں۔ جبکہ متعلقہ بلدیہ افسران اپنی جیبیں بھرنے کے چکر میں خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں عوام کی شکایات کے پیش نظر بھی بلدیہ ملازمین سمیت افسران کے کانوں میں جوں تک نہیں رینگ رہی وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کا ستھرا پنجاب پروگرام صرف فوٹو سیشن اور کاغذوں کی کاروائی تک محدود ہو کر رہ گیا ہے شہر بھر سمیت سی بلاک پاک پتن روڈ سمیت شہر بھر میں سرکاری اور غیر سرکاری عمارتوں کے ساتھ گندگی کے ڈھیروں کی وجہ سے تعفن اور بدبو پھیلنے لگی ہے تعفن کی وجہ سے بچے اور بوڑھے افراد مختلف موذی امراض اور ڈینگی جیسے موذی امراض میں مبتلا ہونے لگے ہیں۔ جبکہ گندگی کے ڈھیروں پر بیٹھنے والے مچھروں کی وجہ سے ڈینگی جیسی موذی امراض پھیلنے کا خدشہ ہے شہر اور گلی محلوں میں صفائی ستھرائی کی ناقص صورتحال کی وجہ سے شہر کچرا کنڈی میں تبدیل ہو گیا ہے مقامی افراد کا کہنا ہے کہ بلدیہ انتظامیہ کی جانب سے شہر بھر کی اہم شاہراہوں اور بازاروں سے کوڑے کے ڈھیر اٹھانا اپنی ہتک سمجھنے لگے ہیں شہر کے متعدد محلوں اور ٹاؤنز میں کوڑا کرکٹ کے ڈھیر پڑے رہتے ہیں۔ ایک دن صفائی کر کے دوبارہ کئی کئی دن بازاروں اور شاہراہوں کی صفائی نہیں کی جاتی اہل علاقہ کا مزید کہنا ہے کہ یہ مخصوص افسران صرف مخصوص گروپوں کے مفادات کے تحت کام کر رہے ہیں۔

شہریوں کو ہنگامی خدمات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے جامع ڈیوٹی پلان جاری

عیدالفطر کے موقع پر شہریوں کو ہنگامی خدمات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانا ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ ر[ورٹر) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ، ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر طاہرہ خان نے عیدالفطر کے موقع پر شہریوں کو ہنگامی خدمات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے جامع ڈیوٹی پلان جاری کر دیا ریسکیو 1122 کی ٹیمیں عید کے تینوں دن 24 گھنٹے الرٹ رہیں گی تاکہ روڈ ٹریفک حادثات، میڈیکل ایمرجنسیز آتشزدگی اور دیگر کسی بھی ناخوشگوار صورتحال میں فوری امداد فراہم کی جا سکے۔ عیدالفطر کی نماز کے دوران ضلع بھر کی تمام مرکزی عیدگاہوں اور مساجد پر میڈیکل کور مہیا کی جائے گی۔ اس کے علاوہ دریائے چناب اور دیگر تفریحی مقامات پر بھی خصوصی ریسکیو پوسٹس قائم کی جائیں گی، جہاں ایمبولینسز، فائر وہیکلز، ریسکیو وہیکل اور موٹر بائیک ریسکیو سروسز دستیاب ہوں گی تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر ریسپانس یقینی بنایا جا سکے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر طاہرہ خان نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ عید کے موقع پر احتیاط کریں، دوران سفر ٹریفک قوانین کی پابندی کریں اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری طور پر ریسکیو 1122 ہیلپ لائن پر رابطہ کریں۔

پولیس کی بڑی کاروائی: عثمان علی منشیات فروش پولیس کے شکنجے میں: مقدمہ درج

نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے: سٹی پولیس اسیر محمد ایاز سلیم

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال/نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن فرحت عباس کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیموں نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منشیات فروشی کے دھندے میں ملوث ملزم عثمان علی کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 02 کلو 600 گرام ہیروئن برآمد کر لی۔ دوران تفتیش ملزم نے انکشاف کیا کہ وہ دوسرے اضلاع سے منشیات لاتا اور ضلع بھر میں نوجوانوں کو منشیات فروخت کرتا تھا۔ ملزم سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی ہدایت پر سیکرٹری ڈی آر ٹی اے نے پبلک ٹرانسپورٹ میں سرکاری کرایہ نامہ پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے حوالہ سے مختلف شاہرات کی چیکنگ کی

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی ہدایت پر سیکرٹری ڈی آر ٹی اے نے پبلک ٹرانسپورٹ میں سرکاری کرایہ نامہ پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے حوالہ سے مختلف شاہرات کی چیکنگ کی اور خلاف ورزی کرنے پر ٹرانسپورٹرز کو 52 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ 2 گاڑیاں تھانوں میں بند کروایا۔ سیکرٹری ڈی آر ٹی اے نے پبلک ٹرانسپورٹ میں سرکاری کرایہ نامہ پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے حوالہ سے وارننگ جاری کی ہیں کہ تمام ٹرانسپورٹران تیز رفتاری، اوورلوڈنگ اور زائد کرایوں کی وصولی سے گریز کریں، رمضان المبارک میں اوور چارجنگ سمیت حکومتی احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے ٹرانسپورٹروں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔

عید کی آمد سرکل ڈسکہ میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ شہری موٹر سائیکلوں، طلائی زیورات، نقدی، اور قیمتی سامان سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) عید کی آمد سرکل ڈسکہ میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ شہری موٹر سائیکلوں، طلائی زیورات، نقدی، اور قیمتی سامان سے محروم عیدالفطر کی آمد کے ساتھ ہی سرکل ڈسکہ میں چور و ڈاکو مافیا بھی سرگرم ہوگیا جس کے باعث سرکل ڈسکہ میں ڈکیتی چوری اور نوسربازی کی وارداتوں میں اضافہ ہوگیا تھانہ سٹی کے علاقہ پل نہر بھروکے کے قریب نامعلوم چور محمد مشتاق کی موٹر سائیکل نمبری 22-AKZ-4286 محلہ اسلام آباد میں نامعلوم چور محمد شہباز کے القادر سٹوریج سے 3 عدد موٹریں، موٹی کیبل 3 عدد، بازار ٹھٹھیاراں میں نامعلوم خاتون نے عبدالستار کی والدہ جو سبزی لینے گئی تھی گھر کا بیرونی دروازہ کھلا پا کر نامعلوم خاتون گھر سے 10 ہزار نقدی، 2 تولہ طلائی زیورات، تھانہ صدر کے علاقہ صابوسراء کے رانا طاہر محمود کے ڈیرہ سے نامعلوم چور بھینس چرا کر لے گئے، تھانہ موترہ کے علاقہ اڈا موترہ کے زوہیب علی کی موٹر سائیکل نمبری 18-STK-3004 نامعلوم چور اصغر علی سرجیکل ہسپتال کے باہر سے چرا کر لے گئے، سرکل پولیس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمہ درج کر لیا۔

دوران گشت و ناکہ بندی ملزمان سے چرس، شراب، ناجائز اسلحہ برآمد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دوران گشت و ناکہ بندی ملزمان سے چرس، شراب، ناجائز اسلحہ برآمد تھانہ سٹی پولیس نے دوران گشت و ناکہ بندی اسٹیڈیم چوک میں ملزم بلال کو روک کر تلاشی لی تو اس کے قبضہ سے 1 کلو 260 گرام چرس، تھانہ موترہ پولیس نے موضع محمد پورہ میں ملزم نوید سلطان سے 10 لیٹر شراب، سٹی پولیس نے دوران گشت و ناکہ بندی چونگی نمبر 8 کے قریب کار نمبری LEF/6519 کو روک کر چیک کیا تو کار میں سوار ملزم اللہ رکھا سے ایک عدد ناجائز پسٹل 30 بور معہ 3 گولیاں، بھروکے پل کے قریب ملزم نبیل سے 1 عدد ناجائز پسٹل 30 بور معہ 3 گولیاں، جبکہ مقدمہ میں گرفتار کر لیا گیا۔

مصطفی آباد: حبیب اللہ صارم کا دوسرا ناول نقمہ شائع ہو گیا

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) حبیب اللہ صارم کا دوسرا ناول نقمہ شائع ہو گیا، اس سے قبل شاعری کے تین مجموعے جبکہ ایک ناول داغ بھی شائع ہو چکا ہے، نیا ناول اردو ادب پڑھنے اور لکھنے والوں کے لئے اہمیت کا حامل، ادبی حلقوں کی طرف سے حبیب اللہ صارم کو مبارکباد، تفصیلات کے مطابق معروف شاعر ادیب حبیب اللہ صارم کا دوسرا ناول نقمہ شائع ہو کر مارکیٹ میں آگیا، نیا ناول اردو لکھنے اور پڑھنے والوں کے لئے بہت مفید اور اہمیت کا حامل ہے، اس سے قبل ان کے ان کے تین شاعری کے مجموعوں ✕✕ ”بے کراں چاہتیں“، ”وہ سندر آنکھیں“ اور ”جذبوں نے کہا“ اور ناول ”داغ“ ادبی حلقوں میں بے حد مقبولیت حاصل کر چکا ہے، نئے ناول کی اشاعت پر ادبی و صحافتی حلقوں کی طرف سے حبیب اللہ صارم کو مبارکباد پیش کی گئی، رمضان المبارک کے بعد پریس کلب مصطفی آباد میں نئے آنے والے ناول کی تقریب رونمائی کا اہتمام کیا جائے گا جس میں ادبی شخصیات کو بطور مہمان خصوصی بلایا جائے گا۔

نقمہ
حبیب اللہ صارم

جمعۃ الوداع کے موقع پر 15 حفاظ کرام کی دستار بندی کی تقریب



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) مرکز توحید و سنت گلشن محمود وانور جامعہ محمودیہ تعلیم القرآن شاہی جامع مسجد دیپالپور میں جمعۃ الوداع کے موقع پر 15 حفاظ کرام کی دستار بندی کی تقریب انعقاد پذیر ہوئی جس میں حفاظ کی حفظ قرآن کی تکمیل پر 15 طلباء کی اعزازی دستار بندی بدست مہتمم وخطیب مولانا ابن انور پیر سید انظر محمود بخاری ضلعی جنرل سیکرٹری اوکاڑہ جمعیت علمائے اسلام پاکستان نے کی، اس موقع پر طلباء کے والدین اعزاء واقارب اور حاضرین کی کثیر تعداد نے بھرپور شرکت کی۔ طلباء و اساتذہ پر گلپاشی کی گئی۔ یاد رہے کہ امسال 15 طلباء نے اساتذہ بالخصوص حافظ القاری محمد اویس محمودی کی شب وروز کاوشوں کا ثمر ہے۔ جس پر وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے اپیل کی کہ اپنے نونہالان کے روشن مستقبل کے لئے جامعہ میں داخل کرا کے مذہبی وعصری تعلیم سے مستفید ہوں۔ دنیاو آخرت کی کامیابیاں سمیٹیں، تعلیم کے ساتھ ساتھ انکی تربیت کا اعلی انتظام میسر ہے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

روایتی اور ڈیجیٹل میڈیا پر ملک دشمن مہم کا منہ توڑ جواب دیا جائے۔نیشنل ایکشن پلان کے تحت قومی بیانیے کو مضبوط کرنے پر اتفاق کر لیا گیا۔قومی بیانیہ کمیٹی کو دہشت گردوں اور شرپسندوں کے سدباب کے لیے مؤثر اور سرگرم بیانیہ بنانے کی ہدایات کی گئی۔فیصلہ کیا گیا کہ قومی بیانیے اور ملک کی سلامتی کے خلاف کسی بھی قسم کے مواد کا سدباب کیا جائے گا۔ملکی سلامتی اور ہم آہنگی کے لیے تمام صوبوں کا تعاون اور آپسی روابط بڑھانے پر اتفاق ہوا۔قومی بیانیے کو نوجوانوں تک پہنچانے کیلئے فلم اور ڈراموں میں ایسے قومی موضوعات اپنائے جائیں گے جس سے شرپسندوں کے بیانیے کا مؤثر مقابلہ ہو، جس پر چاروں صوبے نے اس حوالے سے تعاون پر اتفاق کیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ قومی بیانئے کے لیے ڈیجیٹل میڈیا پر بھی مواد نشر کیا جائے، دہشت گردی کے منفی معاشرتی اثرات کو اجاگر کیا جائے اور سوشل میڈیا پر جھوٹی خبروں کا سدباب کیا جائے۔ڈیپ فیک اور دیگر ذرائع سے بنائی گئی جھوٹی معلومات اور مواد کا مستند معلومات سے بھرپور جواب دینے جبکہ قومی نصاب میں دہشت گردی کے حوالے سے آگاہی شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 2

بلوچستان میں پنجابی مزدور کارڈ دیکھ کر مارے جارہے ہیں۔بلوچستان کی موجودہ صورتحال پر نام نہاد یوٹیوبرز اور ماہرنگ لانگو خاموش ہیں، ان کو پنجاب کے مزدور شہید ہوتے نظر نہیں رہے، خدا کیلئے پاکستانی بن کر سوچیں، ایک یوٹیوبر اور بھارتی صحافی کا ٹویٹ ملتے جلتے ہیں۔ہمیں ایک ریاست کے طور پر اس پر بات کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت عوامی ریلیف کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے، پنجاب صوبائی کابینہ میں 15 لاکھ خاندانوں کو راشن کارڈ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔انہوں نے جمع ؟ الوداع کے موقع پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستانی عوام کی مشکلات ختم فرمائے۔وزیراعظم پاکستان کی ٹیم کی محنت کے نتیجے میں مہنگائی پچیس سال کی کم ترین سطح پر آگئی ہے، جو حکومت کی مؤثر پالیسیوں کا ثبوت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں وزیراعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول سلمہ بٹ کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا پنجاب حکومت نے اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے بھرپور محنت کی ہے۔رمضان بازاروں اور سہولت بازاروں میں معیاری اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جا سکے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کابینہ اجلاس میں سلمہ بٹ کی کارکردگی کو سراہا اور عوامی فلاح کے اقدامات پر اظہار اطمینان کیا۔انہوں نے بتایا کہ گزشتہ روز ہونے والے صوبائی کابینہ اجلاس میں 120 ایجنڈا آئٹمز کی منظوری دی گئی، جو کابینہ کی تاریخ کا سب سے طویل ایجنڈا تھا۔ پنجاب میں کرائم کنٹرول کے لیے جدید سسٹم متعارف کروائے جارہے ہیں۔بھکر میں ایئر ایمبولینس سسٹم قائم کیا جارہا ہے جبکہ پورے صوبے میں کرائم کنٹرول سسٹم فعال کیا جائے گا۔اس کے علاوہ جنسی جرائم کی روک تھام کے لیے ایک خصوصی انویسٹی گیشن یونٹ بھی قائم کیا جارہا ہے، جو ایسے جرائم کی تحقیقات کو مؤثر اور تیز تر بنائے گا۔وزیر اطلاعات نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے فیصل آباد میں ملزم کی گرفتاری کا خود جائزہ لیا اور ہدایت دی کہ دیگر مفرور ملزمان کو بھی جلد گرفتار کیا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ پنجاب میں اب سائنسی بنیادوں پر تفتیش کی جاتی ہے اور کسی بھی جرم کے ملزمان کو گھنٹوں میں گرفتار کیا جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد کا فرض ہے کہ وہ آگے بڑھ کر پاکستان کے معاشی، معاشرتی اور دہشت گردی کے مسائل حل کرنے کے لیے کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ آج دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ایک مرتبہ پھر افواج پاکستان قربانیاں دی رہی ہیں، اس کے باوجود ملک کے اندر تفریق ہے، مذہبی منافرت ہے، لسانیت کی بنیاد پر تفریق ہے، ذاتی خواہشات آگے لانے کے لیے قومی مفاد قربان کرنے کی جو سوچ ہے وہ بے وفائی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ عظیم ملک پاکستان کے لیے ہم نے قربانیاں دیں آج وہاں پر ترقی اور خوش حالی کے مناظر کے بجائے تفریق ہے اور اپنے اپنے خوابوں کی تعبیر کے لیے ملکی استحکام، عزت اور وقار کو داؤ پر لگایا جارہا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ آج بھی موقع ہے کہ فیصلہ کریں کہ پاکستان کے وسیع تر مفاد کی خاطر اپنی تمام ذاتی خواہشات اور انا کو پاکستان کے تابع کریں، اس سے بڑی پاکستان کی خدمت نہیں ہوسکتی۔انہوں نے کہا کہ مملکت خداداد پاکستان کو اللہ نے جوہری قوت سے نوازا ہے، لیکن خدائے بزرگ برتر کا جتنا شکر کریں کم ہے، جس کی کمال مہربانی سے پاکستان 1998 میں ایٹمی قوت بن گیا۔انہوں نے کہا کہ ہمارا کوئی ازلی دشمن ہو یا کوئی قریبی دشمن ہو تو اللہ نے اس قوم کو بہادر فوج کے علاوہ جوہری طاقت عطا فرمائی ہے، دشمن اگر ہماری طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات کرے گا تو یہ قوم اسے روند ڈالے گی۔

بقیہ بقیہ جات 4

تک آپریشن کی خود نگرانی کرتی رہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ملزم علی شیر کے دو ساتھیوں کی جلد گرفتاری کی ہدایت کی اور واقعہ کے ذمہ دار ملزم کے خلاف سخت سزا یقینی بنانے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ خواتین کے خلاف زیادتی کے واقعات قطعاً قابل قبول نہیں۔خواتین اور بچوں کے تحفظ کے لئے تمام ممکنہ اقدامات کرینگے۔زیادتی کے واقعات شرمناک ہیں،سدباب کے لئے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

کانگو کے دیگر علاقوں سے روانڈان کے حمایت یافتہ مارچ 23 تحریک M23 باغیوں کے انخلا کا مطالبہ کیا گیا تھا اور کانگو اور روانڈا کو خطے میں امن کے قیام کیلئے سفارتی مذاکرات میں واپس آنے کی ترغیب دی گئی تھی۔ پاکستانی مندوب نے کانگو میں بگڑتی ہوئی صورتحال پر بحث کے دوران کہا کہ یہ واضح ہے کہ اس تنازعہ کا کوئی فوجی حل نہیں ہے۔انہوں نے زور دیا کہ تمام فریقین کو خاص طور پر ایم 23 ، کو انگولان کے صدر جوا لورینکو اور کینیا کے سابق صدر اہورو کینیاٹا کی قیادت میں سہولت کاروں کے ساتھ نیک نیتی سے تنازعے کے حل نکالنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ افریقی قیادت اور سہولت کاری پر مبنی یہ اقدامات اس معاملہ میں کارفرما تاریخی اور موجودہ پیچیدہ عمل بشمول تمام فریقین کے جائز سیکیورٹی خدشات پر جامع توجہ دینے کا مناسب فریم ورک فراہم کرتے ہیں۔سفیر افتخار احمد نے انتہائی مشکل حالات میں کانگو میں اقوام متحدہ کا ادارہ استحکام مشن) ایم او این یو ایس سی او (کے امن دستوں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان پابندیوں کو ہٹایا جانا چاہیے جو مشن کے امن دستوں کو کام کرنے سے روک رہا ہے

بقیہ بقیہ جات 6

ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے ہیلتھ انشورنس سہولت کا افتتاح کیا، افتتاحی تقریب میں لاہور ہائیکورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس شجاعت علی خان نے شرکت کی۔تقریب میں جسٹس علی باقر نجفی اور جسٹس عابد عزیز شیخ موجود تھے، جسٹس فاروق حیدر، جسٹس خالد اسحاق اور جسٹس عبہر گل خان، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لاہور، شیخوپورہ، ننکانہ اور قصور نے بھی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ امجد اقبال رانجھا نے افتتاحی تقریب میں نظامت کے فرائض سرانجام دیے، ڈی جی ڈسٹرکٹ جوڈیشری اور سیشن جج ہیومن ریسورس سمیت متعدد جوڈیشل افسران بھی افتتاحی تقریب میں موجود تھے۔ہیلتھ انشورنس سہولت ای ایف یو انشورنس کمپنی کے اشتراک سے شروع کی گئی ہے، کمپنی کے نمائندہ نے ہیلتھ انشورنس سہولت کے تمام فیچرز پر تفصیلی بریفنگ دی، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے لاہور ہائیکورٹ کے ججز اور جوڈیشل افسران کو ہیلتھ انشورنس کارڈ بھی دیئے۔

بقیہ بقیہ جات 7

پرافسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نبیل اعوان اور دیگر سوگوار خاندان سے ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

بلتستان سے بھی نمائندے شریک ہوئے۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جعفر ایکسپریس کے حملہ آوروں کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے، روایتی اور ڈیجیٹل میڈیا پر ملک دشمن مہم کا منہ توڑ جواب دیا جائے۔نیشنل ایکشن پلان کے تحت قومی بیانیے کو مضبوط کرنے پر اتفاق کر لیا گیا۔قومی بیانیہ کمیٹی کو دہشت گردوں اور شرپسندوں کے سدباب کیلئے مؤثر اور سرگرم بیانیہ بنانے کی ہدایات کی گئی۔فیصلہ کیا گیا کہ قومی بیانیے اور ملک کی سلامتی کے خلاف کسی بھی قسم کے مواد کا سدباب کیا جائے گا۔ملکی سلامتی اور ہم آہنگی کیلئے تمام صوبوں کا تعاون اور آپسی روابط بڑھانے پر اتفاق ہوا۔قومی بیانیے کو نوجوانوں تک پہنچانے کیلئے فلم اور ڈراموں میں ایسے قومی موضوعات اپنائے جائیں گے جس سے شرپسندوں کے بیانیے کا مؤثر مقابلہ ہو جس پر چاروں صوبے نے اس حوالے سے تعاون پر اتفاق کیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ قومی بیانئے کیلئے ڈیجیٹل میڈیا پر بھی مواد نشر کیا جائے، دہشت گردی کے منفی معاشرتی اثرات کو اجاگر کیا جائے اور سوشل میڈیا پر جھوٹی خبروں کا سدباب کیا جائے۔ڈیپ فیک اور دیگر ذرائع سے بنائی گئی جھوٹی معلومات اور مواد کا مستند معلومات سے بھرپور جواب دینے جبکہ قومی نصاب میں دہشت گردی کے حوالے سے آگاہی شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 9

آپریشنل پلان طلب کر لیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایڈز کے پھیلاؤ کے اسباب اور ذمہ داروں کا تعین کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں یونیسف، ڈبلیو ایچ او اور محکمہ ہیلتھ پنجاب کا جوائنٹ مشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ایڈز کے سدباب کیلئے جوائنٹ مشن 7 تا 14 اپریل متاثرہ بچوں کی ہسٹری ٹریننگ کرے گا۔ جوائنٹ مشن ایڈز کنٹرول اور بچاؤ کیلئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو تجاویز پیش کرے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر متاثرہ علاقوں میں ہاؤس ہولڈ سکریننگ بھی کی جائے گی۔وزیراعلیٰ کی ہدایت پر تونسہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال اور دیگر طبی مراکز میں ایڈز کے علاج کیلئے خصوصی مراکز قائم کر دیئے گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایڈز سے متاثرہ بچوں کے مکمل فری علاج کی ہدایت کی اور کہا کہ ایڈز سے متاثرہ بچوں کے علاج میں کوئی کمی یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 10

کے موقع پر کیا۔اس موقع پر امن وامان کی صورتحال ،ملک کو درپیش چیلنجز، اتحاد و یگانگت اور باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت کی گئی۔ملاقات میں صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین بھی ملاقات میں موجود تھے۔ملاقات میں خاتم النبیین یونیورسٹی کی بحالی اور قرآن کمپلیکس سے استفادہ کرنے کیلئے مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے سب کو مل کر آگے بڑھنا ہے ،ملک کو دہشتگردی اور انتہا پسندی سے نجات دلانے کیلئے علماء اور مشائخ کو کلیدی کردار ادا کرنا ہے، وقت کی ضرورت ہے کہ محراب و منبر سے اتحاد کے فروغ کی آواز بلند ہو، علمائے کرام ،مشائخ عظام اور دینی سکالرز معاشرے میں رواداری ،برداشت اور بھائی چارے کے جذبات کو فروغ دیں۔انہوں نے کہا کہ قرآن اکیڈمی بڑی محنت سے بنائی گئی تھی لیکن بدقسمتی سے اس پر توجہ نہیں دی گئی ،چوہدری شافع حسین کو قرآن کمپلیکس کے معاملات ٹھیک کرنے کا کہا ہے۔ چوہدری شجاعت حسین نے رویت ہلال کمیٹی کے امور میں بہتری لانے میں عبدالخبیر آزاد کی خدمات کو سراہا۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے پورے نظام کو کمپیوٹرائزڈ کیا جارہا ہے، مساجد اور مزارات میں صفائی کے نظام کو بھی بہتر کیا جا رہا ہے، محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے معاملات کی بہتری کیلئے علمائے کرام اور دینی سکالرز سے مشاورت کا عمل جاری ہے۔مولانا عبدالخبیر آزاد نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین کا گھر وحدت کی علامت ہے جہاں سے سب راہنمائی حاصل کرتے ہیں ، چوہدری شجاعت حسین شرافت اور رواداری کی علامت ہیں جنہیں دیکھ کر پرانی یادیں تازہ ہو جاتی ہیں ،مولانا عبدالقادر آزاد مرحوم کے امت مسلمہ کے اتحاد کے مشن کو لے کر آگے بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

اور کے الیکٹرک صارفین کو 1 روپے 71 پیسے فی یونٹ ریلیف ملے گا اور لائف لائن صارفین کے علاوہ تمام صارفین کو سبسڈی دی جائے گی۔گزشتہ روز، آئی ایم ایف نے بجلی ٹیرف میں ایک روپے فی یونٹ کمی کی اجازت دی تھی، یہ ریلیف کیپٹو پاور پلانٹس پر لیوی سے حاصل ریونیو سے دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 12

400 سے زائد مسافروں کو لے کر روانہ ہوئی۔11 مارچ کو دہشت گرد حملے کے بعد سے اندرون ملک کے لیے کوئٹہ سے پہلی ٹرین روانہ ہوئی ہے۔ جعفر ایکسپریس کوئٹہ ریلوے اسٹیشن سے 9 بجے پشاور کے لیے روانہ ہوئی۔اس موقع پر صوبائی اسمبلی کے رکن جمال شاہ کاکڑ نے مسافروں کو رخصت کیا اور کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر ریلوے حنیف عباسی کے بہت مشکور ہوں۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ جعفر ایکسپریس آج دوبارہ روانہ ہورہی ہے، مسافروں کے لیے آسانیاں پیدا ہوں گی۔ ڈی ایس ریلویز کا کہنا ہے کہ ٹرین کی سیکیورٹی کے لیے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں، پشاور سے گزشتہ روز روانہ ہونے والی جعفر ایکسپریس آج کوئٹہ پہنچ رہی ہے۔یاد رہے کہ جعفر ایکسپریس کو ضلع کچھی کے علاقے میں دہشت گردوں نے حملے کا نشانہ بنایا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 13

غزہ کی غائبانہ نماز جنازہ کراچی میں خالد بن ولید روڈ پر ادا کی گئی، جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نماز جنازہ کی امامت مرکزی مسلم لیگ سندھ کے صدر فیصل ندیم نے کی۔ جنازے میں کراچی کے صدر احمد ندیم اعوان سمیت مرکزی مسلم لیگ کے ذمہ داران موجود تھے۔شرکا نے فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے اسرائیل مخالف نعرے بھی لگائے۔ جنازہ کے بعد خطاب کرتے ہوئے فیصل ندیم نے کہا کہ غزہ میں ہونے والے مظالم پر عالمی برادری کی خاموشی افسوسناک ہے۔ مظلوم مسلمانوں کی مدد کرنا ہمارا دینی اور اخلاقی فرض ہے، مگر بدقسمتی سے مسلم حکمران خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

چیئرمین مقرر، سینئر لیگی رہنما کامران بھی کونسل کے وائس چیئرمین جبکہ عاقب عالم کو مینارٹی ایڈوائزری کونسل پنجاب کا کنوینر مقرر کیا گیا ہے ۔ مینارٹی ایڈوائزری کونسل 38 ارکان پر مشتمل ہوگی، مینارٹی ایڈوائزری کونسل پنجاب کی مدت تین سال ہوگی، حکومت قبل از وقت مینارٹی ایڈوائزری کونسل کو تحلیل کر سکتی ہے۔وزیراعلی پنجاب کی جانب سے کسی بھی رکن کی رکنیت معطل یا ختم کیا جاسکتا ہے، وزیراعلی کسی بھی وقت چیئرمین، وائس چیئرمین یا کنوینر کو عہدے سے ہٹا سکتی ہیں۔کونسل حکومت کو اقلیتوں کے مسائل حل کرنے میں مشاورت فراہم کرے گی جبکہ بین المذاہب بھائی چارے کے فروغ کے لئے تجاویز بھی دی جائیں گی ۔اقلیتی برادریوں کے بنیادی حقوق اور آزادی کو قانونی تحفظ دیا جائے گا، اقلیتوں کی تعلیمی ،سماجی، اقتصادی اور سیاسی ترقی پر کام کیا جائے گا، اقلیتوں کیمعیار زندگی کو بہتر بنانے کے لئے ترقیاتی منصوبے تجویز کیے جائیں گے۔چیئرمین، وائس چیئرمین، کنوینز اور دیگر ارکان کو کوئی معاوضہ نہیں دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 15

خزانہ نے ایف بی آر کی ٹیکس وصولیوں میں بڑے اضافے کا تخمینہ لگاتے ہوئے نئے مالی سال میں ٹیکس محصولات کا ہدف 15 ہزار 270 ارب روپے مقرر کیا ہے۔رواں مالی سال کے مقابلے میں نئے مالی سال کیلیے 2 ہزار 300 ارب روپے اضافے کا تخمینہ ہے۔ذرائع کے مطابق گزشتہ مالی سال میں ایف بی آر کی ٹیکس محصولات 9 ہزار 311 ارب روپے رہیں تاہم آئندہ مالی سال کیلیے براہ راست ٹیکس وصولی کا تخمینہ 6 ہزار 570 ارب روپے ہے۔رواں مالی سال کیلیے براہ راست ٹیکس وصولی کا ہدف 5 ہزار 512 ارب روپے مقرر ہے۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف اب اگلے مالی سال کے وفاقی بجٹ کی نگرانی کرے گا اور بجٹ کو حتمی شکل دینے کے حوالے سے آئی ایم ایف کا اہم وفد 4 اپریل کو پاکستان کا دورہ کرے گا۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف ٹیم کے ساتھ اگلے مالی سال کے بجٹ کے خدوخال اور تجاویز کو فائنل کیا جائے گا جس میں آمدنی کے ذرائع اور اخراجات پر کنٹرول کے اقدامات شامل ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 16

کیا وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستانی حکومت کی توجہ معیشت کو بہتر بنانے پر مرکوز ہے انہوں نے کہا کہ حکومت ملکی برآمدات کو بڑھانے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں بجلی کے نرخوں میں کمی لانے کے اقدامات کیے جارہے ہیں اس حوالے سے جلد ہی وزیر اعظم کی طرف سے اعلان متوقع ہے اور اس اقدام سے مینوفیکچرنگ سیکٹر کو فروغ ملے گا اور برآمدات میں اضافہ ہوگا وزیر خزانہ نے کہا کہ آنے والے وفاقی بجٹ میں ٹیکس کا دائرہ وسیع کرنے پر توجہ دی جائے گی اور ریئل اسٹیٹ، ریٹیل اور زراعت جیسے شعبوں کو ٹیکس نظام میں شامل کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ٹیکس بنیادوں کو وسعت دے کر مینوفیکچرنگ سیکٹر پر غیر ضروری ٹیکسوں کا بوجھ کم کرنا ہے انہوں نے کہا کہ اس وقت مینوفیکچرنگ سیکٹر اب تک ٹیکس کا بڑا حصہ ادا کر رہا ہے وزیر خزانہ نے مہنگائی کے رجحانات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجموعی اور بنیادی مہنگائی کی سطح پر گہری نظر رکھی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت کی بہتری کیلئے اس سال کے دوران شرح سود میں مزید کمی متوقع ہے اور شرح سود میں کمی سے اقتصادی ترقی کے لیے حالات مزید بہتر ہوں گے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان اس کیلنڈر سال میں پہلا چینی یوان بانڈ جاری کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اور یوان بانڈ کی مالیت 200 سے 250 ملین ڈالر کے درمیان ہوگی انہوں نے کہا کہ ہمارے لئے بانڈ کا حجم اہم نہیں بلکہ فنڈنگ ذرائع میں تنوع مقصود ہے اور اس فنڈ کا استعمال موسمیاتی تبدیلی سے متعلق منصوبوں کے لیے کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد امریکہ، یورپ اور اسلامی سکوک کی روایتی منڈیوں سے ہٹ کر مالیاتی ذرائع کو متنوع بنانا ہے اور یہ ایک موزوں وقت ہے کہ پاکستان دنیا کی دوسری سب سے بڑی اور گہری کیپٹل مارکیٹ سے فائدہ اٹھائے۔

بقیہ بقیہ جات 17

کہ علی امین گنڈاپور تحریک انصاف اور جے یو آئی کے درمیان فاصلوں کو بڑھانے کی سازش کر رہے ہیں، گرینڈ اپوزیشن میں رکاوٹ سے حکومت اور غیر جمہوری قوتوں کو فائدہ ہوگا، علی امین گنڈاپور تحریک انصاف کے گورباچوف ہیں پی ٹی آئی کو بیرونی نہیں اندرونی سازشوں سے خطرہ ہے۔ترجمان اسلم غوری نے کہا کہ جب اپوزیشن اتحاد بننے کے قریب ہوتا ہے سازشی عناصر اپنا کام شروع کردیتے ہیں، علی امین اپنی حکومت کو دوام دینے کیلئے اپوزیشن اتحاد سے خوف زدہ ہیں، پی ٹی آئی قیادت پارٹی کے اندر سازشیوں پر نظر رکھے۔انہوں نے کہا کہ اپوزیشن گرینڈ الائنس کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، گنڈا پور نے علماء کی تضحیک کرکے اپنی گھٹیا ذہنیت کا اظہار کیا ہے، علماء کرام انبیاء کے وارث ہیں ان کی توہین برداشت نہیں کی جائے گی، پی ٹی آئی وضاحت کرے علی امین کا علماء کے بارے میں بیان ان کی پارٹی پالیسی ہے؟

بقیہ بقیہ جات 18

کے خلاف احتجاج جاری رکھتے ہوئے ریاست آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو کی افطار پارٹی کا بائیکاٹ کردیا۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کی اپیل پر مسلم رہنماؤں نے وجئے واڑہ کنونشن سینٹر میں وزیراعلیٰ کے افطار ڈنر کا بائیکاٹ کیا۔آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ نے بی جے پی کی ریاستی اور مرکزی حکومتوں کو متنازعہ وقف ترمیمی بل واپس لینے پر مجبور کرنے کیلئے احتجاجاً وجئے واڑہ اور دیگر مقامات پر ریاستی حکومت کی طرف سے دی گئی افطار پارٹیوں کا بھی بائیکاٹ کیا۔مسلم تنظیموں کے قائدین، سرکردہ شخصیات اور تمام فرقوں سے تعلق رکھنے والے مذہبی اسکالرز نے وزیراعلیٰ کی افطار پارٹی میں شرکت نہیں کی۔مسلم تنظیمیں 2 اپریل کو وجئے واڑہ میں وقف ترمیمی بل کی منسوخی کیلئے دھرنا دینے پر بھی غور کر رہی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 19

شدید ہنگامہ آرائی شروع ہوئی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق اسمبلی میں اس وقت شدید ہنگامہ آرائی شروع ہو گئی جب وقفہ سوالات کے دوران اپوزیشن کے ارکان نے کرسیاں اٹھا کر احتجاج شروع کر دیا۔اسپیکر نند کشور یادو کے اعتراض کے باوجود اپوزیشن کے ارکان نے احتجاج جاری رکھا۔اجلاس کے دوران پارلیمانی امور کے وزیر وجے کمار چودھری اظہار خیال کر رہے تھے جب اپوزیشن کے چند ایم ایل ایز نے کرسیاں اٹھا کر احتجاج شروع کر دیا جس سے ایوان مچھلی منڈی کا منظر پیش کرنے لگا۔ مارشلوں نے وجے چودھری کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے انہیں گھیرے میں لے لیا ۔اسپیکر نند کشور یادو نے احتجاج کرنے والے ارکان کو خبردار کیا کہ اگر انہوں نے اپنا احتجاج بند نہ کیا تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ اسپیکر کی بار بار اپیل کے باوجود ایوان میں ہنگامہ آرائی جاری رہی اور ارکان نعرے بازی کرتے رہے ۔ بعض ارکان احتجاج کرتے ہوئے اسپیکر کی کرسی تک بھی پہنچ گئے ۔ اسمبلی کے باہر بھی اپوزیشن ارکان نے پوسٹر لہرائے اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار اور وزیراعظم نریندر مودی کی ہندوتوا حکومتوں کے خلاف نعرے بازی کی اور انہیں مسلم مخالف قرار دیا۔ واضح رہے کہ بھارت بھر میں متنازعہ وقف ترمیمی بل کے خلاف احتجاج جاری ہے اور حزب اختلاف کی جماعتوں نے اس بل کو غیر آئینی اقدام قرار دیا ہے۔ اسمبلی میں ہنگامہ آرائی سے 2025 کے انتخابات سے قبل حکومت اور اپوزیشن کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کی نشاندہی ہوتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

سماجی، مذہبی، لسانی اور معاشی خدمات کا بھی اعتراف کیا گیا۔ نیویارک کی ریاستی اسمبلی کی جانب سے گزشتہ دنوں یوم پاکستان اور پاکستان بزنس ڈے کے حوالے سے دو قرار دادیں منظور کی گئیں۔ سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے ٹیکساس اسمبلی کی جانب سے یوم پاکستان کے حوالے سے قرارداد منظور کرنے کے خیر مقدم کیا۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ مختلف ریاستوں میں یوم پاکستان کے حوالے سے قراردادوں کی منظوری ریاستی سطح پر پاک امریکا تعلقات خصوصاً معاشی تعلقات کے فروغ کے حوالے سے انتہائی حوصلہ افزا پیش رفت ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسی قراردادوں کی منظوری کا سلسلہ دیگر ریاستوں خصوصاً ایسی ریاستوں جہاں پاکستانی کمیونٹی کثیر تعداد میں موجود ہے تک بڑھایا جائے گا۔قونصل جنرل محمد آفتاب چوہدری کی سپیکر ٹیکساس اسمبلی ڈسٹن بروز سے ملاقات ہوئی جس میں قرارداد کی منظوری میں ان کے کردار پر شکریہ ادا کیا۔ قونصل جنرل نے سپیکر ٹیکساس کو ریاستی نمائندوں اور تاجروں کے وفد کے ہمراہ پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔بعد ازاں، انہوں نے ریاستی نمائندے ڈاکٹر سلیمان لالانی کی طرف سے ٹیکساس کیپیٹل میں منعقدہ کے دونوں ایوانوں کے اراکین اور مقامی معززین کے اعزاز میں دی گئی افطار میں بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 21

جموں وکشمیر اتحاد المسلمین کے خلاف ضلع بارہمولہ میں غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا مقدمہ درج کرلیا ہے۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق پولیس کے ایک بیان میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ مسرور عباس انصاری سے وابستہ جموں و کشمیر اتحاد المسلمین بھارت مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہے۔ پٹن پولیس اسٹیشن میں تنظیم کے خلاف غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے کالے قانون یو اے پی اے کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

کے درمیان وائٹ ہاس میں سالانہ افطار ڈنر کا اہتمام کیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ روز منعقد ہونے والے افطار ڈنر میں انہوں نے حالیہ امریکی انتخابات میں اپنی پارٹی کی حمایت کرنے، ووٹ دینے پر لاکھوں امریکی مسلمانوں کا شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ حکومت کمیونٹی سے کیے گئے اپنے وعدوں کو پورا کر رہی ہے۔افطار ڈنر کے موقع پر امریکی صدر نے اپنے خطاب میں رمضان کی مبارک باد دی اور اس مہینے کی اہمیت پر روشنی بھی ڈالی، اسکے ساتھ ہی افطار ڈنر میں شرکت کرنے والے مسلم سفارتکاروں کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ مسلمان اس مقدس مہینے میں صبح سے شام تک روزہ رکھتے ہیں، عبادت اور شکر ادا کرتے ہیں۔ڈونلڈ ٹرمپ نے مشرق وسطی میں دیرپا امن کے قیام کے لیے کی جانے والی کوششوں پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ہم سب پوری دنیا میں امن چاہتے ہیں، میری انتظامیہ کس کے لیے انتھک سفارت کاری میں مصروف ہے، تاریخی ابراہیم معاہدے پر استوار ہے، جس کے بارے میں خیال کیا جارہا تھا کہ یہ ناممکن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

دوران روسی صدر نے کہا کہ یوکرین میں تنازعہ کا آغاز 2014 میں یوکرینی حکومت کے خلاف مغربی ممالک کی حمایت یافتہ بغاوت کے بعد شروع ہوا۔انہوں نے کہا کہ نہ تو روس نے اس بغاوت کا منصوبہ بنایا اور نہ وہاں لڑائی کا آغاز کیا۔ اس بغاوت کے بعد یوکرین کے جنوب مشرق میں لڑائی شروع ہوئی۔ روسی صدر نے زور دے کر کہا کہ روس آٹھ سال سے یوکرین کے مسئلے کو پرامن طریقے سے حل کرنے کی کوشش کرتا رہا۔روسی صدر نے کہا کہ میری رائے میں امریکا کے نو منتخب صدر خلوص دل سے یوکرین تنازعہ کو ختم کرنے کی خواہش رکھتے ہیں۔انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ روس یوکرین کے تنازع کے پرامن حل کی حمایت کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

کے احکامات انتہائی خوش آئند ہیں اور اس کے زراعت پر دوررس نتائج برآمد ہوں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔علی ارشد رانا نے کہا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن مختلف اجناس ، آلو، دالوں اور سبزیوں وغیرہ کے معیاری بیجوں کی طلب کے مطابق رسد کو یقینی بنانے پر بھرپور توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ بدلتے ہوئے رجحانات کی پیروی کی جارہی ہے جس کیلئے ریسرچ کر کے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کے منصوبے پر عمل پیرا ہیں۔انہوں نے کہا کہ آلو اور کپاس کی پیداوار میں اضافے کے لئے مختلف ممالک سے بہترین اقسام کے بیج درآمد کرنے کے منصوبے پر پیشرفت جاری ہے جس کے بعد انہیں پنجاب سیڈ کارپوریشن کے فارمز پر فروغ دیا جائے گا ۔پنجاب سیڈ کارپوریشن کپاس کے ساتھ ساتھ دالوں اور تیل دار اجناس کی پیداوار میں اضافے کے لیے بھی منصوبے پر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسانوں اور کاشتکاروں سے اپیل ہے کہ وہ کاشت کے لئے تصدیق شدہ بیج کے استعمال کو ترجیح دیں جس سے نہ صرف ان کی پیداوار میں اضافہ ہوگا بلکہ اس سے معیشت بھی گروتھ کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 25

بن گیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس کی جانب سے منعقدہ افطار ڈنر میں امریکی مسلم کمیونٹی کو مدعو نہیں کیا گیا جس پر امریکی مسلم وائٹ ہاؤس کے باہر جمع ہوگئے، جنہوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا اور ریلی بھی نکالی۔ امریکی مسلم کمیونٹی نے دعویٰ کیا کہ افطار ڈنر میں مدعو کیے گئے مہمانوں کی فہرست میں امریکی مسلمان شامل نہیں تھے۔

بقیہ بقیہ جات 26

کے قیام کے بعد فعال کردار کے حوالے سے متعلقہ امور پر سیر حاصل مشاورت کی گئی۔ چیف ایگزیکٹو پیکا ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے اجلاس کو ورکنگ پر مفصل بریفنگ دی۔ اجلاس میں پیکا ہیڈ کوارٹر، آرگینوگرام اور ذیلی شعبہ جات کے قیام کی منظوری دی گئی اور نئی قائم شدہ اتھارٹی کے تحت پیکا کے مختلف امور کو بہتر انداز میں چلانے کیلئے کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئیں۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ پیکا کا بورڈ آف گورنرز چوٹی کے ماہرین تعلیم پر مشتمل ہے جن کی راہنمائی میں نصاب، تربیت اور امتحانات کا ایک مربوط نظام میں ڈھال کر تعلیم میں نئی جہتوں کی بنیاد رکھ دی ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کریکلم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، پنجاب ایگزامینیشن کمیشن اور قائداعظم اکیڈمی فار ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ کو آپس میں انضمام کر کے پیکا تشکیل دی گئی ہے جس سے تعلیم، تدریس اور ٹریننگ کے معیار میں بھی بہتری آئے گی اور نصاب، تحقیق اور جدید تقاضوں کے مطابق اساتذہ کی تربیت میں مدد ملے گی۔ وزیر تعلیم نے محکمانہ اجلاس ہر ممکن حدتک پیپر لیس کرنے اور میٹرک ٹیک کی موثر تدریس کیلئے اساتذہ کی ٹریننگ کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں میٹرک ٹیک، جماعت نہم کیلئے نئے نصاب کے مطابق تیار کردہ فیشن ڈیزائننگ، کیوٹیکیشن سکلو اینڈ پرسنل گرومنگ، ایگری کلچر سائنس اور انفارمیشن اینڈ کیوٹیکیشن ٹیکنالوجی کی کتب کے علاوہ اساتذہ کی بالخصوص ٹیک ایجوکیشن میں استعداد بڑھانے کیلئے مختلف تربیتی کورسز کی بھی منظوری دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 27

سیشن ججز نے مختلف جیلوں کے دورے کیے اور اس دوران معمولی نوعیت کے جرائم میں ملوث قیدیوں کے کیس سن کر موقع پر فیصلہ جاری کیا۔ رجسٹرار پشاور ہائی کورٹ آفس کے مطابق سینٹرل جیل پشاور سے 69، صوابی جیل سے 25 اور مردان سے 16 قیدی رہا کیے گئے، اسی طرح کوہاٹ سے 9، ہری پور سے 10، ڈی آئی خان جیل سے 11 قیدی رہا کردیئے گئے ہیں۔صوبے کی 34 جیلوں سے مجموعی طور پر 214 قیدی رہا کیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

شرح سود پر 2 سال کی ڈیل دیا تھا۔ذرائع کے مطابق اس بینک کے قرضہ کی 30 کروڑ ڈالر کی ایک اور قسط اپریل کے نصف میں ادا کرنا پڑے گی۔گورنر سٹیٹ بینک نے بتایا ہے کہ حکومت پاکستان نے 2024ء میں مارکیٹ سے 9 ارب ڈالر خریدے ہیں۔اگر حکومت ایسا نہ کرتی تو آئی ایم ایف پروگرام سے رقم ملنے کے باوجود پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر بمشکل 2 ارب ڈالر ہونا تھے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع نے بتایا ہے کہ ضرورت پڑی تو آئی سی بی سی پاکستان کو مزید قرضہ دینے کو بھی تیار ہے، جس کیلئے بات چیت شروع ہو چکی ہے، تاہم شرح سود کے معاملے پر ابھی اتفاق نہیں ہورہا۔ پاکستان قرضوں کے معاملے میں چین پر زیادہ انحصار کررہا ہے۔ چین چار ارب ڈالر کا کیش ڈیپازٹ، 6.5 ارب ڈالر کا کمرشل قرضہ اور 4.3 ارب ڈالر کی ٹریڈ فنانسنگ فیسیلٹی مسلسل رول اوور کرتا آرہا ہے۔اس سال اپریل سے جون تک 2.7 ارب ڈالر کے چینی قرضوں کی مدت ادائیگی بھی ختم ہو رہی ہے۔اسی طرح تین چینی کمرشل بینکوں کے 2.1 ارب ڈالر کے سینڈیکیٹ فنانسنگ قرضے بھی جون تک میچور رہے ہیں۔اسکے علاوہ بینک آف چائنہ کے 30 کروڑ ڈالر بھی اسی ماہ ادا کرنا پڑیں گے جن کیلئے پاکستان نے ری فنانس کا بندوبست کر رکھا ہے تاکہ زرمبادلہ ذخائر کو سہارا دیا جاسکے۔

بقیہ بقیہ جات 29

کے 11 زخمیوں کو ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا۔ہسپتال انتظامیہ کے مطابق ڈبل روڈ پر دھماکے کے 11 زخمیوں کو طبی امداد کی فراہمی اور حالت کی بہتری کے بعد سنڈیمن ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا ہے۔انتظامیہ نے بتایا ہے کہ دھماکے کے 6 زخمی افراد ٹراما سینٹر، 3 سنڈیمن اسپتال میں زیر علاج ہیں جبکہ زخمیوں میں سے 2 کی حالت تشویش ناک ہے، جن کا ٹراما کے آئی سی یو میں علاج جاری ہے۔یاد رہے کہ گزشتہ روز کوئٹہ کے ڈبل روڈ پر دھماکے میں 3 افراد جاں بحق اور 21 زخمی ہوئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 30

ساعت 4 اپریل کو ہوگی، اپریل سے جون تک 3 ماہ کے لیے سبسڈی میں اضافہ کیا جائے گا۔ڈسکوز اور کے الیکٹرک صارفین کو 1 روپے 71 پیسے فی یونٹ ریلیف ملے گا اور لائف لائن صارفین کے علاوہ تمام صارفین کو سبسڈی دی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 31

میں عید الفطر کی نماز صبح 7 بجے ادا کی جائے گی۔نماز عید ڈاکٹر مفتی محمد معاذ پڑھائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 32

281 سینئر رجسٹرارز اور سینئر میڈیکل افسران کی تعیناتی کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔تفصیلات کے مطابق ترقی پانے والے 130 میڈیکل افسران کی بطور سینئر میڈیکل افسران کے تعیناتی کر دی گئی ہے۔اسی طرح پلاسٹک سرجری کے 13، پیڈریاٹرک سرجری کے 33، نیورو سرجری کے 28 جبکہ سرجری کے 77 سینئر رجسٹرارز کی مختلف ٹیچنگ ہسپتالوں میں تعیناتی کر دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

پنجاب کے اس پروپوزل کو رد کر کے واضح کر دیا تھا کہ یہ آباد نہیں ہوسکتا۔انہوں نے کہا کہ ہم سے پہلے نگران حکومت تھی اس وقت کہا گیا تھا کہ چولستان کے علاقہ آباد کرنا ہے اور اسی عرصہ میں پنجاب حکومت نے ایک اسکیم بنائی اور اسی عرصہ میں پانی کی دستیابی کیلئے این او سی کی منظوری کیلئے بھی گئے۔ انہوں نے صرف اس بیسز پہ کہ جی 27 ملین ایکڑ فٹ پانی ڈان اسٹریم کوٹڑی جاتا ہے تو اس لیے اتنا پانی اویلیبل ہے پھر وہ کیلکولیشن پنجاب حکومت نے ان کو کر کے دی تھی، ان کو مانتے ہوئے کہا کہ جی پانی دستیاب ہے۔ جب کالا باغ ڈیم کے خلاف شہید محترمہ بےنظیر بھٹو نے بات کی تھی انہوں نے مظاہرہ کیا تھا اور بالکل جی تو اس وقت جنرل مشرف کی حکومت تھی اور جنرل مشرف کہتے تھے 35 ایم ایف جی پانی جاتا ہے ڈان اسٹریم کوٹڑی۔ انہوں نے 76 سے 99 تک ایوریج نکالا تھا اس وقت 35 تھا۔ 2023 تک جاتے ہیں تو ایوریج کم ہو کر 27 ایم ایف ہو گیا ہے اور اگر ہم گزشتہ 25 سال کا ایوریج دیکھیں تو اب یہ 17 ایم ایف ہو گیا۔ہم تو کہتے ہیں کم از کم 10 جانا چاہیے لیکن ساڑھے آٹھ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ایک بات بتا دیں کہ کس صدر نے کونسا پروجیکٹ منظور کیا ہے ۔ مجھے ایک پروجیکٹ بتا دیں کہ صدر پراجیکٹ اپروو کرتے ہیں تو پراجیکٹ بن جاتا ہے۔ ابھی ہم نے شاہراہ بھٹو بنائی ہے تو کیا صدر زرداری نے منظور کیا ہے ؟ کیا تھر میں جو پروجیکٹ بنائیں ہیں وہ صدر صاحب کی منظوری سے ہوئے ہیں؟ کسی بھی صدر کا ان منصوبوں سے واسطہ نہیں ہوتا۔ صدر کے پاس جیسے گورنس کے پاس یہ ہوتا ہے صدر کی پاس نہیں ہوتا۔صدر صاحب کے پاس آٹھ جولائی کو ایگریکلچر لوگ گئے تھے، میٹنگ ہوئی ہوگی، میں اس میٹنگ میں نہیں تھا۔ انہوں نے اپنے پلانز چھ کنال ویسے چھ کنالز پہ بھی دو تو پرانے کنال سے ایک کنال ہے ایک اچھی جو بنا ہوا ہے ایک کنال ہے ریڈی جو بنا ہوا ہے تو یہ تو پرانے کینال میں ان کی چھوڑ دیں دو کنالز کہہ رہے ہیں۔ سندھ میں تھر اور ریتی کی جو بات کر رہے تھے وہ بھی ہم تو بنانے ہیں، ہم نے تو کوئی سکیم انیشیٹ ہی نہیں کی تو وہ بھی ختم ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 34

جبری بے دخلی کی شدید مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ OIC اور مسلم حکمرانوں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فلسطینیوں کو آزادی وحق خود ارادیت دلوانے اور جبری یہودی آبادکاری کو ختم کرنے فلسطین میں غذائی طبی اور ہر قسم کی امداد پہنچانے میں اسرائیلی رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے بھرپور طاقت کا عملی مظاہرہ کریں۔ گریٹر اسرائیل کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا۔ حماس، حزب اللہ سمیت دیگر شہدائے مقاومت فلسطین نے آزادی القدس کی جدوجہد کرنے والوں کے حوصلوں کو مزید بلند کردیا ہے۔ پاکستان سمیت مسلم حکمران امریکی، اسرائیلی دباؤ میں آئے بغیر قبلہ اول بیت المقدس کی آزادی کیلئے اپنی علیحدہ مشترکہ اسلامی فوج تشکیل دیں اور اپنے دین وایمان کے تحفظ و بقاء اور مظالم سے نجات کیلئے اپنی مسلم اقوام متحدہ، اسلامی کرنسی، تجارتی منڈی قائم کریں۔ اپنے ممالک میں حکومتی سطح پر تمام اسرائیلی اور اس کے سہولت کار ممالک کی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کریں۔ پاکستان میں استعمار کے ایجنٹ وآلہ کار فرقہ پرست تکفیری عناصر آزادی القدس کی جدوجہد کو دبانے کیلئے قابل مذمت گھناؤنی سازشیں کر رہے ہیں۔ پاکستان کے تمام غیور مسلمان بلا امتیاز رنگ و مسلک مجاہدین فلسطین و شہدائے مقاومت کے شانہ بشانہ ہیں اور ان کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ امریکہ و اسرائیل کی جبری غزہ خالی کرانے کی اشتعال انگیز دھمکیاں اور دہشتانہ جارحیت پاکستان و دیگر اسلامی ممالک کی غیرت ایمانی کیلئے کھلا چیلنج ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

اور ان کے ساتھیوں کی محنت پر ان سے اظہار تشکر کیا گیا ۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ ہم نے حلقے کے دیرینہ مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ اس کی تعمیر و ترقی بھی کرنی ہے، اس کے لئے متعلقہ شخصیات سے ملاقاتیں بھی کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ ہمارے لئے عہدے اہمیت نہیں رکھتے ، ہم نے اس کے بغیر بھی عوام کی خدمت کی ہے اور کر رہے ہیں۔ این اے 97 پسماندہ ترین حلقہ ہے، ہم اس حلقے کی محرومیاں دور کرنے کیلئے پرعزم ہیں اور اس کے لئے اپنی استعداد سے بڑھ کر کوششیں کر رہے ہیں ۔ حلقے کی عوام سے رابطے اور ان کے مسائل کے حل کے لئے سیاسی دفاتر قائم کئے گئے ہیں، ان شا اللہ اس سلسلے کو مزید وسیع کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 36

عدالتی حکم سے متعلق کمشنر، ڈپٹی کمشنر لاہور اور میونسپل کارپوریشن کو آگاہ کریں۔ تحریری حکم میں لکھا گیا ہے کہ سرکاری وکیل ہدایات لے کر بتائیں پالیسی کے باوجود کتوں کو کیوں مارا جا رہا ہے، پنجاب حکومت سمیت دیگر فریقین آئندہ سماعت تک جواب بھی جمع کرائیں، درخواست گزار کے مطابق حکومتی پالیسی کے باوجود بڑے پیمانے پر کتوں کو مارا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

ڈاک وصول نہیں کیا جائے گا۔تفصیلات www.pu.edu.pk پر دستیاب ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 38

کی آزادی پوری امت پر قرض ہے، مسئلہ فلسطین پر مسلم حکمرانوں کو بیانات کی بجائے عملی طور پر فلسطینیوں کا ساتھ دینے کی ضرورت ہے، بیت المقدس قبلہ اول کی آزادی صرف فلسطینیوں کا نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کا اہم ترین مسئلہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیلی جارحیت کے خلاف پوری امت مسلمہ آواز بلند کر رہی ہے لیکن افسوس فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کے خلاف اقوام متحدہ و دیگر اسلامی ممالک کی خاموشی سوالیہ نشان ہے، ہم اسرائیلی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق فلسطین آزاد نہیں ہوگا، عالم اسلام متحد ہو کر اسرائیل کی ناجائز ریاست کو صفحہ ہستی سے مٹا دے۔

بقیہ بقیہ جات 39

کے موقع پر طلباء اور اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ اساتذہ اور طلباء کے درمیان مضبوط رشتے کو استوار کر کے باہمی اعتماد اور سیکھنے کے وسیع مواقع میسر آئیں گے۔ انہوں نے طلباء کو کہا کہ وہ زندگی میں ہمیشہ سچ کا دامن تھام کر رکھیں، مشکل ترین حالات میں بھی جھوٹ کا سہارا نہ لیں کیونکہ سچائی اور ایمانداری ایک مضبوط کردار کی بنیاد فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے معافی کی فضیلت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بدلہ لینے کی طاقت ہونے کے باوجود بھی معاف کرنا افضل عمل ہے جس سے زندگیوں میں رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔انہوں نے اساتذہ کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ طلباء کی مصروفیت اور تنقیدی سوچ کو بڑھانے کے لیے جدید تدریسی طریقے اختیار کریں۔ انہوں نے طلباء کی صحت کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے ٹھوس منصوبوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔انہوں نے سماجی ذمہ داری کے طور پر معیاری تعلیم فراہم کرنے کے عزم کو تقویت دیتے ہوئے شہر بھر میں مزید شاخیں قائم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں بچوں کی بڑی تعداد غذائیت کی کمی کا شکار ہے لہٰذا ہمیں طلباء کی صحت کو یقینی بنانے کے لئے مربوط حکمت عملی تیار کرنا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ طلباء میں کھیلوں کے فروغ کے لئے شعوری کاوشیں عمل میں لائیں کیونکہ ایک صحت مند جسم ہی صحت مند ذہن کی ضمانت ہوتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

سہولیات بارے فیڈ بیک لیا۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کی جارہی ہیں۔انشاء اللہ سب کی اجتماعی کوششوں سے یہ نظام بہتر ہوگا۔ مریضوں کو ریلیف دینے کیلئے سب کو محنت کرنی ہوگی۔ حکومت سرکاری ہسپتال چلانے کیلئے ہر سال اربوں روپوں کے بجٹ فراہم کرتی ہے۔ ایم ایس حضرات مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں۔خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ہسپتالوں کے روزانہ کی بنیاد پر دورے کئے جا رہے ہیں۔ہسپتالوں کا دورہ کر کے مریضوں سے طبی سہولیات بارے براہ راست فیڈ بیک لیا جارہا ہے۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے مریضوں کی آسانی کیلئے او پی ڈی کی لفٹ فوری طور پر فعال کرنے کی ہدایت کی۔صوبائی وزیر صحت نے پی آئی سی میں ادویات کی فہرستیں اور ڈیوٹی روسٹرز آویزاں کرنے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ بقیہ جات 41

اور اپنی فیملیوں کے ہمراہ صوبائی دارالحکومت میں مقیم ہیں۔فیملیوں کے ساتھ رہنے والوں نے رش سے بچنے کے لئے اپنے آبائی علاقوں کو واپسی شروع کر دی ہے جس کی وجہ سے بس اسٹینڈز اور ریلوے اسٹیشن پر غیر معمولی رش دیکھا جارہا ہے۔ دوسری جانب پردیسیوں کا رش بڑھتے ہی ٹرانسپورٹ مالکان بھی متحرک ہوگئے ہیں اور من مانے کرائے وصول کرنا شروع کر دیے گئے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ گاڑیاں اڈوں سے باہر کھڑی کر کے ٹرانسپورٹ کی مصنوعی قلت پیدا کی جارہی ہے جس کی وجہ سے مسافر منہ مانگے کرائے دینے پر مجبور ہیں ۔مسافروں نے وزیراعلیٰ پنجاب اور وزیر ٹرانسپورٹ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کریک ڈاؤن کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

امریکا اور سائبیریا میں سورج گرہن دیکھا جاسکے گا جبکہ سال 2025 میں دوسرا سورج گرہن 21 سے 22 ستمبر کے درمیان ہوگا۔ ماہر فلکیات نے بتایا کہ زمین پر سورج گرہن اُس وقت ہوتا ہے جب چاند گردش کے دوران سورج اور زمین کے درمیان میں آجاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

سیاسی جماعت ہے جو ملک کو مسائل کے بھنور سے نکالنے کی تدابیر کر رہی ہے پارٹی صدر میاں محمد نواز شریف عوام دوست اور محب وطن لیڈر ہیں جو پاکستان کو معاشی طور پر ایشین ٹائیگر بنانے کا پختہ عزم رکھتے ہیں میاں نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب میں وزیراعلی نے عوامی خدمت کی نئی مثال رقم کی اور صوبہ کی ترقی کے سنہرے دور کا آغاز کیا ہے۔عوامی خوشحالی اور بہتری کیلئے ن لیگ عوام دوست پالیسیوں کے تسلسل کو یقینی بنانے اور درست اقتصادی ترجیحات کا تعین کرنے کیلئے تمام صلاحیتیں بروئے کار لا رہی ہے انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانی عوام ملکی ترقی وعوامی خوشحالی کی جدوجہد میں حکومت کا بھرپور ساتھ دے تاکہ ملک کو غیر مستحکم کرنیکی سازشوں کو ناکام بنایا جاسکے 'موجودہ حکومت ملک کو خود کفیل وترقی یافتہ بنانا چاہتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

گیشن سید ذیشان رضا نے قتل کی اس سنگین واردات کا نوٹس لیا تھا اور ایس پی صدر انویسٹی گیشن کی سربراہی میں پولیس کی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی تھی۔ انچارج انویسٹی گیشن تھانہ ٹاؤن شپ نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرکے ملزم نایاب عرف احمد کو گرفتار کرلیا۔ انچارج انویسٹی گیشن ٹاؤن شپ عبدالرحمٰن خاور کے مطابق ملزم نے سگے بھتیجے 9 سالہ ابراہیم کو بدفعلی کے بعد گلے میں رسی کا پھندا ڈال کر بے دردی سے قتل کیا اور لاش ملنے سے لے کر تدفین تک تمام کارروائی میں گھر والوں کے ساتھ ساتھ رہا۔انچارج انویسٹی گیشن کے مطابق ملزم کو جدید ٹیکنالوجی سمیت پیشہ ورانہ صلاحیت کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا گیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا شاہ کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف مضبوط چالان مرتب کرکے سخت سزا دلوائی جائے گی، قانون شکن عناصر سے آہنی ہاتھوں کے ساتھ نمٹا جائے گا۔ایس ایس پی انویسٹی محمد نوید نے کیس کو کامیابی سے حل کرنے پر پولیس ٹیم کے لیے تعریفی اسناد کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

حمد ونعت، درود وسلام کی بابرکت تقریبات منعقد کی گئیں، اس رات شب بیداری اور اہل اسلام نے رات بھر عبادت، ذکر اذکار اور نوافل ادا کیے اس موقع پر علمائے کرام نے قرآن پاک کے نزول اور اس کی قدرو منزلت پر روشنی ڈالی جبکہ ملکی سلامتی وخوشحالی، استحکام، دہشتگردی کے خاتمے اور امت مسلمہ کے اتحاد و سربلندی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں مساجد کو برقی قمقموں کے ساتھ خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا۔ ملک بھر میں شب قدر کے موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے مساجد، امام بارگاہوں، شاپنگ ایریاز اور مختلف شاہراہوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی۔ لیل القدر رمضان المبارک کی آخری دس طاق راتوں میں سے ایک نہایت ہی بابرکت رات ہے جسے شب قدر اور برکت والی رات کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے اس رات میں عبادت کرنے کی بہت تاکید کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ جاں بحق ہونے والے نوجوانوں کی لاشوں کو ضروری کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے شواہد اکٹھے کرکے حادثے کی تحقیقات شروع کردیں۔

بقیہ بقیہ جات 47

فوری طور پر موقع پر پہنچے اور امدادی کارروائیاں شروع کیں۔ بس میں پھنسے زخمیوں کو نکال کر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی اور انہیں قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ جاں بحق ہونے والے پانچ مسافروں کی لاشوں کو ٹراما سینٹر کلر کہار منتقل کر دیا گیا۔ حکام کے مطابق زخمیوں میں سے چار افراد کی حالت تشویشناک ہے۔ موٹروے پولیس نے تمام احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے حادثے کے مقام کو محفوظ کر لیا ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق حادثہ ڈرائیور کی غفلت اور لاپرواہی کے باعث پیش آیا ہے، تاہم حتمی وجہ کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ہسپتالوں کے روزانہ کی بنیاد پر دورے کئے جا رہے ہیں۔ ہسپتالوں کا دورہ کر کے مریضوں سے طبی سہولیات بارے براہ راست فیڈ بیک لیا جارہا ہے۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے مریضوں کی آسانی کیلئے او پی ڈی کی لفٹ فوری طور پر فعال کرنے کی ہدایت کی۔صوبائی وزیر صحت نے پی آئی سی میں ادویات کی فہرستیں اور ڈیوٹی روسٹرز آویزاں کرنے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ بقیہ جات 49

ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ دو تین روز بعد رمضان المبارک گزر جائیگا۔رمضان المبارک میں کی گئی عبادات کی مشق کو پورا سال اپنے زندگی کا حصہ بنایا ہوگا پھر جا کر دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل ہوں گی۔امیر لاہور نے کہا کہ عید الفطر کسی کو اپنی خوشیوں میں شریک کرنے یا خود کو دوسروں کی خوشیوں میں شریک کرنے کا نام ہے، یہ دن خوشیاں بانٹنے اور معاشرے کے محروم طبقات کے لیے ایثار و قربانی کا دن ہے، عیدالفطر کے دن کا تقاضا ہے کہ ہم ضرورت مندوں، ناداروں، غریبوں اور محتاجوں کی بھرپور مدد کرتے ہوئے انہیں بھی عید کی خوشیوں میں شامل ہونے کا موقع فراہم کریں کیونکہ عید کی حقیقی خوشی تب ہی مل سکتی ہے جب ہم دوسروں کو بھی اپنی خوشی میں شریک کریں۔انہوں نے کہا کہ عید کے موقع پر خلق خدا کی خدمت اور عوام کو اپنی خوشیوں میں شریک کرنا ہی نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہے، اللہ تعالیٰ نے صاحب نصاب مسلمانوں پر زکوۃ اور صدقہ فطر واجب کر کے یہ آفاقی پیغام دیا ہے کہ غریبوں اور مصیبت زدہ انسانوں کو عام حالات میں اور بالخصوص عید کی خوشیوں میں اپنی زکوۃ وصدقات اور خیرات کے ذریعے شامل کیا جائے یہی رمضان المبارک کا پیغام بھی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

اور شیخوپورہ ریجن کے 26 تھانے سولر سسٹم پر منتقل کیے جاچکے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ کچھ ایریا کی تمام پولیس چوکیوں اور کیمپس کو بھی سولر سسٹم پر منتقل کیا جاچکا ہے۔ پنجاب پولیس کے دیگر تمام پولیس تھانوں اور چوکیوں کو بتدریج سولر سسٹم پر منتقل کرنے کا پلان تشکیل دے جاچکا ہے۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پنجاب پولیس کے تمام دفاتر، تھانوں اور چوکیوں کو اسی سال سولر سسٹم پر منتقل کردیا جائے گا۔ سولر سسٹم پر منتقلی سے پنجاب پولیس کو ماہانہ کروڑوں روپے الیکٹرسٹی بلوں کی مد میں بچت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 51

گرام منشیات برآمد کرلی گئی۔ اینٹی نارکوٹکس فورس نے ڈاکر کیپ چاغی کے غیر آباد علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے 2311 کلو چرس اور 66 کلو افیون برآمد کرلی۔ علاوہ ازیں مستونگ میں دشت کے پہاڑی علاقے سے 105 کلو چرس برآمد ہوئی جب کہ حیدر آباد میں ہوٹل کے قریب ملزم سے 18 کلو چرس برآمد کی گئی۔ علاوہ ازیں فیض پور انٹرچینج جڑانوالہ لاہور کے قریب ملزم کے سفری بیگ میں چھپائی گئی 12 کلو چرس برآمد کرلی گئی۔ اُدھر کراچی انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل سے عمان بھیجے جانے والی الیکٹرک موٹر سے 8.970 کلو گرام آئس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ دریں اثناء چوہڑ چوک بس اسٹاپ راولپنڈی کے قریب گاڑی سے 6 کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ ایم ون موٹر وے اسلام آباد کے قریب خاتون سمیت ملزم کے قبضے سے 600 گرام افیون اور 540 گرام آئس برآمد کی گئی۔ اسی طرح پشاور میں کوریئر آفس سے لاہور بھیجے جانے والے 4 پارسلز سے مجموعی طور پر 150 گرام افیون اور 1.850 کلو چرس برآمد ہوئی۔ تمام کارروائیوں میں گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال فروری کے مقابلہ میں 19 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ سال فروری میں خام تیل کی درآمدات پر 374 ملین ڈالرز زرمبادلہ خرچ ہوا تھا۔ جنوری کے مقابلہ میں فروری میں خام تیل کی درآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر دو فیصد اضافہ ہوا ہے۔ جنوری میں خام تیل کی درآمدات پر 436 ملین ڈالر خرچ ہوئے تھے، واضح رہے کہ جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں پیٹرولیم مصنوعات کی مجموعی درآمدات کا حجم 10.70 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا ہے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 10.57 ارب ڈالر کے مقابلہ میں 1.2 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

ننکانہ کو پھولوں اور پھلوں کا شہر بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، ضلعی انتظامیہ رواں سال میں 03 لاکھ پودے لگانے کا ٹارگٹ اچیو کرے گی، ڈپٹی کمشنر نے رمضان سہولت بازار میں مختلف سٹالوں پر اشیا کی کوالٹی اور ریٹ لسٹ کی تنصیب کا بھی جائزہ لیا، انہوں نے تعینات عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی سمیت اشیاء سٹاک کو بھی چیک کیا۔

بقیہ بقیہ جات 54

کیپشن میں لکھا ہے کہ نیول فورس، رائل بوٹس کمانڈ اور میری ٹائم کاؤنٹر ٹیررازم ٹیم کے ساتھیوں کے ساتھ عقبہ میں افطار۔ حسین بن عبداللہ کا عقبہ میں جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین، نیول فورس اور رائل بوٹس کمانڈ کے کمانڈر اور میری ٹائم کاؤنٹر ٹیررازم ٹیم کے سربراہ میجر جنرل یوسف حنیتی نے استقبال کیا۔ حسین بن عبداللہ نے افطار کے بعد اس تقریب میں موجود ساتھیوں کے ساتھ نماز مغرب بھی ادا کی۔

بقیہ بقیہ جات 55

ش کو ضروری کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس نے واقعہ کی تحقیقات اور ملزموں کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 56

، بات چیت اور رویے پر اثر انداز ہوتا ہے، آٹزم سے متاثرہ افراد کو دوسروں کے ساتھ بات چیت کرنے، جذبات کے اظہار اور حالات کو سمجھنے میں مشکلات پیش آسکتی ہیں، بعض اوقات یہ افراد کسی مخصوص چیز میں غیر معمولی مہارت رکھتے ہیں، مگر عمومی سماجی رویوں میں ان کے لیے مشکلات پیدا ہوسکتی ہیں، دنیا بھر میں آٹزم کی شرح میں اضافہ ہو رہا ہے اور یہ کسی بھی نسل، علاقے یا سماجی حیثیت سے تعلق رکھنے والے افراد کو متاثر کر سکتا ہے، عالمی یوم آٹزم آگاہی کے موقع پر مختلف ممالک میں سیمینار، آگاہی واکس اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا جاتا ہے تاکہ لوگوں کو آٹزم کے بارے میں مزید معلومات دی جاسکیں اور یہ شعور اجاگر کیا جاسکے کہ آٹزم کے شکار افراد بھی عام انسانوں کی طرح معاشرے کا حصہ ہیں، اس دن نیلے رنگ کو آٹزم آگاہی کی علامت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور دنیا بھر میں مشہور عمارتوں کو نیلی روشنیوں سے روشن کیا جاتا ہے تاکہ اس مسئلے پر توجہ مبذول کرائی جا سکے، پاکستان میں بھی آٹزم سے متعلق آگاہی کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے، کیونکہ یہاں اس بارے میں شعور کی کمی ہے اور اکثر والدین کو دیر سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا بچہ آٹزم سے متاثر ہے، اس کی جلد تشخیص اور بروقت مدد سے آٹزم سے متاثرہ بچوں کو بہتر زندگی گزارنے کے قابل بنایا جاسکتا ہے، ماہرین کے مطابق والدین اور اساتذہ کو چاہیے کہ وہ آٹزم کے بارے میں بنیادی معلومات حاصل کریں اور آٹزم سے متاثرہ بچوں کے لیے زیادہ دوستانہ اور سپورٹیو ماحول فراہم کریں تاکہ وہ بھی ایک عام اور خوشگوار زندگی گزار سکیں، عالمی یوم آٹزم آگاہی کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ دنیا بھر میں معاشرتی سطح پر تعاون سے اس نیورولوجیکل عارضے کے بارے میں مثبت رویہ اپنایا جائے اور آٹزم کے شکار افراد کو قبول کرتے ہوئے ان کی صلاحیتوں کو سراہا جائے تاکہ وہ بھی معاشرے کے اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

ہے، میں نے پہلے بھی سیاست حلقے کی فلاح و بہبود کیلئے کی اور دوستوں کی مشاورت سے سیاسی مستقبل کے بارے عید الفطر کے بعد بڑا فیصلہ کروں گا، حلقے کی عوام کو بے وقوف بنانے کا وقت گزر چکا ہے، سیاسی مخالفین کسی بھول میں نہ رہیں، مجھے عوام کی بھرپور حمایت حاصل ہے، آج کے افطار ڈنر نے ثابت کر دیا کہ عوام میرے ساتھ ہیں اور میں بھی اپنے ساتھیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 58

ہے کہ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز نے نظر بندی قانون کے سیکشن 3 کی معطلی کے کیس کی جلد سماعت کیلئے متفرق درخواست دائر کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 59

ڈی پی او نے بتایا کہ وہ 37 شہدا کے وارث ہیں اور ان کی قربانیاں کسی صورت رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کی بدولت ہی ہمارا معاشرہ محفوظ اور روشن مستقبل کی جانب گامزن ہے۔ اس موقع پر شہدا کے اہلخانہ میں عید کے تحائف اور بچوں میں نقد انعامات تقسیم کئے گئے بلکہ شہدا کے بچوں میں نقد انعامات تقسیم کیے گئے۔ آخر میں شہیدا کے لئے بلند درجات کی دعا کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 60

طیاروں کی کلیئرنس کے دوران صرف ضرورت کے تحت متعلقہ ایئرکرافٹ انجینئرز اور عملہ ہی طیارے کی تصاویر یا ویڈیو بنانے کا اہل ہوگا، خلاف ورزی کی صورت میں ایئرلائن ملازمین، گراؤنڈ ہینڈلنگ اسٹاف سمیت ملوث ملازمین کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پابندی پی آئی اے کے طیارے کی تصاویر لیک ہونے کے بعد عائد کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

اندیشہ بھی ہے۔ اپریل فول دوسروں کے ساتھ عملی مذاق کرنے اور بے وقوف بنانے کا تہوار ہے اور اس کیلئے خاص دن یکم اپریل مقرر ہے۔ اپریل فول کی ابتدا یورپ سے ہوئی جس کو 1539ء میں عروج حاصل ہوا اور بعد میں اس نے تہوار کی شکل اختیار کرلی۔ یکم اپریل کو لوگ ایک دوسرے کو بے وقوف بنانے کی کوشش کرتے ہیں اور عملی مذاق میں حد سے بھی تجاوز کر جاتے ہیں جو کہ دوسروں کیلئے پریشانی کا باعث بنتا ہے۔ اپریل فول جنوبی ایشیاء میں بھی قدم جما چکا ہے

بقیہ بقیہ جات 62

کیا گیا۔ مذکورہ گینگ خواتین کو مفت عمرہ اور بیرون ملک پرکشش ملازمتوں کا جھانسہ دے کر انہیں سعودی عرب بھجواتا تھا۔ بعد ازاں گینگ خواتین کو زبردستی بھیک منگوانے اور جبری مشقت پر مجبور کرتا تھا۔ ملزم نے دیگر ساتھیوں کے ساتھ ملکر 5 خواتین کو سعودی عرب اسمگل کیا۔ ملزمان نے خواتین کو عمرہ کا جھانسہ دے کر سعودی عرب بھجوایا۔ ملزمان نے متاثرہ خواتین کو بھیک مانگنے پر مجبور کیا اور واپس بھجوانے کے لیے تاوان کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ملزمان خواتین سے فی کس 5 لاکھ روپے پاکستان واپس بھجوانے کے نام پر مطالبہ کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 63

۔واقعہ کے بعد زیادتی کا شکار خاتون اور اس کے شوہر کا ویڈیو بیان بھی سامنے آیا تھا۔ جس میں شوہر نے ایک ملزم علی شیر کو نامزد کیا تھا۔ جس پر پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے ملزم علی شیر کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے اعتراف جرم کر لیا ہے، واقعہ کے حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے۔ یاد رہے کہ فیصل آباد میں موٹروے کے قریب سڑک پر اجتماعی زیادتی کی گھناؤنی واردات سامنے آئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

مناسب نہ سمجھا۔ سرکاری نرخنامے میں آلو کچا چھلکا نیا درجہ اول کی قیمت 50 روپے مقرر کی گئی تاہم پوش علاقوں سمیت مختلف مقامات پر 70 سے 80 روپے کلو فروخت ہوا ،آلو کچا چھلکا نیا درجہ دوم 40 کی بجائے 50 سے 60، آلو کچا نیا چھلکا درجہ سوم 35 کی بجائے 40 سے 45 روپے، پیاز درجہ اول 50 کی بجائے 70، پیاز درجہ دوم 40 کی بجائے 50، پیاز درجہ سوم 30 کی بجائے 40، ٹماٹر درجہ اول 60 کی بجائے 80، ٹماٹر درجہ دوم 50 کی بجائے 70، ٹماٹر درجہ سوم 40 کی بجائے 50 روپے، لہسن دیسی نیا 250 کی بجائے 360 سے 380، لہسن چائنہ 600 کی بجائے 700 سے 740، لہسن جی ون 375 کی بجائے 400 سے 420، ادرک تھائی لینڈ 420 کی بجائے 460 سے 480، ادرک چائنہ 420 کی بجائے 470 سے 480، کھیرا فارمی 40 کی بجائے 60، میتھی 50 کی بجائے 65 سے 70، بینگن 60 کی بجائے 80 سے 90، بند گوبھی 40 کی بجائے 60، پھول گوبھی 30 کی بجائے 50، شملہ مرچ 65 کی بجائے 100 سے 120، بھنڈی 240 کی بجائے 260 سے 280، شلجم 30 کی بجائے 40، اروی 160 کی بجائے 180 سے 200، مٹر 110 کی بجائے 140 سے 150، کریلا 180 کی بجائے 200 سے 220، سبز مرچ 110 کی بجائے 150، ٹینڈیاں فارمی 50 کی بجائے 60، گھیا کدو 55 کی بجائے 70، پالک فارمی 40 کی بجائے 50، گاجر چائنہ 60 کی بجائے 100 سے 120، کچنار 330 کی بجائے 380 سے 400، گاجر دیسی 30 کی بجائے 40 روپے، لیموں چائنہ 110 کی بجائے 280 سے 300 روپے کلو تک فروخت کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 65

فوج راشٹریہ رائفلز، سینٹرل ریزرو پولیس فورس، بارڈر سکیورٹی فورس اور اسپیشل آپریشن گروپ کے اہلکار اتوار کے روز سے محاصرے اور تلاشی کی پرتشدد کارروائی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق بھارتی فورسز نے نوجوانوں کو ایک جعلی مقابلے میں عسکریت پسند قرار دے کر قتل کیا۔ اس سے قبل اسی علاقے میں ایک حملے میں 4 بھارتی فوجی ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے تھے

بقیہ بقیہ جات 66

اسٹینڈ سرگودھا پر کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے جو 24 گھنٹے کام کر رہا ہے۔ انہوں نے شہریوں سے کہا کہ وہ زیادہ کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے متعلق آگاہ کریں ان کی شکایات پر فوری بھرپور کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 67

کے علاقہ سلار والا روڈ پر ڈاکوؤں نے مزاحمت پر شہری کو فائر کر کے قتل کر دیا۔ عمران ساجد سلار والا سے اپنے گھر جارہا تھا کہ راستے میں اسے گولی مار کر قتل کیا گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس حکام جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ پولیس نے مقتول کی لاش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 68

ہے جہاں جنگلی حیات، جنگلات، دریاؤں اور دیگر ماحولیاتی نظام کا مؤثر تحفظ یقینی بنایا جاتا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ یہ مقامات نہ صرف قدرتی حسن اور حیاتیاتی تنوع کے لحاظ سے اہم ہیں بلکہ یہاں مقامی آبادی فطرت کے ساتھ ہم آہنگ زندگی گزارتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سنگ میل ماحول کے تحفظ، پائیدار ترقی اور سائنسی تحقیق کے فروغ میں ایک تاریخی پیش رفت ہے اور مقامات کو عالمی تحفظ کی فہرست میں شامل کرنا ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ یہ پیشرفت خیبر پختونخوا کے قدرتی وسائل کو محفوظ بنانے کے عزم کا ثبوت ہے جبکہ حکومت جنگلی حیات اور قدرتی وسائل کو مزید محفوظ بنانے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 69

اے ٹی اے فیصل آباد نے مجرم عبدالرحمان کیخلاف جنوری 2023 میں پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 70

حادثے کی وجوہات کا پتہ چلانے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 71

حمد ونعت، درود وسلام کی بابرکت تقریبات منعقد کی گئیں، اس رات شب بیداری اور اہل اسلام نے رات بھر عبادت، ذکر اذکار اور نوافل ادا کیے اس موقع پر علمائے کرام نے قرآن پاک کے نزول اور اس کی قدرو منزلت پر روشنی ڈالی جبکہ ملکی سلامتی وخوشحالی، استحکام، دہشتگردی کے خاتمے اور امت مسلمہ کے اتحاد و سربلندی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں مساجد کو برقی قمقموں کے ساتھ خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ

پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کی جارہی ہیں، انشاء اللہ سب کی اجتماعی کوششوں سے یہ نظام بہتر ہوگا، صوبائی وزیر صحت

مریضوں کی آسانی کیلئے او پی ڈی کی لفٹ فوری طور پر فعال کرنے کی ہدایت، ایم ایس ڈاکٹر عامر رفیق بٹ نے وزیر صحت کو مریضوں کو فراہم سہولتوں بارے آگاہ کیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کولیکشن سنٹر، ایمرجنسی، او پی ڈی، وزیر اعلیٰ کمپلینٹ کاؤنٹر، پرچی کاؤنٹرز، میڈیسن سٹور و دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر عامر رفیق بٹ بھی موجود تھے۔ خواجہ سلمان رفیق نے ایمرجنسی میں مریضوں سے ملاقات کی اور طبی سہولیات بارے فیڈ بیک لیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کی جارہی ہیں۔ انشاء اللہ سب کی اجتماعی کوششوں سے یہ نظام بہتر ہوگا۔ مریضوں کو ریلیف دینے کیلئے سب کو محنت کرنی ہوگی۔ حکومت سرکاری ہسپتال چلانے کیلئے ہر سال اربوں روپوں کے بجٹ فراہم کرتی ہے۔ ایم ایس حضرات مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں مریضوں سے طبی سہولیات بارے فیڈ بیک لے رہے ہیں

رمضان المبارک کے آخری چند ایام سراپا بخشش و مغفرت ہیں ضیاالدین انصاری

عید نام ہے خوشیوں کا اور اپنی خوشیوں میں دوسروں کو شریک کرنے ہے، رمضان المبارک میں کی گئی عبادات کی مشق کو پورا سال اپنے زندگی کا حصہ بنایا ہوگا

عید کی حقیقی خوشی تب ہی مل سکتی ہے جب ہم دوسروں کو بھی اپنی خوشی میں شریک کریں، امیر جماعت اسلامی لاہور ایڈووکیٹ کا افطار ڈنر تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کے آخری چند ایام سراپا بخشش و مغفرت ہیں۔ ویسے تو رمضان المبارک کا پورا مہینہ ہی اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور برکتوں سے لبریز ہے۔ لیکن اس کے آخری دس دن تو بہت ہی زیادہ فضیلت کے حامل ہیں اس میں ہر قسم کی خیر و برکت کی انتہاء ہے۔ بلاشبہ یہ ماہ مبارک صیام و قیام پہ اجر جزیل اور گناہوں کی مغفرت کے ساتھ اپنے اندر نیکیوں پہ بے حد حساب اجر و ثواب رکھتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے دفتر میں تحریک محنت لاہور کے زیر اہتمام افطار ڈنر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ افطار ڈنر تقریب میں صدر تحریک محنت وسطی پنجاب میراج الدین طاہر، صدر تحریک محنت لاہور، سیکرٹری نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان سمیت دیگر نے شرکت کی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

RAMADAN IFTAR MEALS
PAKISTAN
WWW.HAYATAID.ORG
Organized by: Tehreek-e-Mehnat Pak... Lahore

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ تحریک محنت کے زیر اہتمام افطار ڈنر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

شیخوپورہ، ٹرک اور موٹر سائیکل میں تصادم سے 2 نوجوان جاں بحق

مزدہ ٹرک یوٹرن لے رہا تھا پیچھے سے آتے ہوئے موٹر سائیکل سوار تیز رفتاری کے باعث ٹرک سے ٹکرا گئے

شیخوپورہ (این این آئی) شیخوپورہ کے علاقہ فیروز وٹواں میں مزدہ ٹرک اور موٹر سائیکل میں تصادم سے 2 نوجوان جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق فیروز وٹواں کے قریب مزدہ ٹرک یوٹرن لے رہا تھا کہ پیچھے سے آتے ہوئے موٹر سائیکل سوار تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر ٹرک سے ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں 26 سالہ شرافت اور 22 سالہ مان موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

پنجاب پولیس سولر انرجی سے استفادہ کرنیوالے صوبائی محکموں میں سب سے آگے

پنجاب پولیس کے تمام تھانوں، چیک پوسٹوں اور دفاتر کو سولر سسٹم پر منتقل کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے

369 پولیس سٹیشنز اور 03 پی ایچ پی چیک پوسٹوں کو سولر سسٹم پر منتقل کیا جا چکا ہے، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس سولر انرجی سے استفادہ حاصل کرنے والے صوبائی محکموں میں سب سے آگے ہے۔ پنجاب پولیس کے تمام تھانوں، چیک پوسٹوں اور دفاتر کو سولر سسٹم پر منتقل کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ 369 پولیس سٹیشنز اور 03 پی ایچ پی چیک پوسٹوں کو سولر سسٹم پر منتقل کیا جا چکا ہے۔ گوجرانوالہ ریجن کے 80، سرگودھا 49، لاہور 45، بہاولپور 41 اور راولپنڈی کے 40 تھانے سولر انرجی سسٹم پر منتقل کیے جا چکے ہیں اسی طرح ڈی جی خان کے 32، ساہیوال 30، فیصل آباد 26 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

SPECIAL INITIATIVE
POLICE STATION SADDAR CHAKWAL

پنجاب پولیس کے تھانوں، چیک پوسٹوں اور دفاتر کو سولر سسٹم پر منتقل کرنے کا عمل تیزی سے جاری

وزیر صحت کا پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ

وزیر اعلیٰ کمپلینٹ کاؤنٹر، پرچی کاؤنٹرز، میڈیسن سٹور، دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کولیکشن سنٹر، ایمرجنسی، او پی ڈی، وزیر اعلیٰ کمپلینٹ کاؤنٹر، پرچی کاؤنٹرز، میڈیسن سٹور و دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر عامر رفیق بٹ بھی موجود تھے۔ خواجہ سلمان رفیق نے ایمرجنسی میں مریضوں سے ملاقات کی اور طبی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

عالمی یومِ ”آٹزم آگاہی“ 2 اپریل کو منایا جائے گا

نیلا رنگ علامت، آٹزم آگاہی کیلئے سیمینار، واکس اور تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) دنیا بھر میں ہر سال 2 اپریل کو عالمی یوم آٹزم آگاہی منایا جاتا ہے، جس کا مقصد آٹزم سے متاثرہ افراد اور ان کے اہل خانہ کے مسائل کو اجاگر کرنا اور معاشرے میں شعور پیدا کرنا ہے۔ یہ دن 2007 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی جانب سے باضابطہ طور پر منظور کیا گیا تھا تاکہ دنیا بھر میں آٹزم کے بارے میں آگاہی بڑھائی جا سکے اور اس سے متاثرہ افراد کے حقوق کو تسلیم کیا جا سکے، ماہرین کے مطابق آٹزم ایک نیورولوجیکل یعنی اعصابی عارضہ ہے جو انسان کی سماجی روابط (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

فیصل آباد میں خاتون کی قابل اعتراض تصاویر

ویڈیوز شیئر کرنے پر مجرم کو 11 سال قید کی سزا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں خاتون کی قابل اعتراض تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر شیئر کرنے کے کیس میں جرم ثابت ہونے پر عدالت نے مجرم کو پیکا ایکٹ کے تحت 11 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی۔ ایڈیشنل سیشن جج سپیشل کورٹ اینٹی ریپ فیصل آباد نے کیس کا فیصلہ سنایا، مجرم عبدالرحمان کو 5 لاکھ روپے معاوضہ متاثرہ خاتون کو ادا کرنے کا بھی حکم دیا۔ ایف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

سال 2025ء کا پہلا جزوی

سورج گرہن 29 مارچ کو ہوگا

پاکستان میں نظر نہیں آئے گا

مکوآنہ (این این آئی) سال 2025ء کا پہلا جزوی سورج گرہن 29 مارچ کو ہوگا، پاکستان میں نظر نہیں آئے گا۔ سورج گرہن کا آغاز پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر 1 بجکر 50 منٹ پر ہوگا، سورج گرہن کا اختتام شام 5 بجکر 43 منٹ پر ہوگا۔ ماہر فلکیات کا کہنا ہے کہ رواں سال کا پہلا سورج گرہن پاکستان میں دکھائی نہیں دے گا، نارتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

گلیات اور چترال کا گرم چشمہ عالمی سطح پر بایوسفیئر ریزرو قرار

کے پی حکومت جنگلی حیات اور قدرتی وسائل کو محفوظ بنانے کے لئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے یونیسکو نے خیبر پختونخوا کے گلیات اور چترال بشقار گرم چشمے کو عالمی سطح پر بایوسفیئر ریزرو کا درجہ دے دیا ہے۔ ترجمان کے پی حکومت بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے دو قدرتی مقامات کو عالمی حیثیت اور پہچان مل گئی ہے۔ جس میں گلیات اور چترال گرمہ چشمہ بایوسفیئر ریزرو بن گئے ہیں۔ یونیسکو یہ درجہ ان قدرتی علاقوں کو دیتا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

قلات، دو بسوں کے درمیان تصادم، 6 افراد جاں بحق، 20 زخمی

دونوں بسیں تیز رفتاری کے باعث آپس میں ٹکرا گئیں، زخمیوں کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو قلات منتقل کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) ضلع قلات کے علاقے ریج میں دو بسوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق، 20 سے زائد افراد زخمی ہو گئے۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب دونوں بسیں تیز رفتاری کے باعث آپس میں ٹکرا گئیں۔ زخمیوں کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو قلات منتقل کیا گیا۔ ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے، جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ لیویز ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

عیدالفطر، پردیسیوں کی گھروں کو واپسی شروع، ٹرانسپورٹ مافیا سرگرم

فیملیوں کے ساتھ رہنے والوں نے رش سے بچنے کے لئے اپنے آبائی علاقوں کو واپسی شروع کر دی

لاہور (این این آئی) عیدالفطر اپنے پیاروں کے ساتھ منانے کے لئے پردیسیوں کی گھروں کو واپسی کا سلسلہ شروع ہو گیا جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ٹرانسپورٹ مافیا سرگرم ہو گیا اور من مانے کرائے کی وصولی کی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سرکاری ملازمتوں اور کاروبار کے سلسلہ میں دوسرے صوبوں اور پنجاب کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد انفرادی طور پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

لاہور: سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر ریسکیو ہیڈکوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

متحدہ علماء محاذ کے تحت یوم القدس جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

مختلف مکاتب فکر کے 300 سے زائد علماء مشائخ نے غزہ فلسطین پر مسلسل اسرائیلی بمباری، جبری بے دخلی کی شدید مذمت کی

بیت المقدس کی حفاظت کیلئے اسرائیلی و امریکی دھمکیوں کیخلاف سر سے کفن باندھ کر میدان عمل میں نکلنا ہوگا، علماء مشائخ

کراچی (این این آئی) متحدہ علماء محاذ پاکستان کے زیر اہتمام بانی اسلامی انقلاب ایران آیت اللہ امام خمینی کے فرمان پر قبلہ اول بیت المقدس پر اسرائیلی غاصبانہ قبضہ اور انسانیت سوز وحشیانہ جارحیت کے خلاف آزادی القدس اور فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے جمعۃ الوداع کو یوم القدس جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس موقع پر محاذ میں شامل مختلف مکاتب فکر کے 300 سے زائد علماء مشائخ نے غزہ فلسطین پر مسلسل اسرائیلی بمباری، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

مقبوضہ کشمیر: بھارتی فوجیوں کے ہاتھوں 3 کشمیری نوجوان شہید

بھارتی فورسز نے نوجوانوں کو ایک جعلی مقابلے میں عسکریت پسند قرار دیکر قتل کیا

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی میں ضلع کٹھوعہ میں 3 کشمیری نوجوانوں کو شہید کر دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فوجیوں نے نوجوانوں کو ضلع میں راجباغ کے علاقے گھاٹی جوتھانہ کے گاؤں جاکھول میں محاصرے اور تلاشی کی پرتشدد کارروائی کے دوران شہید کیا۔ علاقے میں بھارتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

لاہور: صوبائی دارالحکومت میں لوگوں کی بڑی تعداد القدس ریلی میں شریک ہیں

فیصل آباد میں مبینہ ڈکیتی مزاحمت پر

خاتون کو قتل کر دیا گیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پیپلز کالونی کے علاقے میں مبینہ ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے خاتون جاں بحق ہو گئی۔ مسلح ڈاکوؤں نے گھر میں گھس کر ڈکیتی میں مزاحمت کرنے پر فائرنگ کر کے 30 سالہ مہوش کو موت کے گھاٹ اتارا، ملزم واردات کے بعد موقع سے فرار ہو گئے، واقعہ کی اطلاع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

مہنگائی کیخلاف سرکاری مشینری موثر کریک ڈاؤن نہ کر سکی

اوپن مارکیٹوں، گلی محلے میں پھل، سبزیاں من مانے نرخوں پر فروخت ہوئے، دکانداروں نے سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں کرنا بھی مناسب نہ سمجھا

حکومت کے زیر انتظام بازاروں میں مقررہ نرخوں پر فروخت، کئی مقامات پر معیار، پھل اور سبزیاں دوپہر سے پہلے ختم ہونے کی شکایات

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک کے آخری عشرے میں بھی سرکاری مشینری موثر کریک ڈاؤن نہ کر سکی جس کی وجہ سے شہر کی اوپن مارکیٹوں خصوصاً گلی محلے کی سطح پر دکانداروں نے پھل اور سبزیاں من مانے نرخوں پر فروخت کرنے کا سلسلہ جاری رکھا، کیرج شاپ، جی ٹی روڈ، گڑھی شاہو، باغبانپورہ، راوی روڈ، دھرمپورہ، مزنگ، اسلامپورہ سمیت کئی مقامات پر دکانداروں نے سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں کرنا بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

فیصل آباد/ تاندلیانوالہ: سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان حلقہ این اے 97 کے دورے کے دوران اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

مریدوالا انٹرچینج پر جلد کام شروع ہونے کی خوشخبری سنائیں گے، ہمایوں اختر خان

عہدے اہمیت نہیں رکھتے، اس کے بغیر بھی عوام کی خدمت کی اور کر رہے ہیں، سابق وفاقی وزیر

فیصل آباد/ تاندلیانوالہ/ ماموں کانجن (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ حلقے کی دہائیوں کی محرومیاں دور کرنے کے لئے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لا رہے ہیں، مریدوالا انٹرچینج پر جلد کام شروع ہونے کی خوشخبری سنائیں گے، جو وعدے کیے ہیں ان شاء اللہ عوام انہیں بتدریج پورا ہوتا دیکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے دورہ کے دوران ملاقاتوں کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ تحصیل بناؤ تحریک ماموں کانجن کے بانیان چوہدری محمد رضوان کاہلوں اور چوہدری محمد عثمان کاہلوں کی جانب سے سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان کے اعزاز میں افطار ڈنر بھی دیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء کی جانب سے علاقے کی ترقی کیلئے کاوشیں کرنے پر ہمایوں اختر خان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

پنجاب پولیس رحیم یار خان کچہ کریمنلز کیخلاف ان ایکشن

رحیم یار خان پولیس کا روجھان سے ملحقہ کچہ کراچی کے علاقے میں کریمنلز کے خلاف آپریشن

رحیم یار خان پولیس نے کریمنلز کے ٹھکانے جلا دیئے، 02 ڈاکوؤں کے زخمی ہونے کی اطلاعات

لاہور/ رحیم یار خان (خبر نگار، کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس رحیم یار خان کی کچہ کریمنلز کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں جس کے تسلسل میں پنجاب پولیس رحیم یار خان نے روجھان سے ملحقہ کچہ کراچی کے علاقے میں کریمنلز کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے کریمنلز کے ٹھکانے جلا دیئے جبکہ 02 ڈاکوؤں کے زخمی ہونے کی اطلاعات بھی ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ پولیس کچہ کریمنلز کے ٹھکانوں میں گھس گئی اور شدید فائرنگ سے ڈاکو ٹھکانے چھوڑ کر سندھ کی جانب فرار ہونے پر مجبور ہو گئے۔ پولیس نے تمام علاقے کا گھیراؤ کر لیا اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے رحیم یار خان پولیس کو شاباش دی اور کہا کہ کچہ سے شرپسند اور دہشت گرد عناصر کا خاتمہ کر کے دم لیں گے۔

پنجاب پولیس رحیم یار خان کی کچہ کریمنلز کے خلاف کارروائیاں جاری، کریمنلز کے ٹھکانے جلا دیئے گئے اور بکتر بند گاڑیوں سے پیش قدمی کی جا رہی ہے

لاہور ہائیکورٹ نے کتا مار مہم کے خلاف حکم امتناع جاری کر دیا

اینیمل برتھ کنٹرول پالیسی کے برعکس کتوں کو مارنے کا عمل فوری روکا جائے، تحریری حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے لاہور ڈویژن میں کتا مار مہم روکنے کے کیس کا تحریری حکم جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے کتا مار مہم کے خلاف حکم امتناع جاری کر دیا۔ جسٹس شاہد کریم نے ایرج حسن سمیت دیگر کی درخواست پر ایک صفحے کا تحریری حکم جاری کیا۔ درخواست گزاروں کی جانب سے التمش سعید ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے، درخواست میں اینیمل برتھ کنٹرول پالیسی پر عملدرآمد کی استدعا کی گئی۔ تحریری حکم کے مطابق اینیمل برتھ کنٹرول پالیسی کے برعکس کتوں کو مارنے کا عمل فوری روکا جائے، عدالتی حکم کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، سرکاری وکیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

حیدرآباد: ایک لڑکی مقامی مارکیٹ میں عیدالفطر کیلئے جیولری خرید رہی ہیں

نظربندی قانون کی معطلی کے خلاف لارجر بنچ تشکیل دینے کا حکم

7 اپریل کو نظربندی قانون کے سیکشن کے خلاف لارجر بنچ سماعت کرے گا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نظربندی قانون کی معطلی کے خلاف لارجر بنچ تشکیل دینے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ فیصلے کے مطابق 7 اپریل کو نظربندی قانون کے سیکشن کے خلاف لارجر بنچ سماعت کرے گا۔ یادر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

پاکستان کے تمام ایئرپورٹس پر فوٹوگرافی اور ویڈیو بنانے پر پابندی عائد

آپریشنل، ایپرن ایریا، طیاروں کی مینٹیننس کی جگہوں پر پابندی کا اطلاق ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان کے تمام ایئرپورٹس کے آپریشنل ایریاز، ایپرن ایریا اور طیاروں کی مینٹیننس کی جگہوں پر فوٹوگرافی اور ویڈیو بنانے پر پابندی عائد کر دی گئی۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے تمام ایئر لائنز اور ایوی ایشن کمپنیز کو مراسلہ جاری کر دیا۔ مراسلے کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

نارووال: جمعۃ الوداع کے موقع پر فیضان مدینہ میں نمازی بیان سن رہے ہیں

سرگودھا پولیس کا بہادر سپوتوں کو خراج

تحسین پیش کرنے کیلئے 37 شہداء کی

فیملیز کے اعزاز میں افطار ڈنر

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس نے بہادر سپوتوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے 37 شہداء کی فیملیز کے اعزاز میں افطار ڈنر میں عید کے تحائف اور بچوں میں نقد انعامات تقسیم کیے گے۔ جس میں آر پی او محمد شہزاد آصف خان، کمشنر محمد جہانزیب اعوان، وفاقی وزیر صحت مختار احمد بھرتھ، ڈی پی او محمد صہیب اشرف، ڈپٹی کمشنر محمد وسیم نے شہدا پولیس کی فیملیز کو خوش آمدید کہتے ہوئے شہدا کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پولیس کے شہدا ہمارا فخر ہیں اور ان کی فیملیز کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

خبردار! یکم اپریل کو دنیا بھر میں اپریل

فول ڈے منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) خبردار! یکم اپریل کو دنیا بھر میں اپریل فول ڈے منایا جائے گا۔ کوئی آپ کو غلط اطلاع دے کر پریشان بھی کر سکتا ہے اس لیے محتاط رہیے۔ یکم اپریل کو دوستوں، عزیز رشتہ داروں اور پڑوسیوں کی جانب سے آنیوالی کسی بھی اطلاع، موبائل کال یا خبر پر یقین کرنے سے پہلے اس کی تحقیق کر لی جائے کیونکہ غیر سنجیدہ لوگوں کی جھوٹی حرکت سے آپ کو شرمندگی اور نقصان پہنچنے کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

میاں نواز شریف عوام دوست اور محبّ وطن لیڈر ہیں، علی طارق چیمہ

پنجاب میں وزیر اعلیٰ نے عوامی خدمت کی نئی مثال رقم کی، کوآرڈینیٹر پی پی 132

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما کوآرڈینیٹر پی پی 132 چوہدری علی طارق چیمہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے ترقیاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں تیزی سے جاری انفراسٹرکچر منصوبے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لا رہے ہیں۔ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب بھر میں سڑکوں، پلوں، ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں کی تعمیر و ترقی کا سلسلہ جاری ہے، جس سے نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا ہو رہے ہیں بلکہ عوام کو بنیادی سہولیات بھی میسر آ رہی ہیں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن ہمیشہ عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور مریم نواز کی قیادت میں ترقی و خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) ملک کی سب سے بڑی اور نمائندہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

موٹر وے ایم ٹو کلر کہار بس حادثے کا شکار، 5 افراد جاں بحق

، زخمیوں میں سے چار کی حالت تشویشناک ہے، ابتدائی معلومات کے مطابق حادثہ ڈرائیور کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے پیش آیا

راولپنڈی سے وہاڑی جانے والی مسافر بس جس میں 30 سے زائد مسافر سوار تھے، کلر کہار پہنچنے پر ڈرائیور کے بے قابو ہونے سے بس الٹ گئی

راولپنڈی (این این آئی) موٹروے ایم ٹو پر کلر کہار کے قریب ایک مسافر بس حادثے کا شکار ہو کر الٹ گئی، جس کے نتیجے میں پانچ افراد جاں بحق اور 17 افراد زخمی ہو گئے ہیں، زخمیوں میں سے چار کی حالت تشویشناک ہے۔ حکام کے مطابق، راولپنڈی سے وہاڑی جانے والی مسافر بس جس میں 30 سے زائد مسافر سوار تھے، کلر کہار پہنچنے پر ڈرائیور کے بے قابو ہونے سے بس الٹ گئی۔ حادثے کے بعد ریسکیو 1122 اور موٹروے پولیس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

لاہور: خواتین عیدالفطر کے لئے انارکلی بازار سے خریداری کر رہی ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

ٹاؤن شپ میں 9 سالہ بچے سے بدفعلی اور قتل میں سگا چچا ملوث نکلا

ملزم نے سگے بھتیجے کو بدفعلی کے بعد رسی کا پھندا ڈال کر قتل کیا، لاش ملنے سے تدفین تک گھر والوں کے ساتھ رہا

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے ٹاؤن شپ میں 9 سالہ ابراہیم سے بدفعلی اور قتل کا معمہ حل ہو گیا، سگے چچا نے بدفعلی کے بعد بچے کو قتل کیا، پولیس نے ملزم نایاب عرف احمد کو گرفتار کر لیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق لاہور پولیس نے ٹاؤن شپ کے علاقے میں بدفعلی کے بعد قتل کیے گئے 9 سالہ ابراہیم کا کیس حل کر دیا، بچے کو بدفعلی کے بعد پھانسی دے کر قتل کیا گیا تھا۔ ڈی آئی جی انویسٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

ملک بھر میں شب قدر مذہبی عقیدت و احترام سے منائی گئی

دہشتگردی کے خاتمے اور امت مسلمہ کے اتحاد و سربلندی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں

ننکانہ صاحب (این این آئی) ملک بھر میں شب قدر مذہبی عقیدت و احترام سے منائی گئی۔ لیلۃ القدر 26 اور 27 رمضان المبارک بمطابق 27 اور 28 مارچ بروز جمعرات اور جمعۃ المبارک کی درمیانی شب انتہائی عقیدت و احترام اور مذہبی جوش و جذبے سے منائی گئی۔ شب قدر کے موقع پر ملک بھر کی مساجد میں نماز عشاء سے سحری تک ختم قرآن پاک، ذکر الٰہی کی خصوصی محافل، حسن قرات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

Eid
MUBARAK
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

عیدالفطر 2025 کے پرمسرت موقع پر روزنامہ ”قوت“ خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 29 مارچ 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تاکہ اچھی کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000 / 0300-4181870